capitalsun06@hotmail.com ★★★★★★★ Ph:0334-0800592

ABC CERTIFIED حکومت پاکستان، آڈٹ آف بیورو سرکولیشن سے باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

DAILY AYE DIN ISLAMABAD

مستند قومی اخبار

روزنامہ آئے دن اسلام آباد

گروپ ایڈیٹر: عابد رضا راجہ ایڈیٹر: راؤ محمد طاہر

جلد نمبر 12 | بدھ 26 ربیع الاول 1448ھ 09 ستمبر 2026ء 25 بھادوں۔۔ صفحات 4 قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر 3

بھارت کے یکطرفہ اقدامات متنازع جموں وکشمیر کی حیثیت تبدیل نہیں کرسکتے، پاکستان

جموں وکشمیر کا تنازع اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کے ایجنڈے پر موجود بین الاقوامی تنازعات میں سے ایک ہے، جموں وکشمیر تنازع اقوام متحدہ سلامتی کونسل کے ایجنڈے پر موجود قدیم ترین تنازعات میں شامل ہے

جموں وکشمیر کا حتمی فیصلہ کشمیری عوام کی آزادانہ اور غیر جانبدارانہ رائے شماری سے ہونا چاہیے، رائے شماری اقوام متحدہ کی نگرانی میں متعلقہ سلامتی کونسل کی قراردادوں کے مطابق ہونی چاہیے، اقوام متحدہ کے سرکاری نقشوں میں جموں وکشمیر کو متنازع علاقہ ظاہر کیا گیا

اسلام آباد: (دنیا نیوز) پاکستان نے جموں و کشمیر سے متعلق بھارت کے بے بنیاد دعوے مسترد کر دیئے۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق بھارت کے یکطرفہ اقدامات متنازع جموں وکشمیر کی حیثیت تبدیل نہیں کرسکتے، جموں وکشمیر کا تنازع اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کے ایجنڈے پر موجود بین الاقوامی تنازعات میں سے ایک ہے۔ انہوں نے کہا کہ جموں وکشمیر تنازع اقوام متحدہ سلامتی کونسل کے ایجنڈے پر موجود قدیم ترین تنازعات میں شامل ہے، جموں وکشمیر کا حتمی فیصلہ کشمیری عوام کی آزادانہ اور غیر جانبدارانہ رائے شماری سے ہونا چاہیے، رائے شماری اقوام متحدہ کی نگرانی میں متعلقہ سلامتی کونسل کی قراردادوں کے مطابق ہونی چاہیے۔ دفتر خارجہ کا کہنا تھا کہ اقوام متحدہ کے سرکاری نقشوں میں جموں وکشمیر کو متنازع علاقہ ظاہر (بقیہ نمبر 38)

اسحاق ڈار کا کویتی ہم منصب سے ٹیلی فونک رابطہ، علاقائی صورتحال پر گفتگو



اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے کویت کے وزیر خارجہ (بقیہ نمبر 6)

اعظم نذیر تارڑ نے راولپنڈی میں مسیحی خاتون کے قتل کا نوٹس لے لیا



اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر قانون وانسانی حقوق اعظم نذیر تارڑ نے راولپنڈی میں مسیحی خاتون (بقیہ نمبر 5)

جناح ہاؤس حملہ کیس، سابق رکن قومی اسمبلی حماد اظہر کا جسمانی ریمانڈ منظور



لاہور (این این آئی) انسداد دہشتگردی عدالت نے پی ٹی آئی رہنما اور سابق رکن قومی اسمبلی (بقیہ نمبر 4)

خواندگی ایک بااختیار معاشرے کی بنیاد ہے، بلاول بھٹو



کراچی/اسلام آباد/لاہور (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے کہا (بقیہ نمبر 3)

جدید ٹیکنالوجی اور مصنوعی ذہانت نئے دفاعی محاذ ہیں، احسن اقبال



اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی و خصوصی اقدامات پروفیسر احسن (بقیہ نمبر 2)



اسلام آباد، قائم مقام صدر سید یوسف رضا گیلانی اسلام آباد اسٹاک ایکسچینج (آئی ایس ای) ٹاورز لمیٹڈ کے بورڈ آف ڈائریکٹرز سے خطاب کر رہے ہیں۔

کابینہ کی اقتصادی رابطہ کمیٹی کا اجلاس، 30 بلٹ پروف گاڑیوں کی منظوری

تمباکو فصل کی کم ازکم امدادی قیمت اور سیس میں اضافے کی تجویز موخر

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر خزانہ کی زیر صدارت کابینہ کی اقتصادی رابطہ کمیٹی کا اجلاس ہوا جس میں ایس سی او سربراہی اجلاس کے لیے 30 بلٹ پروف گاڑیوں کی منظوری دی گئی۔ اعلامیہ کے مطابق بلٹ پروف گاڑیوں کیلئے 6.6 ارب روپےکی گرانٹ منظور (بقیہ نمبر 7)

سرکاری سکولوں میں جعلی انرولمنٹ روکنے کے لئے طلبہ کا ڈیٹا 100 فیصد تصدیق کرنے کا حکم

لاہور (این این آئی) لاہور سمیت صوبے بھر کے سرکاری سکولوں میں مبینہ جعلی (بقیہ نمبر 8)

پاک بحریہ کے عزم اور پیشہ ورانہ مہارت نے ہمیشہ قوم کا سر فخر سے بلند کیا ہے، صدر مملکت

معرکہ حق کے دوران مئی 2025 میں پاک بحریہ نے اپنی آپریشنل تیاری اور پیشگی تعیناتیوں کے ذریعے دشمن کو مؤثر طور پر باز رکھتے ہوئے پاکستان کے بحری مفادات کے تحفظ میں اہم کردار ادا کیا

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری نے کہا ہے کہ 8 ستمبر کو ہم ایک باوقار اور سربلند قوم کی حیثیت سے یوم بحریہ منا رہے ہیں، میں پاک بحریہ کے تمام افسران، سیلرز اور سویلین اہلکاروں کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں جن کے عزم، بہادری اور پیشہ ورانہ مہارت نے ہمیشہ قوم کا سر فخر سے بلند کیا ہے۔ یوم بحریہ پر ایوان صدر کے پریس ونگ سے جاری کئے اپنے پیغام میں صدر مملکت نے کہا کہ 7 اور 8 ستمبر 1965 کی (بقیہ نمبر 9)

پاک فضائیہ کے شاہینوں کی جرات و قربانیاں قوم کا فخر ہیں، مریم نواز

پاکستان کی فضائی سرحدوں کی حفاظت کیلئے پاکستان ایئر فورس کا کردار ناقابل فراموش ہے، راشد منہاس شہید سمیت پاک فضائیہ کے شاہینوں نے فضاؤں میں جرات، شجاعت اور بہادری کی لازوال داستانیں رقم کیں

قوم اپنے ان بہادر سپوتوں کی قربانیوں کو ہمیشہ یاد رکھے گی، یوم فضائیہ کے موقع پر پاکستان ایئر فورس کے شہداء اور غازیوں کو خراج عقیدت پیش کرتے ہیں اور شاہینوں کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو سلام پیش کرتے ہیں

لاہور: (بیورو چیف) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے یوم فضائیہ کے موقع پر پاکستان ایئر فورس کے شاہینوں، جانبازوں، شہداء اور غازیوں کو سلام پیش کرتے ہوئے ان کی لازوال قربانیوں اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو خراج عقیدت پیش کیا ہے۔ اپنے خصوصی پیغام میں وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ یوم فضائیہ پاکستان کے قومی اتحاد، غیر متزلزل عزم اور حب الوطنی کے جذبے کی علامت ہے، پاکستان کی فضائی سرحدوں کی حفاظت کیلئے پاکستان ایئر فورس کا کردار ناقابلِ فراموش ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ راشد منہاس شہید سمیت پاک فضائیہ کے شاہینوں نے (بقیہ نمبر 39)

سید یوسف رضا گیلانی کا پاکستان نیوی ڈے کے موقع پر پاک بحریہ کے افسران اور اہلکاروں کو خراج تحسین

پاکستان ایک امن پسند ملک ہے اور علاقائی امن، استحکام اور تعاون کے لیے پرعزم ہے، قائمقام صدر کا بیان

اسلام آباد (این این آئی) قائم مقام صدر سید یوسف رضا گیلانی نے پاکستان نیوی ڈے کے موقع پر پاک بحریہ کے افسران اور اہلکاروں کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے ملکی بحری سرحدوں، ساحلی سلامتی اور قومی مفادات کے تحفظ میں ان کے کردار کو سراہا ہے۔ اپنے پیغام میں قائم مقام صدر نے کہا کہ پاکستان نیوی ڈے پاک بحریہ کی جرات، قربانیوں اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں (بقیہ نمبر 10)



اسلام آباد: آئی ٹی اور ٹیلی کمیونیکیشن کی وفاقی وزیر شزہ فاطمہ خواجہ ویون (VEON) گروپ کے سی ای او جناب کان تیز یوگو کے ساتھ ملاقات کر رہی ہیں۔



لاہور: صوبائی وزیر و چیئرمین کابینہ کمیٹی برائے امن و امان خواجہ سلمان رفیق محکمہ داخلہ میں علماء کرام کے وفد سے ملاقات کے بعد ملک وقوم کی ترقی کے لئے دعا کر رہے ہیں۔

مریم نواز کا کرپشن کے خلاف جہاد کا اعلان عوام کی جانب سے پذیرائی مل رہی ہے، عظمیٰ بخاری

پنجاب میں کرپشن کے خلاف بلاامتیاز کریک ڈاؤن جاری، 54 افسران واہلکار معطل یا برخاست کیے گئے

لاہور (این این آئی) وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ مریم نواز نے کرپشن کے خلاف جہاد کا اعلان کیا ہے، پنجاب کے تمام محکموں سے کرپشن کا خاتمہ کرنا مریم نواز کا مشن ہے۔ انہوں نے اپنے بیان میں کہا کہ پنجاب میں کرپشن کے خلاف کریک ڈاؤن میں اب تک 54 افسران اور اہلکار معطل اور نوکریوں سے برخاست ہو چکے ہیں، صرف محکمہ خوراک میں 48 افسران اور اہلکار گرفتار ہوئے ہیں، 6 ملازمین کو (بقیہ نمبر 14)

وزیر خزانہ کی زیر صدارت اجلاس، پاسکو اور یوٹیلیٹی اسٹورز کی بندش پر پیش رفت کا جائزہ لیا گیا

محمد اورنگزیب نے یوٹیلیٹی سٹورز کارپوریشن سے متعلق زیر سماعت مقدمات کا نوٹس لے لیا

اسلام آباد (این این آئی) وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب نے یوٹیلیٹی سٹورز کارپوریشن سے متعلق زیر سماعت مقدمات کا نوٹس لیتے ہوئے ہدایت کی ہے کہ کارپوریشن کی بندش کے عمل کے ساتھ ساتھ تمام قانونی، مالی اور انتظامی تقاضے بھی پورے کیے جائیں۔ وہ پیر کو یہاں پاکستان (بقیہ نمبر 12)

وزیر داخلہ محسن نقوی کا سی ڈی اے کے فیسیلیٹیشن سنٹر کا اچانک دورہ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے سی ڈی اے کے فیسیلیٹیشن سنٹر کا اچانک دورہ کیا۔ وفاقی وزیر داخلہ نے (بقیہ نمبر 11)

ملتان، ملازمت کیلئے عمرہ ویزے پر سعودی عرب جانے کی کوشش کرنیوالے 3 افراد گرفتار

گرفتار مسافروں کو ایجنٹ کی نشاندہی اور قانونی کارروائی کے لیے ایف آئی اے کے حوالے کردیا گیا

ملتان (نمائندہ خصوصی) وفاقی تحقیقاتی ادارے (ایف آئی اے) ملازمت کیلئے عمرہ ویزے پر سعودی عرب جانے کی کوشش کرنے والے 3 افراد کو گرفتار کرلیا۔ ایف آئی اے کے امیگریشن ڈیپارٹمنٹ نے ملتان ایئرپورٹ پر کارروائی کرتے ہوئے عمرہ ویزے پر سعودی عرب جانے والے 3 مسافروں کو آف لوڈ کرکے گرفتار کرلیا۔ ایف آئی اے کے مطابق مسافروں نے ایجنٹ کی ملی بھگت سے سعودی عرب پہنچ کر ملازمت حاصل کرنا تھی، ایجنٹ نے (بقیہ نمبر 17)

گھریلو ملازمین پر تشدد کرنے پر جرمانہ عائد کیا جائے، سینیٹ قائمہ کمیٹی داخلہ میں بل منظور

اسلام آباد (این این آئی) سینیٹ کی قائمہ کمیٹی داخلہ نے کرمنل لاترمیمی بل 2026 منظور کرلیا۔ سینیٹ قائمہ کمیٹی داخلہ کے اجلاس میں سینیٹر سرمد علی نے کرمنل لاترمیمی بل 2026 پیش کیا جسے کمیٹی نے منظور کرلیا۔ سینیٹر سرمد علی نے کہا کہ گھریلو ملازمین کو تنخواہ نہیں ملتی، تشدد (بقیہ نمبر 16)

پاکستان شوگر ملز ایسوسی ایشن کا حکومت سے اضافی چینی برآمد کا مطالبہ

شوگر ملز کو سرپلس اسٹاک رکھنے کیلئے اضافی اخراجات برداشت کرنا پڑ رہے ہیں، ترجمان

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان شوگر ملز ایسوسی ایشن نے حکومت سے اضافی چینی برآمد کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ متعدد اجلاسوں میں تصدیق کے باوجود حکومت اضافی چینی کی برآمد میں تاخیر کر رہی ہے۔ ترجمان کے مطابق شوگر ملز کو سرپلس اسٹاک رکھنے کیلئے اضافی اخراجات برداشت کرنا پڑ رہے ہیں، گنے کی کٹائی اور نئے کرشنگ سیزن کے آغاز میں صرف 2 ماہ باقی رہ گئے ہیں، نئی فصل کے تخمینے کے مطابق 8 ملین میٹرک ٹن چینی کی پیداوار متوقع ہے، (بقیہ نمبر 15)

گلگت بلتستان کے پہلے وزیراعلیٰ امجد ایڈووکیٹ تمام تر تعصبات سے بالاتر شخصیت ہیں، شعیب مغل

عوامی مسائل کے فوری حل کے لیے کھلی کچہری کا انعقاد خوش آئند، غریب وامیر سب کے لیے وزیراعلیٰ کے دروازے کھلے ہیں، چیئرمین شعیب مغل





گلگت بلتستان رپورٹ: وحید منظر گلگت بلتستان کے سماجی وسیاسی ورکر اور چیئرمین شعیب مغل نے کہا ہے کہ گلگت بلتستان کے پہلے وزیراعلیٰ امجد ایڈووکیٹ ایک اعلیٰ تعلیم یافتہ، باصلاحیت، دبنگ اور تمام تر مسلکی، لسانی اور علاقائی تعصّبات سے بالاتر شخصیت ہیں۔ انہوں نے وزیراعلیٰ کا منصب سنبھالتے ہی عوامی مسائل کے حل، انتظامی امور میں بہتری اور عوام اور حکومت کے درمیان رابطے کو مضبوط بنانے کے لیے مثبت اور مؤثر اقدامات کا آغاز کیا ہے۔ اپنے ایک اخباری بیان میں چیئرمین شعیب مغل نے کہا کہ وزیراعلیٰ امجد ایڈووکیٹ نے اقتدار سنبھالتے ہی گلگت بلتستان میں ایک ایسا ماحول پیدا کرنے کی کوشش کی ہے جہاں ہر شہری بلاامتیاز اپنی آواز حکومتی ایوانوں تک پہنچا سکے۔ ان کا کہنا تھا کہ وزیراعلیٰ نے غریب اور امیر سمیت ہر طبقے کے لیے اپنے دروازے کھلے رکھے ہیں، جو ایک عوام دوست حکمران کی واضح علامت ہے۔ شعیب مغل نے کہا کہ جمعہ اور ہفتہ کے روز عوامی مسائل سننے کے لیے کھلی کچہری کا انعقاد ایک نہایت مثبت اور قابلِ تحسین اقدام ہے۔ یہ ایسی پالیسی ہے جس سے عوام کو براہِ راست اپنی شکایات اور مسائل وزیراعلیٰ تک پہنچانے کا موقع مل رہا ہے اور بہت سے مسائل بروقت حل ہونے کی راہ ہموار ہوئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ گلگت بلتستان کی تاریخ میں عوامی رابطے اور براہِ راست شنوائی کے حوالے سے یہ ایک منفرد اور خوش آئند طرزِ حکمرانی ہے۔ چیئرمین شعیب مغل نے کہا کہ وزیراعلیٰ امجد ایڈووکیٹ نے تمام مسالک، زبانوں اور علاقوں سے تعلق رکھنے والے شہریوں کو یکساں اہمیت دینے کی پالیسی اپنائی ہے، جو گلگت بلتستان میں اتحاد، بھائی چارے، بین المسالک ہم آہنگی اور اجتماعی ترقی کے لیے انتہائی ضروری ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ گلگت بلتستان کے عوام وزیراعلیٰ کی عوامی رابطہ پالیسی سے خوش ہیں اور انہیں امید ہے کہ موجودہ حکومت عوامی مسائل کے حل کے ساتھ ساتھ علاقے میں ترقیاتی عمل کو بھی تیز کرے گی۔ ان کا کہنا تھا کہ ان شاءاللہ آنے والے دنوں میں گلگت بلتستان میں سڑکوں، صحت، تعلیم، روزگار اور دیگر بنیادی سہولیات کے حوالے سے ترقیاتی منصوبوں کا آغاز ہوگا، جس سے عوام کو حقیقی معنوں میں ریلیف ملے گا۔ شعیب مغل نے کہا کہ وزیراعلیٰ امجد ایڈووکیٹ کی قیادت میں گلگت بلتستان میں ایک نئے سیاسی اور انتظامی دور کا آغاز ہوا ہے۔ ایک اعلیٰ تعلیم یافتہ اور مضبوط سیاسی قیادت اگر عوامی مسائل کو ترجیح دے تو خطے میں پائیدار ترقی کی بنیاد رکھی جاسکتی ہے۔ انہوں نے اس امید کا اظہار کیا کہ وزیراعلیٰ امجد ایڈووکیٹ اپنی پالیسیوں کو اسی جذبے کے ساتھ آگے بڑھاتے ہوئے گلگت بلتستان کے تمام علاقوں کو یکساں ترقی کے مواقع فراہم کریں گے اور ان شاء اللہ گلگت بلتستان ترقی وخوشحالی کی شاہراہ پر گامزن ہوگا۔

سید یوسف رضا گیلانی نے اسلام آباد اسٹاک ایکسچینج ٹاورز میں فاؤنڈرز وال کا افتتاح کردیا

سرمایہ کاری میں عوام کی شمولیت بڑھانے اور کاروباری شعبے میں ایکوٹی فنانسنگ کے زیادہ سے زیادہ استعمال کی ضرورت پر زور

اسلام آباد (این این آئی) قائم مقام صدر سید یوسف رضا گیلانی نے پیر کو اسلام آباد اسٹاک ایکسچینج ٹاورز میں فاؤنڈرز وال کا افتتاح کیا اور اس ادارے کی بنیاد رکھنے والوں اور اہم شخصیات کو خراج تحسین پیش کیا۔ اس موقع پر قائم مقام صدر نے پاکستان کی کیپٹل مارکیٹس کو مزید مضبوط بنانے، سرمایہ کاری میں عوام کی شمولیت بڑھانے اور کاروباری شعبے میں ایکوٹی فنانسنگ کے زیادہ سے زیادہ استعمال کی ضرورت پر زور دیا۔ سید یوسف رضا گیلانی نے یاد دلایا کہ (بقیہ نمبر 18)



لاہور: منیجنگ ڈائریکٹر ہارٹی کلچر ایجنسی لاہور احمد عثمان جاوید مارکیٹنگ ڈیپارٹمنٹ کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

میرے پاس انتظامی یونٹس سے متعلق ابھی کوئی انفارمیشن نہیں، خواجہ آصف

یہ اچھی بات ہے اسلام آباد میں ایک آزاد ادارہ قائم کیا جائے جسے آپ اسمبلی بھی کہہ سکتے ہیں، وزیر دفاع

اسلام آباد (این این آئی) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ میرے پاس انتظامی یونٹس سے متعلق ابھی کوئی انفارمیشن نہیں، یہ اچھی بات ہے اسلام آباد میں ایک آزاد ادارہ قائم کیا جائے جسے آپ اسمبلی بھی کہہ سکتے ہیں۔ پارلیمنٹ ہاؤس میں نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے خواجہ آصف نے کہا کہ اس کو صوبائی حکومت یا پھر کیپٹل کی حکومت بھی کہہ سکتے ہیں۔ انھوں نے کہا کہ یہ چیز دنیا کے بہت سے دارالحکومتوں میں (بقیہ نمبر 19)



لاہور: ایگزیکٹو ڈائریکٹر الحمراء محمد نواز گوندل سے معروف ادبی وثقافتی شخصیت منیزہ ہاشمی ملاقات کر رہی ہیں۔

جاپان میں پاکستانی سفیر عبدالحمید کی آئی او بی ایم طلبہ سے ملاقات

تعلیمی مواقع اور مختلف شعبوں میں تعاون کے امکانات پر تبادلہ خیال

ٹوکیو (این این آئی) جاپان میں پاکستان کے سفیر عبدالحمید نے پاکستانی سفارت خانے میں انسٹی ٹیوٹ آف بزنس مینجمنٹ کراچی کے طلبہ کے وفد کا خیر مقدم کیا۔ ملاقات میں پاکستان اور جاپان کے بڑھتے ہوئے تعلقات، تعلیمی مواقع اور مختلف شعبوں میں تعاون کے امکانات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ سفیر عبدالحمید نے طلبہ پر زور دیا کہ وہ جاپان کی ٹیکنالوجی اور اقتصادی ترقی کے ساتھ ان بنیادی اقدار کو بھی سمجھیں جنھوں نے جاپان کی کامیابی میں اہم کردار ادا کیا۔ انہوں نے (بقیہ نمبر 22)

الیکشن کمیشن میں اے آئی ونگ تشکیل دینے کا حکم

اسلام آباد (این این آئی) چیف الیکشن کمشنر نے الیکشن کمیشن آف پاکستان میں آرٹیفیشل انٹیلی جنس ونگ تشکیل دینے کا حکم دے دیا۔ سی ای سی کے مطابق اے آئی ونگ ای سی پی کے مختلف شعبوں میں تکنیکی سہولت فراہم کرے گا۔ چیف الیکشن کمشنر کے مطابق 15 اکتوبر 2026 (بقیہ نمبر 20)

جعلی ثبوت دکھائے اور دوست کیساتھ انٹرویو کیا، مومنہ اقبال نے ثاقب چدھڑ کے الزامات کی تردید کردی

آپ یہ سب عوامی طور پر کر رہے ہیں تو یہ ثبوت بھی عوام کو کیمرے پر دکھانے چاہیے تھے، اداکارہ کی گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) اداکارہ مومنہ اقبال نے (ن) لیگی ایم پی اے ثاقب چدھڑ کی جانب سے خود پر اور اپنی بہن پر لگائے گئے الزامات کو جھوٹا قرار دیدیا۔ ثاقب چدھڑ کا انٹرویو وائرل ہونے کے بعد مومنہ اقبال نے انسٹاگرام پر اسٹوری پوسٹ کی جس میں انہوں نے ثاقب چدھڑ کا انٹرویو لینے والی میزبان کے ویلاگ کی ویڈیو بھی شیئر کی۔ اداکارہ نے کہا کہ (بقیہ نمبر 21)

ایف آئی اے راولپنڈی کی کارروائی، انسانی اسمگلنگ اور ویزا فراڈ میں ملوث ملزم محمد رمضان گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) ایف آئی اے اینٹی ہیومن ٹریفکنگ سرکل راولپنڈی نے انسانی اسمگلنگ اور بیرون ملک ملازمت کے نام پر دھوکہ دہی میں ملوث ملزم محمد رمضان کو گرفتار کرلیا۔ ترجمان کے مطابق ملزم کے خلاف ایف آئی آر نمبر 2026/08 بجرم سیکشن 22/18 امیگریشن آرڈیننس 1979 درج (بقیہ نمبر 25)



لاہور: وزیر ہاؤسنگ پنجاب بلال یاسین بھائی چوک انڈر پاس اور داتا دربار کے اطراف ترقیاتی کاموں کا جائزہ لے رہے ہیں۔

لیوی بھتہ ختم نہ ہوا تو پہیہ جام، اسلام آباد مارچ، ٹرین مارچ ہوگا، حافظ نعیم

حکومت مذاکرات کے لیے سنجیدہ ٹیم بھیجے، دھرنوں کو مزید وسعت دی جائے گی، پریس کانفرنس

لاہور (این این آئی) امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمن نے واضح کیا ہے کہ پٹرولیم لیوی بھتہ ختم نہ ہوا تو اسلام آباد مارچ، پہیہ جام اور ٹرین مارچ کے آپشنز موجود ہیں، حکومت مذاکرات کے لیے سنجیدہ ٹیم بھیجے، بیس سے تیس مقامات پر مستقل دھرنے چل رہے ہیں، دھرنوں کو مزید وسعت دی جائے گی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے وزیراعلیٰ ہاؤس کے باہر جاری دھرنا کے تیسویں روز پریس کانفرنس سے خطاب کرتے (بقیہ نمبر 33)

آئی جی اسلام آباد کا تھانہ سیکرٹریٹ، تھانہ شالیمار اور کیپٹل پٹرولز ہیڈ کوارٹرز کا دورہ

SIPS پروٹوکولز کے تحت جاری سرگرمیوں، پولیس افسران وجوانوں کیلئے دستیاب سہولیات، مجموعی انتظامی امور کا جائزہ

اسلام آباد (این این آئی) آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی نے تھانہ سیکرٹریٹ، تھانہ شالیمار اور کیپٹل پٹرولز ہیڈ کوارٹرز کا دورہ کر کے مختلف شعبہ جات، شہریوں کو فراہم کی جانے والی پولیس سہولیات، SIPS پروٹوکولز کے تحت جاری سرگرمیوں، پولیس افسران و جوانوں کے لیے دستیاب سہولیات اور مجموعی انتظامی امور کا تفصیلی جائزہ لیا۔ تفصیلات کے مطابق (بقیہ نمبر 24)

وفاقی وزیر آئی ٹی کا لیپ 2026 کا کامیاب دورہ مکمل

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے انفارمیشن ٹیکنالوجی و ٹیلی کمیونیکیشن، محترمہ شزہ فاطمہ خواجہ نے 31 اگست سے 3 ستمبر 2026 تک ریاض میں منعقد ہونے والی عالمی ٹیکنالوجی نمائش "لیپ 2026" کا (بقیہ نمبر 23)

اسلام آباد ہائی کورٹ، ضلعی عدالتوں میں زیر التوا کیسز کی تفصیلات سامنے آگئیں

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائی کورٹ اور ضلعی عدالتوں میں زیر التوا کیسز کی تفصیلات سامنے آگئی ہیں، اسلام آباد ہائی کورٹ میں زیرِ التوا مقدمات کی تعداد 17 ہزار 745 ہوگئی۔ رپورٹ کے مطابق اسلام آباد کی ضلعی عدالتوں میں زیرِ التوا کیسز کی (بقیہ نمبر 26)

پاک فوج کا کوہ پیما سید علی شاہ کے جسد خاکی کی تلاش کیلئے ریسکیو آپریشن مکمل

پاک فوج کی ریسکیو ٹیموں نے دشوار گزار اور برف پوش علاقے کے باوجود انتہائی مشکل آپریشن کو کامیاب بنایا

راولپنڈی (این این آئی) پاک فوج نے کوہ پیما سید علی شاہ کے جسد خاکی کی تلاش کیلئے ریسکیو آپریشن مکمل کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق پاک فوج اور دیگر اداروں کے جوانوں نے کوہ پیما سید علی شاہ کے جسد خاکی کو سوات منتقل کردیا۔ کوہ پیما سید علی جولائی 2026 میں کالام ویلی میں واقع فلک سر چوٹی پر گلیشیئر ٹوٹنے کے باعث حادثے کا شکار ہوئے تھے۔ پاک فوج کی ریسکیو ٹیموں نے تقریباً پانچ ہزار 200 میٹر کی بلندی پر کوہ پیما سید علی شاہ کے جسد کی نشاندہی کی۔ (بقیہ نمبر 27)



لاہور: سیکرٹری اچیف ایڈمنسٹریٹر اوقاف ڈاکٹر احسان بھٹہ، ایوان اوقاف لاہور منعقدہ ختم نبوت ﷺ کانفرنس کی صدارت کر رہے ہیں۔

کے الیکٹرک کی مبینہ غیر قانونی لوڈشیڈنگ کے خلاف درخواست پر فیصلہ محفوظ

نیپرا پہلے ہی درخواست گزار کے حق میں حکم امتناع جاری کرچکی، درخواست قابل سماعت نہیں، کے الیکٹرک کے وکیل

کراچی (این این آئی) سندھ ہائیکورٹ نے کے الیکٹرک کی مبینہ غیر قانونی لوڈشیڈنگ اور قوانین کی خلاف ورزی سے متعلق آئینی درخواست پر دلائل مکمل ہونے کے بعد فیصلہ محفوظ کرلیا۔ درخواست گزار سیدہ ماریہ رضا نے موقف اختیار کیا کہ باقاعدگی سے بجلی کے بل ادا کرنے والے صارفین کو بھی غیر قانونی لوڈشیڈنگ کا سامنا ہے۔ درخواست گزار کا تعلق (بقیہ نمبر 34)

کمشنر راولپنڈی کی مجوزہ انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ کے ٹی او آرز جلد حتمی شکل دینے کی ہدایت

راولپنڈی (این این آئی) کمشنر راولپنڈی ڈویژن و ڈائریکٹر جنرل راولپنڈی ڈویلپمنٹ اتھارٹی سلمان غنی کی ہدایات پر مجوزہ آر ڈی اے انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ کے قیام کے لیے ٹرمز آف ریفرنسز کا جائزہ لینے کے حوالے سے اجلاس آر ڈی اے کانفرنس روم میں (بقیہ نمبر 35)



اسلام آباد: آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی تھانہ سیکرٹریٹ، شالیمار اور کیپٹل پٹرولز ہیڈکوارٹرز کے دورہ کے موقع پر انتظامی امور کا جائزہ لے رہے ہیں۔

منشیات اسمگلنگ کیس: کراچی میں 9 ملزمان کو عمر قید

ملزمان پر فی کس 20 لاکھ روپے جرمانہ، عدم ادائیگی پر مزید قید بھگتنا ہوگی

کراچی (این این آئی) انسدادِ منشیات کی عدالت نے منشیات اسمگلنگ کے مقدمے میں 9 ملزمان کو جرم ثابت ہونے پر عمر قید کی سزا سنا دی۔ عدالت نے تمام ملزمان پر فی کس 20 لاکھ روپے جرمانہ بھی عائد کیا ہے۔ جرمانے کی رقم ادا نہ کرنے کی صورت میں ملزمان کو (بقیہ نمبر 37)

سینئر صحافی بلال غوری کی گرفتاری کی شدید مذمت کرتے ہیں، اسلم غوری

اسلام آباد (این این آئی) جمعیت علمائے اسلام کے ترجمان اسلم غوری نے سینئر صحافی بلال غوری کی گرفتاری کی شدید مذمت کی (بقیہ نمبر 36)

جن کے پاس دوا کے پیسے نہیں ان کے ٹیکس پر عدالتیں چلتی ہیں، چیف جسٹس پشاور ہائیکورٹ

عدالت کا ایک دن کا خرچہ 12 کروڑ روپے ہے، عدالتوں کے بائیکاٹ سے عوام کے کروڑوں روپے ضائع ہوتے ہیں، چیف جسٹس

پشاور (این این آئی) چیف جسٹس پشاور ہائیکورٹ جسٹس ایس ایم عتیق شاہ نے کہا ہے کہ جن کے پاس دوا کے پیسے نہیں، ان کے ٹیکس پر عدالتیں چلتی ہیں۔ پشاور ہائیکورٹ کے عدالتی سال 2026-27 کی افتتاحی تقریب کورٹ روم نمبر ایک میں منعقد ہوئی، جس میں چیف جسٹس پشاور ہائیکورٹ جسٹس ایس ایم عتیق شاہ اور دیگر ججز شریک ہوئے، جبکہ پشاور ہائیکورٹ بار، ایڈیشنل اٹارنی جنرل، کے پی بار کونسل (بقیہ نمبر 28)

معاشی کے بعد سیاسی استحکام ناگزیر

ایشیائی ترقیاتی بینک (اے ڈی بی) کے جنوبی، وسطی اور مغربی ایشیاء کے نائب صدر نے وزیراعظم ہاؤس میں جناب شہباز شریف سے ملاقات کی جس کے دوران وزیراعظم نے واضح کیا کہ سخت مالیاتی اور انتظامی اصلاحات کی بدولت ملکی معیشت میں استحکام آیا اور اِسی وجہ سے سرمایہ کاروں کا پاکستان پر اعتماد بحال ہوا۔ اُن کا کہنا تھا کہ فِچ، موڈیز اور ایس اینڈ پی جیسی عالمی ریٹنگ ایجنسیوں نے پاکستان کے لئے مستحکم معاشی منظرنامے کی درجہ بندی کی ہے۔ اُن کا کہنا تھا کہ ایم ایل-ون ریلوے کوریڈور کی جدید خطوط پر اپ گریڈیشن مال برداری کے نظام کو بہتر بنانے اور علاقائی تجارتی روابط مضبوط کرنے کے لئے ناگزیر ہے۔ ملاقات میں نجی شعبے کی معاونت، توانائی، غذائی تحفظ، برآمدات، مصنوعی ذہانت اور انفارمیشن ٹیکنالوجی میں مشترکہ تعاون کا جائزہ لینے کے بعد اتفاق کیا گیا کہ کنٹری پارٹنرشپ سٹریٹجی 2026-30ء کی ترجیحات کو مؤثر اقدامات میں ڈھال کر عوام کے معیارِ زندگی میں بہتری لائی جائے گی۔ وزیراعظم نے معزز مہمان کا خیرمقدم کرتے ہوئے شہری بنیادی ڈھانچے، ٹرانسپورٹ اور عوامی خدمات کے منصوبوں میں اے ڈی بی کے تعاون کو سراہا۔ واضح ہو رہا ہے کہ چند سال قبل ڈگمگاتی معیشت اب بحالی کے راستے پر گامزن ہے، اِس کا اعتراف دنیا بھی کر رہی ہے۔ موڈیز اور فِچ سمیت عالمی ریٹنگ ایجنسیاں پاکستان کی کریڈٹ ریٹنگ میں بہتری کے علاوہ اِس کی معیشت کو درست راستے پر گامزن قرار دے چکی ہیں۔

ملک کے اندر بھی معیشت کی بحالی کی آوازیں بلند ہو رہی ہیں، دو، تین روز قبل ہی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے کہا تھا کہ پاکستان نے یورو بانڈ کے ذریعے تین ارب ڈالر حاصل کر لئے ہیں۔ ایشیائی ترقیاتی بینک کی ٹیکس اصلاحات سے متعلق تقریب سے خطاب کرتے ہوئے اُن کا کہنا تھا کہ یہ پاکستان کی تاریخ کی سب سے بڑی بانڈ ٹرانزیکشن ہے، یہ کامیاب اجراء عالمی ریٹنگ ایجنسیوں کے پاکستان پر اعتماد کا مظہر ہے۔ فیڈریشن آف پاکستان چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر نے بھی کچھ عرصہ قبل اعتراف کیا تھا کہ ملکی معیشت بتدریج بہتری کی طرف بڑھ رہی ہے تاہم اِس کا ہرگز یہ مطلب نہیں کہ معیشت مکمل طور پر مستحکم ہو چکی ہے۔ امریکہ ایران جنگ نے پاکستان سمیت دنیا کی کم و بیش ہر معیشت کو بُرے طریقے متاثر کیا ہے، تیل کی عالمی قیمتوں کے باعث روز بروز بڑھتی مہنگائی نے بعض معیشتوں کو تو تباہی کے دہانے پر لا کھڑا کیا ہے تاہم اِس کے باوجود پاکستان اپنی معاشی سمت استحکام کی طرف گامزن رکھنے میں کامیاب رہا ہے۔ تیل کی بڑھتی قیمتوں کے باعث بڑھتے ملکی درآمدی بِل نے تجارتی خسارے اور زرِمبادلہ کے ذخائر کو متاثر ضرور کیا ہے تاہم یہ خطرناک صورتحال سے دوچار نہیں ہوئے۔ مہنگائی نے عام آدمی کی قوتِ خرید کو شدید متاثر کیا ہے، حساس قیمتوں کے اشاریے مہنگائی میں مسلسل اضافے کی نشاندہی کر رہے ہیں جس کی وجہ سے معاشی استحکام کے اثرات ابھی نچلی سطح تک نہیں پہنچ پا رہے۔ اِن حالات میں ملک میں کسی قسم کا سیاسی عدم استحکام نئے بحران کو جنم دے سکتا ہے۔ سیاسی اور معاشی استحکام ایک دوسرے کے لئے لازم و ملزوم ہیں۔ حال ہی میں چھڑنے والی نئے صوبوں کی بحث شدید تر ہوتی چلی جا رہی ہے، پاکستان پیپلز پارٹی نئے صوبوں کے حق میں نہیں ہے، اِس لئے ایک بار پھر سندھ اسمبلی میں تقسیم کے خلاف قرارداد منظور کی گئی ہے، ماضی میں بھی اِسی موضوع پر کم و بیش آدھی درجن کے قریب قراردادیں منظور کی جا چکی ہیں۔ بعض وفاقی وزراء نئے صوبوں کے حق میں بیانات دیتے نظر آتے ہیں تاہم وزیراعظم کی طرف سے اِس پر تا حال کوئی ردِعمل سامنے نہیں آیا۔

ملک کو نئے انتظامی یونٹوں کی ضرورت ہے یا نہیں، ضلعی حکومتیں اِس کا متبادل ہو سکتی ہیں کہ نہیں، نئے صوبے بن جائیں تو گورننس میں بہتری آئے گی یا نہیں، یہ وہ سوالات ہیں جن کے جواب ڈھونڈے جانا چاہئیں۔ پیپلز پارٹی کا موقف نئے صوبوں کے خلاف جبکہ متحدہ قومی موومنٹ ان کے حق میں ہے۔ رانا ثناء اللہ ایک طرف یہ بیان دیتے ہوئے پائے جاتے ہیں کہ مسلم لیگ (ن) نے نئے صوبوں کی تشکیل کے حوالے سے کوئی منصوبہ پیش نہیں کیا لیکن دوسری طرف وفاقی وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال گورننس میں بہتری لانے کے لئے متعدد موثر اور بااختیار ضلعی حکومتیں لانے یا پھر درجن بھر سے زائد صوبے بنانے کی بات کرتے ہیں۔ مختلف بیانات اور مسلم لیگ (ن) کے غیر واضح موقف کے باعث ملک میں بحث و تمحیص کا سلسلہ جاری ہے جس سے ابہام بڑھ رہا ہے۔ جناب وزیراعظم کو چاہئے کہ جیسے وہ سخت فیصلوں کے باعث معاشی بہتری لانے میں کامیاب ہوئے ہیں ویسے ہی وہ سیاسی استحکام کے لئے بھی تیزی سے کام کریں۔ اُنہیں چاہئے کہ وہ تمام سیاسی جماعتوں خصوصاً اپنے اتحادیوں کو اعتماد میں لے کر اپوزیشن کی شکایات دور کرنے کے لئے اقدامات کریں۔ دنیا میں جہاں بھی سیاسی عدم استحکام پر قابو پا لیا گیا وہاں کی معیشت پھلنے پھولنے لگی، ہندوستان میں سیاسی استحکام نے معاشی اصلاحات کو کامیاب بنایا۔ اِس وقت پاکستان میں بھی ضروری ہے کہ سیاسی جماعتیں گروہی اور علاقائی مفادات کو ایک طرف رکھ کر یکجہتی کا مظاہرہ کریں

سیاسی ٹکراؤ کسی طور پیدا نہ ہونے پائے تاکہ مشکل ترین حالات میں حاصل کی گئی معاشی بحالی کہیں ہاتھوں سے ریت کی طرح نہ نکل جائے۔

ضروری نوٹس

اخبار میں خلوص نیت سے مضامین شائع کیئے جاتے ہیں مضامین کی اشاعت کا مطلب یہ ہرگز نہیں کہ مدیر و ایڈیٹر تحریر او راقم مضمون کی سوچ سے متفق ہے۔

ادارہ

مکالمہ جو ہوا ہی نہیں!

راو منظر حیات

الف: یہ پاکستان میں سیاسی و معاشی حالات خاصے خراب ہیں۔ غربت' مہنگائی اور جرائم نے لوگوں کی زندگی اجیرن کر رکھی ہے۔ اوپر سے رشوت...... پیسے دیے بغیر کوئی جائز کام بھی نہیں ہوتا۔ تاریخنگیتا ہیں دریافت کریں

س: کیا کہہ رہے ہیں، آپ! کتنے آرام سے فرما دیا کہ صورت حال مخدوش ہے۔ جناب! بین الاقوامی سطح پر ہمارے ملک نے کامیابی کے جھنڈے گاڑ دیئے ہیں۔ حد درجہ اہمیت کے تجارتی معاہدے تو سب کے سامنے ہیں۔ میرا خیال ہے کہ آپ ناشکرے ہیں' اس لیے تو اپنے ملک کے حوالے سے منفی باتیں کر رہے ہیں۔

ج: معلوم پڑتا ہے کہ آپ دونوں حقیقت شناسی سے دور ہی ہیں۔ عوام نے جدوجہد کر کے ملک میں جمہوریت بحال کرائی ہے۔ اسی وجہ سے ملک کو آئین ملا ہے۔ عوام نے قربانیاں دی ہیں۔ سیاسی رہنماؤں نے خون نچھاور کیا ہے۔ ملک کا کوئی بھی صوبہ ترقی کر رہا ہے تو پاکستان کا ہی صوبہ ہے۔ اگر ہمارا بندرگاہ والا شہر ملک کو نہ پالے' تو سوچیں معیشت کا کیا ہوگا۔

الف: درست' بالکل درست فرمایا: لیکن ملک کے غریب عوام کے لیے دو وقت کی روٹی پورا کرنا مشکل ہو چکا ہے جب کہ امراء کی دولت کی بھوک! خدا کی پناہ۔

پ: بھئی کیا بات کر رہے ہیں۔ یہ ساری افواہیں' ہمارے دشمنوں نے اڑائی ہیں۔ کسی سے بھی معلوم کر لیجیے۔

ن: میرا خیال ہے۔ آپ کے کہنے کا مطلب یہ ہے کہ ہمارے ملک کے حکمرانی کے کلچر میں کسی برائی کو برائی سمجھا ہی نہیں جاتا۔ سب کچھ ہی فری در فری ہے۔ ذرا غور کریں اور دیکھئے! ملک میں موٹرویز' ایئرپورٹ اور سڑکوں کا جال بچھایا جا رہا ہے۔ ہمارے ملک کا انفراسٹرکچر تو بین الاقوامی سطح کا ہے۔ آئے دن' ہمیں تیز رفتار ترقی کے بین الاقوامی ایوارڈ ملتے ہیں۔ لگتا ہے' آپ کی بینائی قدرے کمزور ہے۔ اورنج ٹرین' انڈر پاس' بائی پاس' اسپتال' یہ سب کچھ ہوا ہی تو نہیں ہے؟

الف: حضور! بڑے منصوبوں میں کمیشن بھی بہت ہوتا ہے ناں؟ اسی لیے عوام میں پذیرائی حاصل کرنے کے لیے یہ کھیل کھیلا جاتا ہے اب تو دنیا کے ہر ملک میں ہمارے ملک کے اشراف کی جائیدادیں ہیں۔ لندن کیا' پیرس کیا' ہر جگہ یہی فسانے ہیں۔

د: بھائی درست بات کر رہے ہو۔ حکمران طبقے نے تو سب کو سبق دیا کہ کھانے کے لیے لگانا بہت ضروری ہے؟

ٹ: دیکھیے! حد سے نہ بڑھیے۔ ہمارے لیڈروں نے جلاوطنی کا عذاب سہا ہے۔ در بدر کی ٹھوکریں کھائی ہیں۔ یہ سب کچھ انھوں نے جمہوریت کی خاطر کیا ہے۔

ح: آپ لوگ کیسی مہمل باتیں کر رہے ہیں۔ یہ کوئی جلسہ گاہ نہیں ہے۔ ویسے ہمارے سیاستدان ڈنڈے کے لائق ہیں، ڈنڈے والے انھیں حکومت میں لاتے ہیں، پھر کچھ دیر سیدھے رہتے ہیں، کچھ عرصہ گزرنے کے بعد اپنی حرکتوں پر واپس آجاتے ہیں۔ اسی لیے ان کی اوقات کچھ بھی نہیں ہے۔

ج اور د: دیکھئے' عوام اور جمہوریت کی توہین نہ کریں۔ سیاستدانوں نے اس ملک کے لیے بہت کچھ کیا ہے۔ اگر عوامی مینڈیٹ نہ چھینا جائے، مارشل لاء نہ لگے' جمہوریت چلتی رہے تو آج پاکستان ترقی یافتہ ملکوں کے برابر ہوتا۔ بس سیاستدانوں کو کام نہیں کرنے دیا جاتا۔ تاریخنگیتا ہیں دریافت کریں

ح: زیادہ باتیں نہ بنائیں' سب کو پتہ ہے کہ سیاسی لیڈروں اور جماعتوں نے کیا کیا کارنامے انجام دیئے ہیں' بلاوجہ تو حکومتوں سے فارغ نہیں ہوتے۔

ج د: یار! ہم تو مذاق کر رہے تھے۔ تم نے نہیں دیکھا، ایک صحافی بھی ہماری باتیں سن رہا تھا، اسے اصل خبر تو نہیں دینی تھی۔

ج: چلو! ٹھیک ہے۔ عام لوگوں کو بے وقوف بنانے کے لیے اپنی مرضی کی بات کو خبر بنانے کا فن صحافیوں سے زیادہ آپ لوگوں کے پاس ہے۔

ش: بھائی میری بھی تو سنو! عوام میں مقبولیت تو میرے اسیر لیڈر کو حاصل ہے۔ بس تھوڑے دن کی بات ہے۔ وہ جیل سے باہر ہو گا۔ اور اقتدار بھی اس کے پاس ہوگا۔ اس پر محفل میں موجود سب ہنس دیئے' بھئی یہ عوامی طاقت کیا ہوتی ہے؟ یاد رکھو! ووٹ کی عزت تو بالکل بھی نہیں ہوتی؟ بھائی جان! آپ بہت سادہ ہیں! بلکہ طفل مکتب ہیں۔ ووٹ کو عزت دو جیسے نعرے تو عوام کو خوش کرنے کے لیے بولے جاتے ہیں۔ اور اس لیے بھی کہ ٹی وی ٹاک شوز میں ذرا بہتر بات ہو سکے۔ سچ تو یہ ہے کہ ہمارے ملک میں سات دہائیوں سے صرف اشرافیہ کا اقتدار ہے۔ اسے ہی عزت حاصل ہے، باقی تو سب سر جھکا کے جینا سیکھ چکے ہیں۔

بیک گراؤنڈ میں طبلچی اور آرکسٹرا ''راگ درباری'' بجانا شروع کر دیتے ہیں۔ حاضرین محفل موسیقی پر تالیاں بجا کر دھمال ڈالنی شروع کر دیتے ہیں۔ پھر آواز آتی ہے، یہ ہم کیا تاریخی باتیں کرنا شروع ہو گئے۔ بھئی ماضی تو گزر گیا۔ اب واپس تو نہیں آ سکتا! حالات حاضرہ پر کچھ بحث ہو جائے۔ ذرا بتایئے کہ یہ سب کچھ لندن میں کیوں جمع ہیں؟ کیا ہونے جا رہا ہے؟

د: کیا بات فرما رہے ہیں۔ سیاسی منافقت پر کیا بات کریں۔ چھوڑیئے۔ آرام سے انجوائے کریں۔ پس پردہ سرگرمیوں پر بحث

کوئی نیا لندن پلان تشکیل پا رہا ہے؟



تنویر قیصر شاہد

وطنِ عزیز کے کئی مقتدر اور سینئر سیاستدان و حکمران اِس وقت بیرونِ ملک ہیں۔ زیادہ تر لندن میں! کروڑوں پاکستانی رواں لمحات میں خطِ غربت سے بھی کہیں نیچے گر کر نہائت عسرت اور تنگدستی کی زندگیاں گزارنے پر مجبور بنا دیئے گئے ہیں۔

حکومت بجلی اور پٹرول و ڈیزل کے نرخ ہر روز بڑھا کر غریب عوام پر ہر روز نئی بجلیاں گرا رہی ہے۔ عوام کی کمر ٹوٹ رہی ہے۔ سبھی حکومتی و غیر حکومتی ادارے شہادتیں دے رہے ہیں کہ مہنگائی کا ہلاکت خیز گراف ہر روز بلند سے بلند تر ہو رہا ہے۔

ایسے میں جب پاکستانی عوام یہ دیکھتے اور سُنتے ہیں کہ ہمارے حکمران (مبینہ سیر سپاٹے اور علاج معالجے کے لیے) بیرونِ ملک روانہ ہو رہے ہیں تو عوام اپنے دل تھام کر رہ جاتے ہیں۔ عوام اور حکمرانوں کے درمیان پھیلی اجنبیت اور لاتعلقی کی خلیج پہلے سے زیادہ پھیل جاتی ہے۔ عوام بجا طور پر بیچارگی سے کہتے ہیں کہ ہمیں تو وطن کے سرکاری اسپتالوں میں ڈاکٹر میسر ہیں نہ دوائی، جب کہ ہمارے حکمرانوں کو چھینک بھی آتی ہے تو یہ مغربی ممالک کے مہنگے ترین اسپتالوں میں ترنت داخل ہو جاتے ہیں

نون لیگ کے مرکزی قائد و صدر، جناب محمد نواز شریف، مبینہ طور پر علاج معالجے کے لیے سنگاپور جا چکے ہیں۔ بعد ازاں شائد اُن کا دوسرا پڑاؤ لندن ہی ہو۔ اشتباہ انگیز سوالات پوچھے جا رہے ہیں کہ پہلے تو بغرضِ علاج نواز شریف صاحب لندن پدھارا کرتے تھے، مگر اب کی بار سنگاپور کا انتخاب کیوں؟ 4 ستمبر 2026 کو نون لیگی سیاستدان اور وفاقی وزیر امورِ کشمیر، انجینئر امیر مقام، بھی اپنے قائد کے نقشِ قدم پر چلتے ہُوئے لندن چلے گئے۔

اُن کی وزارت نے بتایا ہے کہ وہ بھی بغرضِ علاج و میڈیکل معائنے کے لیے ہی برطانوی دارالحکومت میں موجود ہیں۔ جس وقت یہ سطور اشاعت پذیر ہوں گی، وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف بھی لندن ہی میں موجود ہوں گی جہاں پہلے ہی اُن کے دو بھائی موجود ہیں۔ ایون فیلڈ جن کا ماضی میں بڑا غلغلہ رہا ہے، مگر اب گمنامی کی دھول میں معدوم ہو چکا ہے۔ شنید ہے کہ محترمہ مریم نواز شریف لندن اس لیے پہنچی ہیں کہ اُنہیں اپنی ایک صاحبزادی کی گریجویشن تقریب میں شرکت کرنا ہے۔ یہ بھی ہمارے حکمران طبقات کی منفرد پہچان بن چکی ہے کہ وہ اپنے بیٹے بیٹوں کو مغربی ممالک کے مہنگے تعلیمی اداروں میں پڑھانے کو ترجیح دیتے ہیں۔ روٹی روزگار اور دوائی کو ترستے پاکستانی عوام اور پاکستانی حکمرانوں کے درمیان موجود خلیج کی یہ ایک اور نشانی ہے۔

نون لیگی مقتدر لیڈرز لندن جا براجے ہیں تو پیپلز پارٹی کی قیادت بھلا پیچھے کیوں رہتی؟ گویا پُر اسرار مقابلے کی ایک دوڑ لگی ہے۔ صدرِ پاکستان، جناب آصف علی زرداری، بھی لندن میں ہیں۔ مقتدر والدِ گرامی کے پیچھے پیچھے صاحبزادہ صاحب، بلاول بھٹو زرداری، بھی لندن جا پہنچے۔ صدرِ مملکت کی ایک صاحبزادی بھی لندن میں موجود ہیں۔ اگلے روز تینوں (باپ، بیٹے اور بیٹی) کی لندن میں گہری اور گوڑھی ملاقات ہُوئی ہے۔ وزیر داخلہ، جناب محسن نقوی، بھی تو لندن ہی میں تھے تاکہ وہ لندن آئے ''کسی'' بڑے کو (نئے مجوزہ صوبوں کے حوالے سے) منا سکیں۔ لگتا مگر یہی ہے کہ ''کوئی'' مانا نہیں ہے۔

شائد اِسی لیے محسن نقوی صاحب کو 5 ستمبر 2026 کو لاہور میں منعقد ہونے والے National Policy Diaglogue میں صاف کہنا پڑا: ''نئے انتظامی یونٹس بن کر رہیں گے۔'' یعنی گل وَدھ گئی ہے۔ لندن میں مقتدر پاکستانی بڑوں کی جو ملاقاتیں ہو رہی ہیں، بعض قیافہ شناس انہیں ''نئے لندن پلان'' کا عنوان دے رہے ہیں۔ پچھلی نصف صدی کے دوران ''لندن پلان'' کے زیر عنوان پاکستانی اقتدار کے حصول بارے اتنی مبینہ سازشیں اور منصوبہ جات منصۂ شہود پر آ چکے ہیں کہ اب کسی نئے لندن پلان کا نام سُنتے ہی ہم پاکستانی ڈر جاتے ہیں۔ ویسے بھی لندن کی کھُلی فضاؤں سے ہمارے جملہ سیاستدان اور پاکستان کی اعلیٰ ترین اشرافیہ اتنی مانُوس ہے کہ وہ لندن ہی میں بیٹھ کر اپنے اور اپنی آل اولاد کے مستقبل بارے فیصلے اور منصوبہ بندیاں کرتے ہیں۔ پاکستان کو تو اِن باوسائل اور طاقتور گروہوں نے اپنی شکارگاہ بنا رکھا ہے۔

مذکورہ بالا مقتدر افراد ایسے وقت میں لندن پہنچے ہیں جب وطنِ عزیز میں نئے صوبوں اور مجوزہ انتظامی یونٹوں کی آوازیں یکا یک بلند سے بلند تر ہوتی سنائی دے رہی ہیں۔ ہر گزرتے روز اِن آوازوں کی لَے میں شدت بھی آتی جا رہی ہے۔ مخالفت اور موافقت میں یکساں۔ صدرِ مملکت اور اُن کے صاحبزادہ و صاحبزادی (یعنی درحقیقت پوری پاکستان پیپلز پارٹی) ایسے اوقات میں لندن میں موجود ہیں جب سندھ کی صوبائی اسمبلی میں سندھ کی ''انتظامی'' تقسیم کے خلاف آوازیں واضح طور پر سنائی دی گئی ہیں۔

جب صدرِ مملکت کی ہمشیرہ (محترمہ فریال تالپور) نے سندھ اسمبلی کے فلور پر کھڑے ہو کر سندھ اسمبلی اور قومی اسمبلی کے ارکان پیپلز پارٹی کو نہائت جذباتی اسلوب میں مخاطب کرتے ہُوئے پوچھا ہے: ''اگر سندھ نئے صوبوں میں منقسم ہو گیا یا سندھ کے نئے انتظامی یونٹ بنا دیئے گئے تو تم سب لوگ اگلے جہان میں شہید بے نظیر بھٹو کو کیا جواب دو گے؟'' سیاسی و خاندانی مفادات بھی کیسے کیسے رنگ دکھا رہے ہیں؟ سب حیرت میں مبتلا ہیں کہ بابائے پاکستان حضرت قائداعظم کا پاکستان روز بروز کیا سے کیا شکل اختیار کرتا جا رہا ہے؟

پاکستانی سیاست میں ''لندن پلان'' ایک ایسا اصطلاحی اور سیاسی تکرار والا لفظ ہے جو مختلف ادوار میں مخالفین کی طرف سے اہم سیاسی فیصلوں، جوڑتوڑ اور خفیہ معاہدوں کے پس منظر میں استعمال کیا جاتا رہا ہے۔ اقتدار کے حصول کے لیے ہمارے ماضی کے ایک سیاستدان (لندن میں بیٹھ کر) پاکستان بارے جو دل آزار بیانات کے گولے داغتے رہے ہیں، ہم سب بھُولے نہیں ہیں۔

ماضی کا ایک ایسا ہی سیاستدان (جو کبھی پنجاب کا گورنر بھی رہا اور وفاقی وزیر بھی) نے لندن میں اپنی خود ساختہ جلاوطنی کے دَور میں برطانیہ کے ایک مشہور جریدے میں مضمون لکھا تھا: ''مَیں بھارتی ٹینکوں پر سوار ہو کر پاکستان واپس آؤں گا۔'' حیرت کی بات ہے کہ یہ صاحب واپس پاکستان آیا بھی، جیل گیا اور رہا ہو کر پھر وفاقی وزیر بن گیا۔ یہ ہے ہماری سیاست۔ ایسے میں رواں لمحات کے دوران کسی موہومہ لندن پلان کی بازگشت عوام کے کانوں میں پڑتی ہے تو سبھی کے کان کیوں کھڑے نہ ہوں؟؟

سندھ اسمبلی (ستمبر 2026 کے پہلے ہفتے) صوبے کی تقسیم کے خلاف قرارداد منظور کر چکی ہے۔ صوبہ سندھ کی تقسیم کے خلاف سندھ اسمبلی میں وزیر اعلیٰ سندھ مراد علی شاہ، فریال تالپور، نثار کھوڑو، سعید غنی، شرجیل میمن وغیرہ نے جو کچھ بھی کہا ہے، اُن سب کے الفاظ کو جناب آصف علی زرداری اور بلاول بھٹو کے قلب و ذہن کی آواز سمجھنا چاہیے۔ سندھ اسمبلی میں صوبوں کی نئی تقسیم کی مخالف آوازوں کو پیپلز پارٹی کے چیئرمین اور شریک چیئرمین کی خاموش تائید و نصرت حاصل ہے۔ سبھی معاصر نے لندن کی ڈیٹ لائن سے یہ خبر شائع کی ہے کہ ''لندن میں جناب آصف علی زرداری اور بلاول بھٹو کی جو تفصیلی ملاقات ہُوئی ہے، اِس میں دونوں صاحبان نے مبینہ طور پر سندھ کی تقسیم کے خلاف اپنے موقف پر ڈٹے رہنے کا فیصلہ کیا ہے۔'' عجب گھڑمس مچا ہے۔

نون لیگ کے اندر (احسن اقبال اور خواجہ آصف کی شکل میں) نئے مجوزہ صوبوں کے حق میں آوازیں اُٹھ رہی ہیں جب کہ رانا ثناء اللہ کا راگ مختلف ہے۔ دونوں نون لیگی مرکزی قائدین دانستہ مہر بہ لب ہیں۔ نواز شریف اور صدرِ مملکت کی وطن سے غیر حاضری کو بھی نئے معانی پہنائے جا رہے ہیں۔ لندن میں پکنے والی کھچڑی بھی جلد ہی کوئی نہ کوئی رنگ دکھانے والی ہے۔ اللہ خیر کرے۔

شوبز ڈیسک







سویرا ندیم نے اپنی شادی اور فیملی کو میڈیا سے دور کیوں رکھا ہے؟

اداکارہ سویرا ندیم نے پہلی بار اپنی نجی زندگی سے متعلق گفتگو کی ہے

منجھی ہوئی اداکارہ سمیرا ندیم نے پہلی بار اپنی ازدواجی زندگی کو سوشل میڈیا سے دور رکھنے کی وجہ بتادی۔ اداکارہ سویرا ندیم نے یہ انکشاف حال ہی میں ایک مارننگ شو میں کیا جہاں گفتگو کے دوران انہوں نے پہلی بار نسبتاً تفصیل سے اپنی شادی اور خاندانی زندگی کے بارے میں بات کی۔ سویرا ندیم نے بتایا کہ انہوں نے جان بوجھ کر اپنے خاندان سے متعلق تصاویر یا تفصیلات سوشل میڈیا پر شیئر نہیں کیں کیونکہ وہ اپنی نجی زندگی کی پرائیویسی برقرار رکھنا چاہتی ہیں۔ شادی کے بارے میں بات کرتے ہوئے سویرا ندیم نے کہا کہ یہ کوئی روایتی ارینج میرج نہیں تھی بلکہ میں نے صرف اور صرف اپنی مرضی سے شادی کی تھی۔ اداکارہ نے مزید بتایا کہ ان کی ملاقات اپنے شوہر سے مشترکہ دوستوں کے ذریعے ہوئی تھی جنہوں نے دونوں کو ایک دوسرے سے ملنے کا مشورہ دیا۔ سویرا ندیم نے کہا کہ پہلی ملاقات کے بعد دونوں کے درمیان اچھی ہم آہنگی پیدا ہوئی اور یہ تعلق شادی میں بدل گیا۔ انھوں نے اپنے شوہر کے بارے میں بتایا کہ ان کے شوہر کا تعلق شوبز سے نہیں بلکہ ٹیکنالوجی کے شعبے سے ہے اور وہ سافٹ ویئر پروفیشنل ہیں۔ نبا تا تکا مطالعہ اداکارہ نے دلچسپ انداز میں بتایا کہ شادی سے پہلے ان کے شوہر نے ان کی اداکاری بھی نہیں دیکھی تھی۔ سویرا کے بقول میں نے اپنے شوہر کو بعد میں خود اپنی اداکاری دکھانے کے لیے پرانی ڈی وی ڈیز دیکھنے پر مجبور کیا تھا۔ اداکارہ نے شوہر کو اپنی زندگی کا معاون قرار دیتے ہوئے کہا کہ بطور شریکِ حیات انتہائی سپورٹو ہیں اور دونوں بچوں کی پرورش سمیت زندگی کے اہم معاملات میں ہم ایک ہی سوچ رکھتے ہیں۔ انھوں نے مزید بتایا کہ ان کے دو بچے ہیں اور ان کے شوہر ایک ہینڈز آن فادر ہیں یعنی بچوں کی دیکھ بھال اور تربیت میں عملی طور پر بھرپور حصہ لیتے ہیں۔ اداکارہ نے بچوں کی پرورش کے حوالے سے معمولات کی اہمیت پر بھی بات کی۔ ان کے بقول وہ اور ان کے شوہر روزمرہ زندگی میں ایک باقاعدہ روٹین کی پابندی کرتے ہیں اور بچوں کو بھی اسی معمول کا عادی بنایا ہے۔ سویرا ندیم کا کہنا تھا کہ انہوں نے ڈاکٹروں سے یہ بات سنی ہے کہ بچوں کو باقاعدہ روٹین میں رکھنے سے انہیں تحفظ اور ذہنی سکون کا احساس ہوتا ہے۔ اداکارہ کے بقول اچھی بات یہ ہے کہ ان کے شوہر گھر کے معمولات کی پابندی کے معاملے میں ان سے بھی زیادہ محتاط ہیں۔



روزنامہ ندائے وطن مردان

اداکارہ زرین کو دھمکیاں اور تشدد، پولیس حرکت میں آ گئی

نامزد ملزمان کی گرفتاری کے لیے خصوصی ٹیم تشکیل دے دی گئی

لاہور (شوبز نیوز) اداکارہ زرین پر مبینہ تشدد اور دھمکیاں دینے کے واقعے کا مقدمہ تھانہ ڈیفنس سی میں درج کرلیا گیا جبکہ پولیس نے فوری کارروائی کرتے ہوئے مرکزی ملزمہ کوکب نواز کو گرفتار کرلیا۔ ایس پی کینٹ عاطف امیر کے مطابق اداکارہ زرین کی درخواست پر نامزد افراد حارث اور کوکب نواز کے خلاف جسمانی تشدد اور دھمکیاں دینے کے الزام میں مقدمہ نمبر 2167/26 درج کیا گیا ہے۔ پولیس حکام کے مطابق مقدمہ تعزیراتِ پاکستان کی دفعات 354 اور 506 کے تحت درج کیا گیا ہے۔ گرفتار ملزمہ کو مزید تفتیش کے لیے شعبہ تفتیش کے حوالے کر دیا گیا ہے۔ ایس پی کینٹ کی ہدایت پر دیگر نامزد ملزمان کی گرفتاری کے لیے خصوصی ٹیم تشکیل دے دی گئی ہے اور مختلف مقامات پر چھاپے مارے جا رہے ہیں۔ ایس پی کینٹ عاطف امیر کا کہنا ہے کہ دیگر ملزمان کو بھی جلد گرفتار کر لیا جائے گا جبکہ قانون ہاتھ میں لینے والے عناصر کسی رعایت کے مستحق نہیں ہیں۔ واقعے سے متعلق اداکارہ زرین کا ویڈیو بیان بھی سامنے آ گیا ہے۔ جس میں انہوں نے اپنے ساتھ پیش آنے والے واقعے سے متعلق تفصیلات بیان کی ہیں۔

☆☆☆☆☆☆



جیون ساتھی کا انتخاب انڈسٹری سے نہیں کروں گی، نوال سعید

لائف پارٹنر منتخب کرنے کا فیصلہ کیریئر کا انتخاب کرنے سے کہیں زیادہ مشکل اور ایک جوا ہے، اداکارہ

لاہور (شوبز نیوز) اداکارہ نوال سعید نے کہا ہے کہ جیون ساتھی منتخب کرنے کا فیصلہ انتہائی مشکل ہے، میں عزت کرنے والے شخص سے شادی کروں گی۔ سوشل میڈیا کے مختلف پلیٹ فارمز پر اداکارہ نوال سعید کا حالیہ بیان وائرل ہو رہا ہے جس میں انہوں نے کہا کہ جیون ساتھی کا انتخاب انڈسٹری سے نہیں کروں گی، لائف پارٹنر منتخب کرنے کا فیصلہ کیریئر کا انتخاب کرنے سے کہیں زیادہ مشکل اور ایک جوا ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ کیریئر میں آپ ہمیشہ نئی چیزیں سیکھ سکتے ہیں یا اپنا راستہ بدل سکتے ہیں لیکن لائف پارٹنر کا انتخاب اتنا آسان نہیں کیونکہ آپ کبھی نہیں جان سکتے کہ کوئی انسان آگے چل کر کیسا نکلے گا۔ نوال سعید نے واضح کیا کہ جب بھی وہ شادی کریں گی، شوبز انڈسٹری سے باہر کے کسی شخص کا انتخاب کرنے کو ترجیح دیں گی۔ اداکارہ کا کہنا تھا کہ اپنے آئیڈیل لائف پارٹنر کے حوالے سے وہ کسی امیر یا بہت مشہور شخصیت کے بجائے ایک روادار، عزت کرنے والے، مہربان اور سادہ مزاج انسان کو ترجیح دیتی ہیں۔

امیتابھ بچن کا سیف علی خان سے غیر متوقع خاندانی تعلق کا انکشاف

راج کپور کی بیٹی ریتو کپور کے بیٹے نکھل نندا میری بیٹی شویتا بچن کے شوہر ہیں

ممبئی (شوبز نیوز) بالی ووڈ کے لیجنڈری اداکار امیتابھ بچن نے انکشاف کیا ہے کہ اداکار سیف علی خان کا مجھ سے ایک غیر متوقع خاندانی تعلق ہے، جس کی وجہ سیف کی اہلیہ کرینہ کپور خان ہیں۔ سیف علی خان اور اکشے کمار اپنی آنے والی کرائم تھرلر فلم حیوان کی تشہیر کے لیے معروف کوئز شو کون بنے گا کروڑ پتی میں شریک ہوئے، جہاں میزبان امیتابھ بچن نے سیف سے گفتگو کے دوران یہ حیران کن انکشاف کیا۔ امیتابھ بچن نے سیف سے کہا کہ بہت سے لوگ نہیں جانتے، لیکن ان کا مجھ سے رشتہ ہے، یہ سن کر سیف حیران ہو گئے اور پوچھا کہ میرا؟ جبکہ اکشے کمار بھی یہ انکشاف سن کر چونک گئے۔ امیتابھ نے رشتے کی وضاحت کرتے ہوئے بتایا کہ راج کپور کی بیٹی ریتو کپور کے بیٹے نکھل نندا میری بیٹی شویتا بچن کے شوہر ہیں۔ امیتابھ بچن نے اس موقع پر مزاحیہ انداز میں سیف سے پوچھا کہ اب میں جاننا چاہتا ہوں کہ مجھے کرینہ کو کس طرح مخاطب کرنا چاہیے؟ اور کرینہ مجھے کیا کہیں گی؟ سیف نے برجستہ جواب دیا کہ شکر ہے یہ سوال اسکرین پر نہیں آیا، سیف کا جواب سن کر امیتابھ اور اکشے کمار بھی ہنس پڑے۔ دراصل یہ خاندانی تعلق سیف علی خان کی کرینہ کپور سے شادی کے باعث قائم ہوا ہے، سیف اور کرینہ نے 2012 میں شادی کی تھی، کرینہ کپور، راج کپور کی پوتی اور اداکار رندھیر کپور کی بیٹی ہیں، جبکہ نکھل نندا اور کرینہ کپور فرسٹ کزنز ہیں۔ یوں کرینہ کے ذریعے سیف علی خان کا تعلق کپور خاندان سے اور بالواسطہ طور پر بچن خاندان سے بھی جڑ جاتا ہے۔ امیتابھ بچن اور کرینہ کپور اس سے قبل 2001 کی فلم کبھی خوشی کبھی غم، 2004 کی فلم دیو اور 2013 کی فلم ستیہ گرہ میں ایک ساتھ کام کر چکے ہیں۔ امیتابھ بچن نے سیف علی خان کے ساتھ 2007 کی فلم ایکلویا: دی رائل گارڈ اور 2011 کی فلم آراکشن میں اداکاری کے جوہر دکھائے ہیں۔ ایک ساتھ کام کر چکے ہیں۔ امیتابھ بچن نے سیف علی خان کے ساتھ 2007 کی فلم ایکلویا: دی رائل گارڈ اور 2011 کی فلم آراکشن میں اداکاری کے جوہر دکھائے ہیں۔




☆☆☆☆☆

عدنان سمیع کی بالی ووڈ میں پرانے گانوں کے ریمکس کے بڑھتے رجحان پر تنقید

کوئی میوزک ڈائریکٹر بچپن میں یہ خواب لے کر بڑا نہیں ہوا وہ مستقبل میں ریمکس بنائیگا، گلوکار

معروف گلوکار اور موسیقار عدنان سمیع نے بالی ووڈ میں پرانے گانوں کو نئے انداز میں ریمکس کرنے کے بڑھتے ہوئے رجحان پر تنقید کی ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق 55 سالہ گلوکار نے ایک پوڈکاسٹ میں گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ میوزک کارپوریٹس نئی اور دلچسپ چیز تخلیق کرنے کے بجائے تجربات کرنے سے خوفزدہ ہیں۔ عدنان سمیع کے مطابق یہی رجحان فلم انڈسٹری میں بھی دیکھنے کو مل رہا ہے جہاں پرانی فلموں کے ریمیک، سیکوئل، پریکوئل اور اسپن آف بنائے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ میوزک کارپوریٹس تجربات کرنے سے خوفزدہ ہیں، یہی صورتحال سینما میں بھی ہے، ریمیک بنائے جا رہے ہیں، سیکوئل اور پریکوئل بن رہے ہیں جبکہ اسپن آف بھی کیے جا رہے ہیں۔ عدنان سمیع نے کہا کہ کوئی میوزک ڈائریکٹر بچپن میں یہ خواب لے کر بڑا نہیں ہوا ہوگا کہ وہ مستقبل میں ریمکس بنائے گا، اس لئے میوزک ڈائریکٹرز کو مورد الزام نہ ٹھہرائیں بلکہ ان لوگوں کو ذمے دار قرار دیں جو ان سے زبردستی ایسا کرواتے ہیں۔



بیوہ یا طلاق یافتہ خواتین کی دوبارہ شادی کی خواہش کو منفی نگاہ سے نہیں دیکھنا چاہیے، حمزہ عباسی

اگر کوئی اپنی زندگی کا ذاتی فیصلہ کرنا چاہے اور ہم اس میں دخل اندازی تو یہ چیز اخلاقیات کے منافی ہے، اداکار

پاکستانی اداکار حمزہ علی عباسی نے طلاق یا بیوگی کے بعد دوبارہ شادی کرنے کی خواہش مند خواتین سے متعلق معاشرتی رویے پر تشویش کا اظہار کیا ہے۔ سوشل میڈیا پر جاری ویڈیو پیغام میں حمزہ علی عباسی نے کہا کہ ہمارے معاشرے کا ایک مخصوص طبقہ ہے جو بیوہ اور طلاق یافتہ خاص طور پر جب ان کے بچے ہوں اور وہ دوسری شادی کرنا چاہیں تو اس چیز کو معیوب سمجھتا ہے اور بری نگاہ سے دیکھتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس طرح کے منفی تاثر کی حوصلہ شکنی کی جانی چاہیے اور اس کے برعکس خواتین کو یہ فیصلہ کرنے میں تعاون اور سہولت فراہم کی جانی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ کوئی دوسری شادی کرنا چاہے یا نہ کرنا چاہے یہ سراسر اس شخص کا فیصلہ ہونا چاہیے، اس میں ہمیں نہیں بولنا چاہیے، یہ چیز اخلاقیات کے منافی ہے کہ کوئی اپنی زندگی کا ذاتی فیصلہ کرنا چاہے اور ہم اس میں دخل اندازی کریں۔ حمزہ نے کہا کہ میری گزارش ہے کہ جو خواتین دوبارہ شادی کرنا چاہتی ہیں، ہمیں انہیں منفی نگاہ سے نہ دیکھیں کیونکہ یہ ان کا حق ہے جو انہیں ہمارے دین نے دیا ہے۔

روزنامہ ندائے وطن مردان



پرنٹر پبلشر عابد رضا راجہ نے روحانی آرٹ پریس سے چھپوا کر روزنامہ آئے دن افس نمبر 4 فرسٹ فلور اویس شاپنگ سینٹر ڈبل روڈ PWD اسلام آباد سے جاری کیا۔ 05128101065

بقیہ 1

یوم فضائیہ کے موقع پر پاکستان ایئرفورس کے شہداء اور غازیوں کو خراجِ عقیدت پیش کرتے ہیں اور شاہینوں کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو سلام پیش کرتے ہیں۔ مریم نواز شریف کا کہنا تھا کہ گزشتہ برس مئی میں پاک فضائیہ نے دشمن کے 8 جدید ترین جنگی طیارے گرا کر سبز ہلالی پرچم کو سربلند کیا، پاک فضائیہ کے شاہینوں نے اپنی پیشہ ورانہ مہارت، جرات اور عزم سے ایک بار پھر قوم کا سر فخر سے بلند کیا۔ وزیراعلیٰ نے شہداء کے درجات کی بلندی اور ان کے اہلِ خانہ کیلئے خصوصی دعا کرتے ہوئے کہا کہ وطن کے دفاع کیلئے جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے بہادر سپوت قوم کے ہیرو ہیں اور ان کی قربانیاں ہمیشہ ہمارے دلوں میں زندہ رہیں گی۔

بقیہ 2

اقبال نے کہا ہے کہ 6 ستمبر 1965 سے 6 ستمبر 2026 تک دنیا مکمل طور پر بدل چکی ہے، آج دفاع کا تصور صرف ٹینکوں، توپوں اور روایتی ہتھیاروں تک محدود نہیں رہا بلکہ مصنوعی ذہانت (اے آئی)، جدت اور جدید ٹیکنالوجی دفاع کے اہم اور طاقتور محاذ بن چکے ہیں۔ یوم فضائیہ کے موقع پر اپنے پیغام میں انہوں نے کہا کہ اگر پاکستان کی خودمختاری اور سلامتی کو یقینی بنانا ہے تو دفاعی صلاحیتوں کو ٹیکنالوجی کے نئے افق سے ہم آہنگ کرنا ہوگا۔ پروفیسر احسن اقبال نے کہا کہ پاکستان کے نوجوان، سائنسی علوم اور جدید ٹیکنالوجی آنے والے وقت میں ملک کی سلامتی اور خودمختاری کے حقیقی محافظ ثابت ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ بدلتی دنیا میں قومی سلامتی کے تقاضے بھی تبدیل ہو رہے ہیں، اس لیے پاکستان کو علم، تحقیق، جدت اور ٹیکنالوجی کے میدان میں اپنی صلاحیتوں کو مزید مضبوط بنانا ہوگا۔

بقیہ 3

ہے کہ خواندگی ایک بااختیار معاشرے کی بنیاد ہے اور ہر بچے کو سیکھنے، خواب دیکھنے اور بہتر مستقبل کی تعمیر کا حق حاصل ہے۔ میڈیا سیل بلاول ہاؤس کی جانب سے جاری کردہ پریس ریلیز کے مطابق، پی پی پی چیئرمین نے کہا کہ عالمی یوم خواندگی ہمیں یاد دلاتا ہے کہ علم کی روشنی غربت، جنس یا حالات کی تفریق کے بغیر ہر گھر تک پہنچنی چاہیے۔ انہوں نے زور دیا کہ لڑکیوں، پسماندہ طبقات سے تعلق رکھنے والے بچوں اور دور دراز و پسماندہ علاقوں میں رہنے والے بچوں کے لیے مساوی تعلیمی مواقع یقینی بنائے جانے چاہئیں۔ چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ شہید محترمہ بینظیر بھٹو نے ایسے پاکستان کا خواب دیکھا تھا جہاں ہر بچہ تعلیم حاصل کر سکے اور قومی زندگی میں بھرپور کردار ادا کر سکے۔ انہوں نے تعلیم اور خواندگی کو سماجی انصاف اور جمہوری بااختیاری کا ذریعہ بنانے کے لیے پیپلز پارٹی کے عزم کا اعادہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ ہر وہ بچہ جو پڑھنا سیکھتا ہے، اپنے ہاتھوں میں ایک نئی امید اور ایک نئے امکان کو تھام لیتا ہے۔ ہماری ذمہ داری ہے کہ غربت کبھی کسی بچے کے خوابوں کو نہ بجھا سکے۔ انہوں نے قوم سے مخاطب ہوتے ہوئے اپیل کی کہ آئیے علم کی روشنی کو پاکستان کے ہر گھر کے لیے امید کی روشنی بنائیں۔

بقیہ 4

حماد اظہر کا جسمانی ریمانڈ دے دیا۔ پاکستان تحریک انصاف کے رہنما اور سابق رکن قومی اسمبلی حماد اظہر کی گرفتاری ظاہر کر دی گئی اور انہیں جناح ہاؤس حملہ کیس میں چہرے پر کپڑا ڈال کر انسداد دہشتگردی کی عدالت میں پیش کر دیا گیا۔ اے ٹی سی میں پیش کرتے ہوئے پولیس نے عدالت نے 14 روزہ جسمانی ریمانڈ کی استدعا کی۔ تفتیشی افسر کا کہنا تھا کہ حماد اظہر جناح ہاؤس حملہ کیس میں کافی عرصے سے اشتہاری تھے اور اب گرفتار ہوئے ہیں تو تفتیش کے لیے جسمانی ریمانڈ درکار ہے۔ تفتیشی افسر نے عدالت کو آگاہ کیا کہ ملزم کا فوٹوگرامیٹک ٹیسٹ کروانا ہے اور اس کے سوشل میڈیا اکاؤنٹس کا فرانزک کروانا ہے۔ عدالت نے تفتیشی افسر کے دلائل سننے کے بعد جسمانی ریمانڈ پر فیصلہ کچھ دیر کے لیے محفوظ کیا اور پھر ملزم کا 20 روزہ جسمانی ریمانڈ منظور کر لیا۔ حماد اظہر کی پیشی کے موقع پر جج نے میڈیا نمائندوں کو کمرہ عدالت سے باہر جانے کی ہدایت کر دی۔ جج نے کہا کہ وکلاء اور تفتیشی افسر کے علاوہ سب لوگ کمرہ عدالت سے باہر چلے جائیں۔ عدالت نے ہدایت دی کہ کارروائی شروع ہونے پر صحافیوں کو دوبارہ کمرہ عدالت میں بلا لیا جائے گا۔ اس سے قبل ترجمان انویسٹی گیشن پولیس کا بیان سامنے آیا تھا جس میں انہوں نے کہا تھا کہ حماد اظہر گزشتہ 3 برس سے روپوش تھے اور لاہور پولیس کو مختلف مقدمات میں مطلوب تھے۔ انویسٹی گیشن پولیس لاہور نے حماد اظہر کو حسبِ ضابطہ کارروائی کرتے ہوئے گرفتار کیا۔ پولیس ترجمان کا کہنا تھا کہ گرفتار ملزم کو مجاز عدالت میں پیش کر کے جسمانی ریمانڈ حاصل کیا جائے گا، جس کے بعد مقدمات سے متعلق مزید تفتیش کی جائے گی۔ ترجمان کا مزید کہنا تھا کہ تفتیش مکمل ہونے کے بعد مقدمات کا چالان انسدادِ دہشت گردی عدالت میں پیش کیا جائے گا، جبکہ گرفتار ملزم کا مضبوط چالان مرتب کر کے اسے قرار واقعی سزا دلوانے کے لیے قانونی کارروائی مکمل کی جائے گی۔ پولیس کے مطابق حماد اظہر کے خلاف درج مقدمات اور ان میں عائد الزامات کی مزید تفصیلات تفتیش اور عدالتی کارروائی کے دوران سامنے آئیں گی۔ واضح رہے کہ پی ٹی آئی رہنما حماد اظہر کو گزشتہ روز ملتان سے گرفتار کر کے لاہور پولیس کے حوالے کر دیا گیا تھا۔ پولیس ذرائع کا کہنا تھا کہ حماد اظہر 9 مئی 2023ء کے واقعات سے متعلق مختلف مقدمات میں پولیس کو مطلوب تھے اور 9 مئی 2023ء سے اشتہاری قرار دیے گئے تھے۔

بقیہ 5

صبا محبوب کے قتل کے واقعہ کا نوٹس لے لیا۔ وفاقی وزیر نے آئی جی پنجاب کو واقعے سے متعلق مراسلہ بھجوا دیا ہے۔ وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ نے مراسلے میں کہا کہ واقعہ کی قانون کے مطابق مکمل اور جامع تحقیقات یقینی بنائی جائیں، تحقیقات انصاف کی فراہمی کے لیے ترجیحی بنیادوں پر کی جائیں۔ انھوں نے واقعہ کی پیش رفت سے متعلق جامع رپورٹ بھی طلب کر لی۔ وزارت انسانی حقوق کے مطابق صبا محبوب کے قتل کا واقعہ راولپنڈی کے علاقے ڈھوک رتہ میں پیش آیا۔ واقعہ سے متعلق ایف آئی آر تھانہ رتہ امرال، راولپنڈی میں درج کی گئی ہے، ایف آئی آر 3 ستمبر کو خاتون کے سوتیلے بھائی کی مدعیت میں درج کی گئی۔

بقیہ 6

شیخ جراح جابر الاحمد الصباح سے ٹیلی فونک رابطہ کیا۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق دونوں رہنماؤں کے درمیان پاکستان اور کویت کے دوطرفہ تعلقات، باہمی دلچسپی کے شعبوں میں تعاون اور علاقائی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ترجمان کے مطابق اسحاق ڈار اور کویتی وزیر خارجہ نے قریبی رابطہ برقرار رکھنے پر اتفاق کیا۔ دونوں رہنماؤں نے اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے اجلاس کے موقع پر ملاقات کرنے پر بھی اتفاق کیا۔

بقیہ 7

کرلی اور مزید بلٹ پروف گاڑیوں کی ضرورت کا دوبارہ جائزہ لینے کی ہدایت کی گئی۔ اعلامیہ کے مطابق پاکستان میں ایس سی او سربراہی اجلاس ستمبر 2027 میں منعقد ہوگا۔ اعلامیہ کے مطابق اجلاس میں تمباکو فصل کی کم از کم امدادی قیمت اور سیس میں اضافے کی تجویز موخر کر دی گئی، تمباکو کی قیمت اور سیس سے متعلق تجویز مزید جائزے کے لیے وزارت کو واپس بھیج دی گئی۔ وزارت خزانہ کے اعلامیہ کے مطابق گوادر فری زون سے گدھے کے گوشت اور کھالوں کی برآمد کی تجویز منظور کر لی گئی۔ اعلامیہ کے مطابق دانش اسکولز اتھارٹی فنڈ کیلئے 5 ارب روپے سیڈ منی کی منظوری دی گئی، اس مقصد کیلئے 5 ارب روپے اینڈومنٹ فریم ورک کے تحت رکھے جائیں گے۔ اعلامیہ کے مطابق پاکستان اسکلز امپیکٹ بانڈ پر پیشرفت کا جائزہ لیا گیا اور وزارت تعلیم کو 30 ستمبر کی ڈیڈ لائن دے دی۔

بقیہ 8

انرولمنٹ کی روک تھام کے لیے محکمہ سکول ایجوکیشن نے طلبہ کے انرولمنٹ ڈیٹا کی 100 فیصد تصدیق کرنے کا حکم دے دیا۔ محکمہ سکول ایجوکیشن کی جانب سے سکول سربراہان کو طلبہ کا درست اور تازہ ترین انرولمنٹ ڈیٹا آن لائن پورٹل پر اپ ڈیٹ کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ ہیڈ ٹیچرز کلاس پری تا ہشتم کے طلبہ کا نام وار انرولمنٹ ڈیٹا تصدیق کریں گے، جبکہ کلاس نہم کے طلبہ کا بھی نام وار ڈیٹا پورٹل پر اپ ڈیٹ اور تصدیق کیا جائے گا۔ کلاس نہم کے طلبہ کے سائنس، آرٹس اور میٹرک ٹیک گروپ کی تفصیلات بھی درج کرنے کا حکم دیا گیا ہے۔ اردو اور انگلش میڈیم کے طلبہ کا انرولمنٹ ڈیٹا الگ الگ فراہم کیا جائے گا۔ سکول سربراہان کو انرولمنٹ ڈیٹا کی تصدیق اور سرٹیفکیشن کا عمل 3 روز میں مکمل کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ سکولوں کا 100 فیصد ڈیٹا جمع اور تصدیق کرانے کی ذمہ داری سی ای او ایجوکیشن کو سونپ دی گئی ہے۔ سی ای اوز کو مفت درسی کتب کے اضافی قابلِ استعمال سٹاک کی بھی تصدیق کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ آئندہ تعلیمی سیشن 2027-28 کے لیے مفت درسی کتب کی ضرورت کا تعین نئے تصدیق شدہ انرولمنٹ ڈیٹا کی بنیاد پر کیا جائے گا۔ محکمہ سکول ایجوکیشن کے مطابق سکولوں کا انرولمنٹ ڈیٹا اور اضافی مفت درسی کتب کا ریکارڈ 8 ستمبر 2026ء تک مکمل کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ انرولمنٹ ڈیٹا میں غلطی یا کمی دور کرنے کے لیے خصوصی آن لائن پورٹل بھی فعال کر دیا گیا ہے۔

بقیہ 9

درمیانی شب بھارتی حفاظتی حصار میں موجود بھارتی بحری ساحلی تنصیب دوارکا کے خلاف پاک بحریہ کا جرات مندانہ آپریشن سومناتھ ہمیں اپنی بحریہ کے شاندار ماضی کی یاد دلاتا ہے، یہ آپریشن نہ صرف پاک بحریہ کی بہادری اور ثابت قدمی کا مظہر تھا بلکہ اس نے ایک ایسی مضبوط قوت کی بنیاد رکھنے میں بھی اہم کردار ادا کیا جو خود اعتمادی اور دشمن کے دل میں خوف پیدا کرنے کے غیر متزلزل عزم سے لیس تھی اور ملک کے بحری دفاع کو مزید مضبوط بنانے کے لئے پرعزم رہی۔ انہوں نے کہا کہ 1965 کے ان تاریخی واقعات کے بعد سے پاک بحریہ نے اپنی بحری سرحدوں کے دفاع میں اسی جذبہ شجاعت اور عزم کو برقرار رکھا ہے۔ معرکہ حق کے دوران مئی 2025 میں پاک بحریہ نے اپنی آپریشنل تیاری اور پیشگی تعیناتیوں کے ذریعے دشمن کو مؤثر طور پر باز رکھتے ہوئے پاکستان کے بحری مفادات کے تحفظ میں اہم کردار ادا کیا۔ اس کے نتیجے میں عددی برتری رکھنے والی بھارتی بحریہ کو قابو میں رکھا گیا اور اسے پاکستان کی بحری سلامتی کو خطرے میں ڈالنے کا کوئی موقع نہیں دیا گیا۔ صدر مملکت آصف علی زرداری نے کہا کہ حال ہی میں مشرق وسطیٰ میں جاری تنازعہ کے دوران بھی پاک بحریہ نے آپریشن محافظ البحر کے ذریعے قومی سلامتی کے تحفظ کے لئے اپنے عزم اور ذمہ داری کا مظاہرہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ پاک بحریہ نے ملک کی توانائی سلامتی اور اقتصادی شہ رگ کے تحفظ میں فوری اور نمایاں کردار ادا کرتے ہوئے ضروری سمندری ذرائع سے توانائی کی فراہمی کے تسلسل کو یقینی بنایا۔ پاک بحریہ عصر حاضر کی تکنیکی ترقیوں سے ہم آہنگ رہتے ہوئے اپنی صلاحیتوں کو بھی جدید خطوط پر استوار کر رہی ہے، جدید جنگی بحری جہازوں، تزویراتی اہمیت کی حامل ہنگور کلاس آبدوزوں، جیٹ طیاروں، بغیر پائلٹ کے نظام اور مقامی طور پر تیار کردہ طویل فاصلے تک مار کرنے والے میزائلوں کی شمولیت اس بات کی عکاس ہے کہ پاک بحریہ ایک جدید اور مؤثر بحری قوت برقرار رکھنے کے لئے پوری توجہ اور عزم کے ساتھ آگے بڑھ رہی ہے جو پاکستان کے بحری مفادات کا تحفظ کرنے کی بھرپور صلاحیت رکھتی ہے۔ صدر مملکت نے کہا کہ قومی سلامتی اور ہماری سمندری حدود کی سالمیت یقینی بنانے کے علاوہ پاک بحریہ بحری سفارتکاری اور علاقائی سلامتی کے فروغ میں بھی فعال کردار ادا کر رہی ہے، کثیر ملکی بحری مشق امن اور امن ڈائیلاگ کے ذریعے پاک بحریہ امن کے لئے ساتھ ساتھ کے عنوان کے تحت بین الاقوامی تعاون کو فروغ دے رہی ہے۔ صدر مملکت نے کہا کہ پاک بحریہ قومی اور علاقائی ہنگامی حالات کے دوران ایک قابلِ اعتماد فرسٹ رسپانڈر کے طور پر خدمات انجام دیتے ہوئے اہم انسانی امداد اور آفات سے نمٹنے کے لئے امدادی سرگرمیوں میں بھی بھرپور کردار ادا کر رہی ہے۔ صدر مملکت آصف علی زرداری نے کہا کہ ہم جب پیچیدہ بحری چیلنجز کا سامنا کر رہے ہیں تو میں مسلح افواج کی مسلسل جدید کاری اور استعدادِ کار میں اضافے کے لئے ریاست کے غیر متزلزل عزم کا اعادہ کرتا ہوں، مجھے پاک بحریہ پر مکمل اعتماد ہے کہ اپنی اعلیٰ پیشہ ورانہ اقدار اور تکنیکی برتری کے ساتھ وہ بہادری، وقار اور پیشہ ورانہ مہارت کے ذریعے پاکستان کے بحری مفادات کا تحفظ جاری رکھے گی۔

بقیہ 10

کو یاد کرنے کا دن ہے۔ انہوں نے کہا کہ 1965 کی جنگ کے دوران پاک بحریہ نے غیر معمولی بہادری اور حکمت عملی کا مظاہرہ کرتے ہوئے ملک کی بحری حدود کے دفاع کے عزم کا ثبوت دیا۔ پیر کو ایوان صدر کے پریس ونگ سے جاری بیان کے مطابق سید یوسف رضا گیلانی نے آپریشن سومناتھ کو پاک بحریہ کی حکمت عملی، جرات اور پیشہ ورانہ مہارت کی ایک نمایاں مثال قرار دیتے ہوئے کہا کہ اس آپریشن نے دشمن کی دفاعی صلاحیتوں کو نمایاں نقصان پہنچایا اور یہ ملکی دفاعی تاریخ کا ایک قابل فخر باب ہے، انہوں نے کہا کہ گزشتہ برسوں کے دوران پاک بحریہ ایک جدید اور ہمہ جہت بحری قوت کے طور پر ترقی کر چکی ہے جو دفاعی اور علاقائی سطح پر ابھرنے والے نئے چیلنجز سے نمٹنے کی صلاحیت رکھتی ہے۔ قائم مقام صدر کے مطابق پاک بحریہ صرف ملکی بحری سرحدوں کے دفاع تک محدود نہیں بلکہ بحری سلامتی، سمندری تجارتی راستوں کے تحفظ، عالمی امن مشنز اور قدرتی آفات کے دوران انسانی امداد میں بھی اہم کردار ادا کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ معرکہ حق اور آپریشن بنیان مرصوص کے دوران بھی پاک بحریہ نے ملک کی ساحلی اور بحری سرحدوں کے تحفظ کے لیے بھرپور چوکسی اور تیاری برقرار رکھی۔ سید یوسف رضا گیلانی نے وطن کے دفاع میں جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے پاک بحریہ کے شہدا کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ قوم ان کی قربانیوں کو ہمیشہ یاد رکھے گی۔ انہوں نے غازیوں کی خدمات کو بھی سراہتے ہوئے کہا کہ ان کی پیشہ ورانہ خدمات پوری قوم کے لیے باعث فخر ہیں۔ قائم مقام صدر نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ پاکستان ایک امن پسند ملک ہے اور علاقائی امن، استحکام اور تعاون کے لیے پرعزم ہے تاہم ملکی خودمختاری اور علاقائی سالمیت پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جا سکتا۔ انہوں نے اعتماد کا اظہار کیا کہ پاک بحریہ اپنی پیشہ ورانہ روایات اور اعلیٰ معیار کو برقرار رکھتے ہوئے پاکستان کی بحری سرحدوں کے دفاع کے عزم کو جاری رکھے گی۔ سید یوسف رضا گیلانی نے پاک بحریہ کے تمام افسران اور اہلکاروں کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ پوری قوم اپنے بحری محافظوں کے ساتھ کھڑی ہے اور ان کی خدمات کو قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے۔

بقیہ 11

فیسلیٹیشن سنٹر میں موجود شہریوں سے براہِ راست مسائل دریافت کیے۔ وزیر داخلہ نے فیسلیٹیشن سنٹر میں ایجنٹس کی موجودگی کا سخت نوٹس لیتے ہوئے ایجنٹس کیخلاف بھرپور ایکشن کا حکم دیا اور کہا کہ فیسلیٹیشن سینٹر میں کوئی ایجنٹ نظر نہیں آنا چاہیے۔ وفاقی وزیر داخلہ نے سینئر سٹیزن کاؤنٹر کا بھی دورہ کیا اور بزرگ شہریوں کے مسائل فوری حل کرنے کی ہدایت کی۔ وزیر داخلہ نے کاؤنٹرز پر لمبی قطاروں، رش اور انتظار پر ناراضگی کا اظہار کیا اور ہدایت کی کہ فیسلیٹیشن سینٹر آنے والے شہریوں کو بہترین انداز سے ڈیل کیا جائے۔ وفاقی وزیر داخلہ نے عمارت کی تزئین و آرائش کے ساتھ نئے کاؤنٹرز بنانے کے احکامات دیے۔ شہریوں نے وزیر داخلہ سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ فیسلیٹیشن سنٹر کا نظام اب بھی مینول ہے، مکمل ڈیجیٹلائزیشن نہیں ہوئی۔ مقررہ تاریخ پر ضروری دستاویزات فراہم نہیں کی جاتیں، بار بار آنا پڑتا ہے۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے شہریوں کے مسائل کے ازالے کیلئے موقع پر ہی احکامات جاری کئے۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا کہ عوام کو بہتر اور بروقت خدمات کی فراہمی یقینی بنائی جائے۔ شہریوں کو غیر ضروری انتظار اور دقت کا سامنا نہیں ہونا چاہیے۔ مقررہ تاریخ پر دستاویزات کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے۔ ڈیجیٹل نظام کے ذریعے شہریوں کے مسائل کا فوری اور شفاف حل یقینی بنایا جائے۔ فیسلیٹیشن سینٹر کے نظام کو مکمل طور پر ڈیجیٹل بنایا جائے۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے شہریوں کو یقین دہانی کروائی کہ ایک ماہ کے اندر واضح بہتری نظر آئے گی۔

بقیہ 12

ایگریکلچرل سٹوریج اینڈ سروسز کارپوریشن (پاسکو) اور یوٹیلیٹی سٹورز کارپوریشن (یو ایس سی) کی بندش کے عمل میں پیش رفت اور اس عمل کی تکمیل کے لیے درکار باقی اقدامات کا جائزہ لینے کیلئے منعقدہ اجلاس سے اظہار خیال کر رہے تھے۔ وزارت خزانہ کی جانب سے جاری بیان کے مطابق پیر کو ہونے والے اجلاس میں یوٹیلیٹی سٹورز کارپوریشن کی بندش کے عمل میں اب تک ہونے والی پیش رفت کے بارے میں تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ بریفنگ میں منظور شدہ ملازمین کے سیورنس پیکیج پر عملدرآمد، تصدیق شدہ وینڈر واجبات کی ادائیگی، سٹاک کی واپسی اور تلفی جبکہ اثاثوں اور املاک کے انتظام سے متعلق اقدامات کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ ملازمین کو ادائیگیوں اور تصدیق شدہ واجبات کی ادائیگی کے معاملے میں نمایاں پیش رفت ہو چکی ہے اور اس مقصد کے لیے ضروری آڈٹ اور تصدیقی نظام بھی وضع کر دیئے گئے ہیں۔ ملازمین اور دیگر متعلقہ کلیمز کی درست شناخت اور تصدیق یقینی بنانے کے لیے بائیومیٹرک تصدیق اور معاون دستاویزات سمیت مختلف اقدامات بھی کیے گئے ہیں۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ وینڈرز کے واجبات کی ادائیگی میں بھی خاطر خواہ پیش رفت ہوئی ہے۔ تصدیق شدہ کلیمز کی جانچ پڑتال مکمل کر کے ادائیگیاں کی جا چکی ہیں۔ اجلاس میں یوٹیلیٹی سٹورز کی بندش کے بعد باقی ماندہ سٹاک کی صورتحال کا بھی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ برانڈڈ اور دیگر اشیائے خورونوش کی بڑی مقدار واپس کی جا چکی ہے یا مقررہ طریقہ کار کے تحت تلف کر دی گئی ہے جبکہ باقی ماندہ سٹاک کو بھی ضابطے کے مطابق نمٹانے کا عمل جاری ہے۔ اجلاس میں ریکس اور دیگر منقولہ اثاثوں کی نیلامی کے حوالہ سے پیش رفت کا بھی جائزہ لیا گیا۔ آئی ٹی آلات اور گاڑیوں کی صورتحال بھی زیر غور آئی اور بتایا گیا کہ ان کے تصرف یا منتقلی کے لیے آڈٹ اور تصدیقی عمل جاری ہے۔ اجلاس میں یوٹیلیٹی سٹورز کارپوریشن کے اثاثوں کی نیلامی یا منتقلی کے لیے مناسب انتظامات کی ضرورت پر زور دیا گیا۔ وفاقی وزیر خزانہ نے یوٹیلیٹی سٹورز کارپوریشن سے متعلق زیر سماعت مقدمات کا بھی نوٹس لیا اور ان مقدمات کو نمٹانے اور قانونی معاملات کو موثر انداز میں دیکھنے کے لیے کی جانے والی کوششوں کو سراہا۔ انہوں نے ہدایت کی کہ کارپوریشن کی بندش کے عمل کے ساتھ ساتھ تمام قانونی، مالی اور انتظامی تقاضے بھی پورے کیے جائیں۔ اجلاس میں پاسکو کی بندش کے عمل میں ہونے والی پیش رفت کا بھی جائزہ لیا گیا جس میں موجود سٹاک کی صورتحال اور باقی ماندہ امور کی تکمیل کے لیے کیے جانے والے انتظامات شامل تھے۔ اجلاس میں مختلف صوبوں میں موجود پاسکو کے سٹاک سے متعلق امور پر بھی زیر غور آئے۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ متعلقہ صوبوں کی ضروریات اور حالات کو مدنظر رکھتے ہوئے اس سٹاک کی منتقلی کے لیے انتظامات کیے جا رہے ہیں۔ وزیر خزانہ نے صوبائی حکام کے ساتھ قریبی رابطہ اور موثر تعاون کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ ان معاملات کی وجہ سے دونوں اداروں کی مجموعی بندش کا عمل تاخیر کا شکار نہیں ہونا چاہیے۔ سینیٹر محمد اورنگزیب نے بندش کے عمل میں پیش رفت کی رفتار برقرار رکھنے اور باقی ماندہ کام کو واضح ذمہ داریوں اور قابل عمل مدت کے تعین کے ساتھ مربوط انداز میں مکمل کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ مقصد یہ ہونا چاہیے کہ دونوں اداروں کی بندش کے عمل کو منطقی انجام تک پہنچایا جائے جبکہ سرکاری وسائل کا تحفظ اور ہر مرحلے پر شفافیت یقینی بنائی جائے۔ اجلاس میں وفاقی سیکریٹری وزارت قومی غذائی تحفظ و تحقیق، وفاقی سیکریٹری وزارت صنعت و پیداوار، پاسکو اور یوٹیلیٹی سٹورز کارپوریشن کے نمائندوں سمیت متعلقہ وزارتوں اور ڈویژنز کے سینئر حکام نے شرکت کی۔

بقیہ 13

نے کہا کہ پاک فضائیہ نے ہمیشہ فضائی معرکوں میں اپنی پیشہ ورانہ صلاحیت، مہارت اور برتری کا لوہا منوایا ہے، یہ ممتاز ادارہ قربانی، شجاعت اور پیشہ ورانہ مہارت کی قابل فخر تاریخ رکھتا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ جنگ ستمبر میں شاہینوں نے کامیابی سے فضائی حدود کا دفاع کیا، گزشتہ سال مئی میں پاکستان نے جارح دشمن کو شکست دی، فضائیہ نے پاک افواج کی دیگر سروسز کے ساتھ مثالی ہم آہنگی کا مظاہرہ کیا۔ وزیراعظم نے مزید کہا کہ پاک فضائیہ نے ایک بار پھر تعداد میں کم ہوتے ہوئے بھی دشمن کا مقابلہ کرنے کی اپنی شاندار روایت کو برقرار رکھا۔

بقیہ 14

نوکریوں سے برخاست کیا گیا، 14 فوڈ کنٹرولر کے خلاف تادیبی کاروائی جاری ہے۔ انہوں نے بتایا کہ وکٹوریہ ہسپتال بہاولپور کی پارکنگ سے اوور چارجنگ پر بھی ٹھیکیدار کو گرفتار کیا گیا، چیچہ وطنی ٹی ایچ کیو ہسپتال میں اوور چارجنگ کا ٹھیکہ منسوخ کر دیا گیا ہے۔ وزیر اطلاعات عظمیٰ بخاری نے کہا کہ کرپشن ہمارے معاشرے کا ایک ناسور بن چکا ہے، کرپشن کے خلاف کریک ڈاؤن بلاتفریق کیا جا رہا ہے، کسی کو ٹارگٹ نہیں کیا جائے گا، عوام کرپشن کے خاتمے کے لیے مریم نواز کے ساتھ ہیں، عوام کی جانب سے پنجاب میں کرپشن کے خلاف کریک ڈاؤن کو بھرپور پذیرائی مل رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ مریم نواز نے جو بھی فیصلہ کیا اس پر عمل درآمد کروایا ہے، مریم نواز نے کبھی تنقید اور منفی پروپیگنڈوں کی پرواہ نہیں کی، جھوٹے پروپیگنڈے اور ذاتی تنقید نے مریم نواز کو کمزور نہیں بلکہ چٹان کی طرح مزید مضبوط کیا ہے۔

بقیہ 15

10 لاکھ میٹرک ٹن اضافی چینی کی موجودگی میں چینی کو اسٹور کرنا دشوار ہوگا، شوگر ملز ایسوسی ایشن طویل عرصے سے میڈیا میں ان مسائل کو اجاگر کر رہی ہے، وفاقی حکومت نے شوگر انڈسٹری کے مطالبات پر مثبت ردعمل ظاہر نہیں کیا ہے، یہ صورتحال انتہائی نازک موڑ پر پہنچ چکی ہے، گودام اضافی چینی سے بھرے پڑے ہیں، چینی کی برآمد سے 700 سے 800 ملین ڈالر کمائے جا سکتے ہیں، فوری طور پر 10 لاکھ ٹن اضافی چینی کی برآمد کی اجازت دی جائے۔

بقیہ 16

بھی ہوتا ہے، بل کے تحت گھریلو ملازمین پر ظلم کرنے پر جرمانہ عائد کیا جائے، کم از کم جرمانہ ہونے سے ایک رکاوٹ یا ڈر ہوگا۔ اس پر چیئرمین کمیٹی فیصل سلیم رحمان نے کہا کہ اسی قسم کا قانون اسلام آباد میں پہلے سے موجود ہے، پہلے سے موجود قوانین اور اس کا ایک تقابلی چارٹ آئندہ اجلاس میں پیش کریں۔ اس پر وزیر مملکت داخلہ طلال چوہدری نے کہا کہ ہر کہانی کے دو رخ ہوتے ہیں، گھریلو ملازمین کی شکایت پر جرمانے ہونے لگے تو مسائل ہوں گے، فیصل آباد میں پوش جگہ پر مافیا ہیں، یہ پولیس کو 2، 2 ہزار دیکر مالکان کے خلاف مقدمات درج کراتے ہیں، یہ سرمد صاحب سے زیادتی ہے، خواتین کے سارے بل منظور کر لیے اور ان کا مخر کر دیا۔ طلال چوہدری کے موقف پر سینیٹر ثمینہ زہری نے کہا کہ مافیا کون ہے کون نہیں یہ شناخت کرنا آپ کا کام ہے، بلوچستان میں مالکان نے ملازمین کے پورے خاندان کو کنویں میں الٹا لٹکا دیا تھا، اس ملک کا کچھ نہیں بننا، یہاں کوئی کسی کا کچھ نہیں بگاڑ سکتا۔ چیئرمین کمیٹی فیصل سلیم رحمان نے کہا کہ اس پر صوبوں کی رائے لے لیتے ہیں، ابھی 4 صوبوں سے رائے لینے کی بات کر رہے ہیں پھر پتا نہیں کتنوں سے لینا پڑے گی۔ سینیٹر سرمد علی نے کہا کہ بل پر ووٹنگ کرا لیں، ووٹنگ کے بعد کمیٹی نے متفقہ طور پر بل منظور کر لیا۔

بقیہ 17

مسافروں کو سعودی عرب پہنچنے کے بعد ویزا کیٹیگری تبدیل کروانے کا جھانسہ دیا تھا۔ ایف آئی اے کے مطابق ایجنٹ نے امیگریشن کلیرنس کے نام پر بھی مسافروں سے بھاری رقوم وصول کیں، گرفتار مسافروں کو ایجنٹ کی نشاندہی اور قانونی کارروائی کے لیے ایف آئی اے کے حوالے کر دیا گیا ہے۔

بقیہ 18

بطور وزیراعظم پاکستان انہوں نے خود آئی ایس ای ٹاورز کا افتتاح کیا تھا انہوں نے مرحوم احسان الحق پراچہ کی خدمات کو بھی خراج عقیدت پیش کیا جنہوں نے شہید محترمہ بینظیر بھٹو کی حکومت میں وزیر مملکت برائے خزانہ کی حیثیت سے 1989 میں اسلام آباد سٹاک ایکسچینج کے قیام میں اہم کردار ادا کیا۔ انہوں نے اسلام آباد سٹاک ایکسچینج کے پہلے بورڈ آف ڈائریکٹرز کو بھی خراج تحسین پیش کیا جنہوں نے ٹریڈنگ اور سیٹلمنٹ کے اس بنیادی ڈھانچے کی بنیاد رکھی جس نے دو دہائیوں سے زیادہ عرصے تک پاکستان کی خدمت کی۔ ایوان صدر کے پریس ونگ سے جاری بیان کے مطابق تقریب سے خطاب کرتے ہوئے قائم مقام صدر نے کہا کہ بانیان کی دیوار پاکستان کی کیپٹل مارکیٹس کی ادارہ جاتی تاریخ اور یادداشت کو محفوظ رکھنے کی علامت ہے، یہ ان لوگوں کی دوراندیشی کا اعتراف بھی ہے جنہوں نے سرمایہ تک رسائی کو وسیع کرنے، معاشی مواقع کو عام کرنے اور پاکستان کے شمالی علاقوں کو ملک کے مالیاتی نظام کے مرکزی دھارے میں شامل کرنے کے لیے کام کیا۔ سید یوسف رضا گیلانی نے ادارے کے ساتھ اپنی وابستگی کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ بطور وزیراعظم انہیں آئی ایس ای ٹاورز کا سنگ بنیاد رکھنے کا اعزاز حاصل ہوا۔ انہوں نے کہا کہ ان کا ہمیشہ یہ یقین رہا ہے کہ اسلام آباد صرف ملک کا انتظامی مرکز ہی نہیں بلکہ اقتصادی سرگرمیوں اور معاشی ترقی کا بھی اہم ستون ہونا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ سٹاک ایکسچینج محض تجارتی حجم، انڈیکس پوائنٹس اور مارکیٹ کیپٹلائزیشن جیسے تکنیکی اشاریوں تک محدود نہیں ہوتیں بلکہ بنیادی طور پر اعتماد کا ذریعہ ہوتی ہیں، یہ عوام کی انفرادی بچتوں کو قومی دولت میں تبدیل کرنے، کاروبار کو وسعت دینے، روزگار کے مواقع پیدا کرنے اور صنعتوں کے قیام میں مدد دیتی ہیں جس سے کاروباری ادارے صرف بینک قرضوں پر انحصار کیے بغیر سرمایہ حاصل کر سکتے ہیں۔ قائم مقام صدر نے کیپٹل مارکیٹ کو مضبوط بنانے کے لیے تین اہم ترجیحات پر زور دیا۔ انہوں نے کہا پہلی ترجیح مالیاتی خواندگی کے پروگراموں کے ذریعے عوام میں مالیاتی امور اور سرمایہ کاری سے متعلق آگاہی بڑھانا ہے، دوسری ترجیح خاندانی ملکیت والے کاروباروں اور درمیانے درجے کے کاروباری اداروں کو سٹاک ایکسچینج میں لسٹ ہونے کی ترغیب دینا ہے تاکہ وہ سرمایہ مارکیٹ سے حاصل کر سکیں۔ تیسری ترجیح مستحکم پالیسیوں کو یقینی بنانا ہے جس کے لیے مضبوط معاشی بنیادوں، میکرو اکنامک استحکام اور طویل المدتی ساختی اصلاحات ضروری ہیں۔ سید یوسف رضا گیلانی نے کہا کہ پارلیمنٹ ملک کے معاشی سفر میں ایک پرعزم شراکت دار ہے اور کیپٹل مارکیٹ سے متعلق قانون سازی کو بہتر بنانے، سیکورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) کے تحت ریگولیٹری نظام کو مزید موثر بنانے اور سرمایہ کاروں کے مفادات کے تحفظ کیلئے نگرانی کا عمل جاری رکھے ہوئے ہے۔ انہوں نے اس بات پر بھی زور دیا کہ پاکستان کے تمام صوبوں اور علاقوں میں معاشی مواقع کی منصفانہ تقسیم کو یقینی بنایا جانا چاہیے۔ قائم مقام صدر نے پاکستان سٹاک ایکسچینج کی قیادت کو اسلام آباد سٹاک ایکسچینج کے بانیان کو خراج تحسین پیش کرنے کے لیے بانیان کی دیوار قائم کرنے کے اقدام پر مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ اپنے بانیان اور پیش روؤں کو یاد رکھنا کسی بھی بالغ اور مستقبل شناس ادارے کی علامت ہے۔ اپنے خطاب سے قبل قائم مقام صدر نے پاکستان ایئر فورس ڈے کے موقع پر بھی دلی مبارکباد پیش کی۔ اس سے قبل قائم مقام صدر نے فیتہ کاٹ کر بانیان کی دیوار کا افتتاح کیا اور اس کی تختی کی نقاب کشائی کی۔ انہوں نے چیئرمین ہارون احسان پراچہ کی جانب سے دی جانے والی بریفنگ میں بھی شرکت کی اور بورڈ آف ڈائریکٹرز سے خطاب کیا۔

بقیہ 19

موجود ہے، بھارت میں دلی کی ایک الگ حکومت ہے، اس میں کوئی ہچکچاہٹ والی بات نہیں ہے، افغانستان میں چند صوبے ہوتے تھے، اب انہوں نے 34-35 صوبے بنا لیے، اشرف غنی نے مجھ سے ملاقات میں کہا تھا کہ عوامی خدمت میں بہتری ہوئی ہے۔ خواجہ آصف نے کہا کہ پیپلز پارٹی سے متعلق میں کوئی قیاس آرائی نہیں کر سکتا، یہ ایک نیشنل ایشو ہے، اس میں کہیں سے مخالفت نہیں ہونی چاہیے، یہ فیصلہ وفاق سمیت صوبوں کو مضبوط بنائے گا۔ وزیر دفاع نے کہا کہ صوبے کا لفظ لوگوں کو شاید کنفیوز کرتا ہے، انتظامی یونٹ لفظ استعمال کیا جائے تو بہتر ہوگا، بحیثیت جماعت اس پر کوئی بات ہوئی ہو تو اس کا مجھے علم نہیں۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم نے اس سے متعلق کوئی میٹنگ کی ہو تو اس کا مجھے علم نہیں، عوام کو ایسا ڈیلیوری سسٹم دینا چاہیے جس سے انہیں سب سے نچلے لیول کی سروسز میسر ہوں۔

بقیہ 20

تک ڈیجیٹل آفس پر تمام ونگز کے عملے کی تربیت مکمل کی جائے، دسمبر کے آخری ہفتے تک الیکشن کمیشن میں ای آفس کا نظام نافذ کیا جائے۔ چیف الیکشن کمشنر نے الیکشن کمیشن کی نئی ویب سائٹ لانچ کرنے کی بھی منظوری دے دی۔

بقیہ 21

پوڈ کاسٹ اپنی دوست کے ساتھ کیا اور جعلی ثبوت بھی اسی کو دکھائے، یہاں تک کہ ان ثبوتوں کی تصدیق بھی اپنی دوست سے کروائی۔ مومنہ اقبال نے ثاقب چدھڑ کو مخاطب کرتے ہوئے کہا آپ یہ سب عوامی طور پر کر رہے ہیں تو یہ ثبوت بھی عوام کو کیمرے پر دکھانے چاہیے تھے، پھر عوام خود فیصلہ کرتی کہ یہ سچ ہے یہ جھوٹ۔ اداکارہ نے کہا کہ دراصل ہمیں این سی سی آئی اے نے بانڈ کیا ہوا ہے، ورنہ میں بھی آپ کے وائس نوٹس اور آپ کی اہلیہ کی جانب سے آئی ریکارڈڈ فون کالز منظر عام پر لے آتی، ورنہ 50 سیکنڈز کا مختصر سا وائس نوٹ آپ کے جھوٹے دعوں کے لیے کافی تھا۔ انہوں نے لکھا کہ آپ کا جو دل کر رہا ہے آپ کر رہے ہیں لیکن ہمیں اللہ پر بھروسہ ہے۔ دوسری جانب مومنہ اقبال کے شوہر حمزہ حبیب نے ثاقب چدھڑ پر سنگین الزام عائد کر دیا۔ حمزہ حبیب نے انسٹاگرام اسٹوری میں لکھا کہ لوگوں کو اپنے حق میں کرنے کی کوششیں ناکام ہونے کے بعد اب ہمیں جان سے مارنے کے لیے شوٹرز کا انتظام کیا جا رہا ہے۔ قبل ازیں مسلم لیگ (ن) کے رکن صوبائی اسمبلی ثاقب چدھڑ نے پاکستانی اداکارہ مومنہ اقبال اور ان کی بہن پر سنگین الزامات لگا دیے۔ مومنہ اقبال اور ثاقب چدھڑ کے درمیان گزشتہ کئی ماہ سے جاری قانونی تنازع میں مزید پیشرفت سامنے آئی ہے۔ ثاقب چدھڑ نے اپنے پہلے تفصیلی انٹرویو میں مومنہ اقبال اور ان کی بہن رمشا اقبال سے متعلق متعدد دعوے کیے ہیں۔ ثاقب چدھڑ نے مومنہ اقبال کی بہن رمشا اقبال کے حوالے سے دعویٰ کیا کہ میں ہی انہیں اعلیٰ تعلیم کے لیے آسٹریلیا لے کر گیا تھا اور وہاں اپنی سکیورٹی کمپنی میں انہیں ملازمت بھی فراہم کی۔ انہوں نے کہا کہ رمشا اقبال نے آسٹریلیا میں میرے کاروباری پارٹنر کے خلاف مبینہ ہراسانی کا مقدمہ دائر کیا اور ایک ملین ڈالر ہرجانے کا مطالبہ کیا تاہم بعد ازاں یہ معاملہ ایک لاکھ 65 ہزار ڈالر میں طے پایا جو مبینہ طور پر رمشا پاکستان لے کر آئیں۔ ثاقب چدھڑ نے الزام عائد کیا کہ دونوں بہنوں نے میرے خلاف بھی اسی طرز عمل کو اختیار کرنے کی کوشش کی۔ ثاقب چدھڑ نے مومنہ اقبال کی ذاتی زندگی سے متعلق بھی دعویٰ کیا کہ اداکارہ جانتی تھیں کہ میں پہلے سے شادی شدہ ہوں اور اس کے باوجود وہ میری دوسری بیوی بننے پر آمادہ تھیں۔ انہوں نے کہا کہ مجھے مومنہ اقبال کی 2018 میں ہونے والی شادی اور بعد میں طلاق کے بارے میں علم نہیں تھا تاہم بعد میں مجھے اس شادی کا علم ہوا اور میں مومنہ کے پہلے شوہر کے بارے میں بھی جانتا ہوں۔ ثاقب چدھڑ نے دعویٰ کیا کہ مومنہ اقبال کے وکیل نے مجھ سے رابطہ کر کے 20 کروڑ روپے کا مطالبہ کیا تھا، جب میں نے یہ رقم دینے سے انکار کیا تو مجھے 9 کروڑ روپے کی پیشکش کی گئی جبکہ مومنہ اقبال کی جانب سے 11 کروڑ روپے میں معاملہ طے کرنے کی خواہش ظاہر کی گئی۔ ثاقب چدھڑ نے اپنے دعوے کے ثبوت کے طور پر مومنہ اقبال کے وکیل سے ملاقات سے متعلق شواہد اور ایک مبینہ صلح نامہ بھی پیش کیا۔ واضح رہے کہ مومنہ اقبال نے چند ماہ قبل انسٹاگرام پر ایک پوسٹ کے ذریعے دعویٰ کیا تھا کہ انہیں ایک رکن صوبائی اسمبلی کی جانب سے ہراساں کیا جا رہا ہے جس کے بعد ثاقب چدھڑ کا نام سامنے آیا۔ اداکارہ نے معاملہ نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی (NCCIA) تک پہنچایا، جب کہ ثاقب چدھڑ نے بھی اپنا موقف حکام کے سامنے پیش کیا۔

بقیہ 22

نظم وضبط، پیشہ ورانہ طرز عمل، جدت، باریک بینی اور معیار سے مستقل وابستگی کو جاپانی معاشرے اور کاروباری نظام کی نمایاں خصوصیات قرار دیا۔ سفیر نے کہا کہ تجارت، سرمایہ کاری، ترقیاتی منصوبوں، انفارمیشن ٹیکنالوجی اور انسانی وسائل کی تربیت کے شعبوں میں پاکستان اور جاپان کے درمیان تعاون کے وسیع امکانات موجود ہیں۔ انہوں نے طلبہ کو مشورہ دیا کہ وہ جاپانی علم، جدید ٹیکنالوجی اور کامیاب کاروباری طریقوں کو پاکستان کے جدت پر مبنی معاشی نظام کو مضبوط بنانے کے لیے بروئے کار لانے کے امکانات کا جائزہ لیں۔ عبدالحمید نے کہا کہ پاکستان اور جاپان کے مستقبل کے تعلقات کی تشکیل میں نوجوانوں کا کردار مسلسل بڑھ رہا ہے، طلبہ، محققین، کاروباری افراد اور ٹیکنالوجی ماہرین دونوں ممالک کے درمیان نئے روابط اور پائیدار شراکت داری قائم کرنے میں بنیادی کردار ادا کریں گے۔

بقیہ 23

کامیاب دورہ مکمل کر لیا ہے اس نمائش میں پاکستان نے "ٹیک ڈیسٹی نیشن پاکستان" کے برانڈ تلے ملک کی سب سے بڑی قومی نمائندگی کی، جس میں پاکستان کی ڈیجیٹل صلاحیتوں، جدت اور ٹیکنالوجی کے ماحولیاتی نظام (ایکو سسٹم) کو پیش کیا گیا اور اہم سرمایہ کاری، شراکت داری اور بین الاقوامی توجہ حاصل کی گئی۔ دورے کے دوران، وفاقی وزیر نے ٹیک ڈیسٹی نیشن پاکستان پاویلین کا افتتاح کیا ہم نے ایک ڈیجیٹل قوم کیسے بنائی کے عنوان سے کلیدی خطاب کیا اور کانفرنس کے موقع پر اہم دوطرفہ ملاقاتیں کیں۔ وزیر آئی ٹی نے الجزائر، بارباڈوس، ایسواتینی اور سیریا کے وزراء کے ساتھ ڈیجیٹل کوآپریشن آرگنائزیشن (ڈی سی او) کی سیکرٹری جنرل محترمہ دیمہ الیحییٰ کے ہمراہ "ترقی کا نظم وضبط، AI کے دور میں انسان دوست ڈیجیٹل معیشتوں کی تعمیر" کے عنوان سے پینل مباحثے میں بھی شرکت کی۔ اپنے کلیدی خطاب میں وفاقی وزیر نے وزیراعظم محمد شہباز شریف کے وژن اور اسپیشل انویسٹمنٹ سہولت کونسل کی معاونت کے تحت پاکستان کے ڈیجیٹل تبدیلی کے سفر کو اجاگر کیا۔ انہوں نے "ڈیجیٹل نیشن پاکستان ایکٹ" کنیکٹیویٹی میں کی جانے والی بڑی سرمایہ کاری بشمول خطے کی سب سے بڑی 5G اسپیکٹرم نیلامی، اور ٹیکنالوجی کی شعبے میں سرمایہ کاری کو راغب کرنے کے لیے کی جانے والی اصلاحات پر روشنی ڈالی۔ کانفرنس کے دوران وفاقی وزیر نے متعدد اعلیٰ سطحی دوطرفہ ملاقاتیں کیں جن میں سعودی عرب کے مواصلات و انفارمیشن ٹیکنالوجی کے وزیر عبداللہ السواحہ، الجزائر کے وزیر برائے نالج اکانومی، اسٹارٹ اپس و مائیکرو انٹرپرائز ڈاکٹر نورالدین واداح، جنوبی کوریا کے وزیر برائے سائنس و آئی سی ٹی بائے کیونگ ہون، ڈیجیٹل کوآپریشن آرگنائزیشن کی سیکرٹری جنرل محترمہ دیمہ الیحییٰ، نیشنل ٹیکنالوجی ڈیولپمنٹ پروگرام کے سی ای او ابراہیم نیاز، سعودی ڈیٹا اینڈ آرٹیفیشل انٹیلی جنس اتھارٹی کے صدر عبداللہ بن شرف الغامدی، نیشنل سائبر سیکیورٹی اتھارٹی کے گورنر انجینئر ماجد بن محمد المزیاد، گو ٹیلی کام کے سی ای او جناب یحییٰ صالح المنصور، موزن کے سی ای او ڈاکٹر محمد الحسین، اور منشآت کے ڈپٹی گورنر سعود خالد الصبحان شامل ہیں۔ اس دورے کے دوران پاکستان کی وزارتِ انفارمیشن ٹیکنالوجی و ٹیلی کمیونیکیشن اور سعودی عرب کی نیشنل سائبر سیکیورٹی اتھارٹی (این سی اے) کے درمیان ایک مفاہمتی یادداشت (ایم او یو) پر دستخط کیے گئے جس کا مقصد ابھرتے ہوئے سائبر خطرات سے نمٹنے کے لیے مہارت اور بہترین حکمت عملیوں کے تبادلے کے ذریعے دوطرفہ سائبر سیکیورٹی تعاون کو مضبوط بنانا ہے۔ وفاقی وزیر نے ٹیک ڈیسٹی نیشن پاکستان پاویلین کا باضابطہ افتتاح بھی کیا جس میں 25 اسٹارٹ اپس اور 50 سے زائد معروف پاکستانی ٹیکنالوجی کمپنیوں نے مصنوعی ذہانت (اے آئی)، آٹومیشن اور ڈیجیٹل ٹیکنالوجی کے شعبوں میں اپنے تیار کردہ حل پیش کیے۔ لیپ 2026 میں پاکستان کی شرکت کا مقصد بی ٹو بی شراکت داریوں کو فروغ دینا، بین الاقوامی سرمایہ کاری کو راغب کرنا اور ملکی ٹیکنالوجی کے شعبے کے لیے عالمی مارکیٹ تک رسائی کو وسعت دینا تھا۔ اس کانفرنس سے پاکستانی اسٹارٹ اپس کو ٹھوس اور مثبت نتائج حاصل ہوئے۔ آفس فلوائے آئی نے خطے بھر میں اپنے اے آئی سے لیس بزنس آٹومیشن پلیٹ فارم کو وسعت دینے کیلئے سعودی عرب کے معروف ٹیکنالوجی ایکو سسٹم "ظہران ٹیکنو ویلی" کے ساتھ انکیوبیشن پارٹنرشپ کا معاہدہ کیا۔ اس کے ساتھ ساتھ آرامکو اور سابک جیسی کمپنیوں کو خدمات فراہم کرنے والی سعودی ٹیکنالوجی کمپنی "ایم آئی ایس عربیہ" کے ساتھ بھی ایک معاہدہ طے پایا۔ وزارتِ آئی ٹی کے ادارے اگنائیٹ کے تعاون سے چلنے والے اسٹارٹ اپ "ایڈورسٹی" نے اپنی بین الاقوامی توسیع اور اپنے اے آئی تعلیم کے پلیٹ فارم کو وسعت دینے کے لیے لیپ 2026 میں "ریپیڈ یو گروپ" سے 400,000 امریکی ڈالر کی سرمایہ کاری حاصل کی۔ اس کے علاوہ، برج اسٹارٹ پاکستان، اگنائیٹ اور ایسٹرولیبس کے ذریعے وزارتِ آئی ٹی کی سرپرستی میں منعقدہ 12 ہفتوں کے ایکسلریٹر پروگرام "ایسٹرولیبس لیپ" کے پہلے بیچ (Cohort 01) سے آٹھ پاکستانی اسٹارٹ اپس کامیابی سے فارغ التحصیل ہوئے۔

بقیہ 24

انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی نے تھانہ سیکرٹریٹ، تھانہ شالیمار اور کیپٹل پٹرولز ہیڈکوارٹرز کا دورہ کیا۔ دورے کے دوران آئی جی اسلام آباد نے تھانہ جات کے مختلف شعبہ جات، شہریوں کو فراہم کی جانے والی پولیس سہولیات، SIPS پروٹوکولز کے تحت جاری سرگرمیوں، پولیس افسران و جوانوں کے لیے دستیاب سہولیات اور مجموعی انتظامی امور کا تفصیلی جائزہ لیا۔ تھانہ سیکرٹریٹ اور تھانہ شالیمار کے دورے کے دوران آئی جی اسلام آباد نے فرنٹ ڈیسک، مختلف شعبہ جات اور دیگر اہم حصوں کا معائنہ کیا اور شہریوں کو فراہم کی جانے والی پولیس سہولیات کا جائزہ لیا۔ انہوں نے تھانہ جات میں آنے والے شہریوں کے لیے بہتر، صاف ستھرا اور سازگار ماحول کی فراہمی کے لیے کیے گئے اقدامات کا بھی معائنہ کیا۔ آئی جی اسلام آباد نے پولیس افسران و جوانوں کی ڈیوٹی، تھانہ جات کے مجموعی انتظامات اور مختلف شعبہ جات کی کارکردگی کا جائزہ لیتے ہوئے ہدایت کی کہ شہریوں کو پولیس خدمات کی فراہمی میں کسی قسم کی غفلت یا تاخیر برداشت نہیں کی جائے گی۔ شہریوں کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے اور پولیس سے متعلق خدمات تک عوام کی آسان رسائی کو مزید بہتر بنایا جائے۔ انہوں نے SIPS پروٹوکولز کے تحت تھانہ جات میں جاری سرگرمیوں کا بھی معائنہ کیا اور کام کے معیار، پیش رفت اور دستیاب سہولیات کا جائزہ لیا۔ بعد ازاں آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی نے کیپٹل پٹرولز ہیڈکوارٹرز کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے یونٹ کے آپریشنل و انتظامی امور، جاری تعمیراتی و ترقیاتی کاموں اور پولیس افسران و جوانوں کے لیے فراہم کی جانے والی سہولیات کا تفصیلی جائزہ لیا۔ انہوں نے کیپٹل پٹرولز کی ورکنگ، فیلڈ ڈیوٹی اور شہریوں کو بروقت پولیس رسپانس فراہم کرنے کے حوالے سے بھی متعلقہ افسران سے بریفنگ لی۔ آئی جی اسلام آباد نے اس موقع پر ہدایت کی کہ کیپٹل پٹرولز کے افسران و جوان فیلڈ میں اپنی موجودگی کو مزید موثر بنائیں، گشت کے نظام کو مزید فعال رکھیں اور شہریوں کو بروقت و موثر پولیس رسپانس کی فراہمی یقینی بنائیں۔ انہوں نے پولیس افسران و جوانوں کے لیے بہتر ورکنگ ماحول اور بنیادی سہولیات کی فراہمی پر بھی خصوصی توجہ دینے کی ہدایت کی۔ آئی جی اسلام آباد نے کہا کہ جدید پولیسنگ کے تقاضوں کے مطابق تھانہ جات اور پولیس یونٹس کو بہتر سہولیات سے آراستہ کرنا، شہریوں کو معیاری پولیس سروسز فراہم کرنا اور پولیس افسران و جوانوں کے لیے بہتر ورکنگ ماحول یقینی بنانا اسلام آباد پولیس کی ترجیحات میں شامل ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ SIPS پروٹوکولز کے تحت جاری اصلاحات اور سرگرمیوں کا مقصد پولیس اسٹیشنز کے ماحول، سہولیات اور عوامی خدمات کے معیار کو مزید بہتر بنانا ہے۔ انہوں نے افسران کو ہدایت کی کہ شہریوں کی سہولت، پولیس سروسز کے معیار اور افسران و جوانوں کی فلاح و بہبود کو مدنظر رکھتے ہوئے تمام اقدامات کو مؤثر انداز میں آگے بڑھایا جائے، جبکہ جاری تعمیراتی و ترقیاتی کاموں کی باقاعدگی سے نگرانی کرتے ہوئے انہیں مقررہ معیار اور مدت کے اندر مکمل کیا جائے۔

بقیہ 25

کی گئی۔ شکایت کے مطابق ملزم نے اپنے ساتھی کے ساتھ مل کر مدعی کو برطانیہ (یو کے) ورک ویزا دلوانے کے بہانے 90 لاکھ روپے وصول کیے۔ تاہم نہ تو مدعی کو بیرون ملک بھجوایا گیا اور نہ ہی وصول شدہ رقم واپس کی گئی۔ ملزم کے خلاف مقدمہ انکوائری نمبر 1448/2025 کی تکمیل کے بعد درج کیا گیا۔ مزید تفتیش جاری ہے جبکہ دیگر ملوث افراد کے کردار کا بھی تعین کیا جا رہا ہے۔ ایف آئی اے اسلام آباد زون انسانی اسمگلنگ، ویزا فراڈ اور بیرون ملک ملازمت کے نام پر شہریوں کو دھوکہ دینے والے عناصر کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں جاری رکھے ہوئے ہے۔

بقیہ 26

تعداد 46 ہزار 979 ہوگئی، اسلام آباد ہائی کورٹ میں 6 ماہ کے دوران 6 ہزار 326 نئے کیسز دائر ہوئے جبکہ رواں سال کے پہلے چھ ماہ میں 4 ہزار 730 مقدمات نمٹائے گئے۔ رپورٹ میں بتایا گیا کہ اسلام آباد کی ضلعی عدالتوں میں رواں سال کے پہلے چھ ماہ میں 56 ہزار 708 مقدمات دائر ہوئے جبکہ 61 ہزار 113 مقدمات نمٹائے گئے۔ اسلام آباد ہائی کورٹ میں فوجداری زیر التوا مقدمات کی تعداد ایک ہزار 899 جبکہ زیر التوا سول مقدمات کی تعداد 15 ہزار 846 ہے۔ رپورٹ کے مطابق اسلام آباد کی ضلعی عدالتوں میں سول مقدمات کی تعداد 29 ہزار 92 جبکہ فوجداری مقدمات کی تعداد 17 ہزار 887 تک پہنچ گئی۔

بقیہ 27

پاک فوج کی ریسکیو ٹیموں نے دشوار گزار اور برف پوش علاقے کے باوجود انتہائی مشکل آپریشن کو کامیاب بنایا۔ ہیلی کاپٹر کے ذریعے پاک فوج کی ریسکیو ٹیموں نے کوہ پیما سید علی شاہ کی میت 6 ستمبر کو سوات منتقل کر دی۔ کوہ پیما سید علی شاہ کے بھائی سید عبداللہ شاہ نے کہا کہ ہم پاک فوج کے تہہ دل سے مشکور ہیں جنہوں نے اس مشکل و کٹھن آپریشن میں ہمارا بھرپور ساتھ دیا۔ بھائی کے مطابق وہ میت کی تلاش کے لیے مسلسل محنت کرنے والے فوجی جوانوں کے بھی خصوصی شکر گزار رہیں۔

بقیہ 28

اور ایڈووکیٹ جنرل خیبرپختونخوا بھی شریک تھے۔ ایڈووکیٹ جنرل خیبرپختونخوا نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ وکلا کی کار پارکنگ کا مسئلہ جلد حل ہو جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ لا یونیورسٹی کے لیے بھی کوششیں جاری ہیں اور اس سال ان شا اللہ لا یونیورسٹی قائم ہو جائے گی۔ ایڈووکیٹ جنرل نے کہا کہ خیبرپختونخوا حکومت کے پاس محدود مالی وسائل ہیں۔ ساتویں این ایف سی کے بعد کوئی این ایف سی نہیں ہوا، اگر خیبرپختونخوا حکومت کو این ایف سی میں اپنا حصہ مل جائے تو کئی مسائل حل ہو جائیں گے۔ انہوں نے پشاور ہائیکورٹ سے درخواست کی کہ این ایف سی ایوارڈ سے متعلق درخواست سماعت کے لیے مقرر کی جائے۔ ان کا کہنا تھا کہ این ایف سی میں صوبے کا حصہ ملنے سے متعدد مسائل کے حل میں مدد ملے گی۔ چیف جسٹس پشاور ہائیکورٹ جسٹس ایس ایم عتیق شاہ نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ مردان میں گواہوں کے پیش ہونے کی شرح 96 فیصد رہی۔ عدالتوں کو ڈیجیٹل سسٹم میں تبدیل کیا گیا اور ڈیجیٹل ریکارڈ مینجمنٹ بھی متعارف کرایا گیا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ پشاور ہائیکورٹ کے ہیومن رائٹس سیل میں ایک ہزار 79 درخواستیں موصول ہوئیں۔ پشاور، ایبٹ آباد، بنوں اور سوات میں 7 ڈبل ڈویژن عدالتیں قائم کی گئی ہیں۔ جسٹس ایس ایم عتیق شاہ نے کہا کہ عدالتوں کے لیے اے ڈی پی میں بجٹ الاٹمنٹ 2 ارب روپے سے بڑھا کر 6 ارب روپے کر دی گئی ہے۔ چیف جسٹس نے کہا کہ خیبرپختونخوا میں عدالت کا ایک دن کا خرچہ 12 کروڑ روپے ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایک دن عدالتوں کے بائیکاٹ سے 12 کروڑ روپے عوام کے ضائع ہوتے ہیں۔ چیف جسٹس پشاور ہائی کورٹ کا کہنا تھا کہ جن لوگوں کے پاس دوائی کے پیسے نہیں، ان کے ٹیکس پر عدالتیں چلتی ہیں، اسلئے یہ ہماری ذمہ داری ہے کہ غریب عوام کو انصاف فراہم کریں۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ عدالتی سال میں 38 ہزار کیسز نمٹا دیے گئے۔ گزشتہ عدالتی سال میں ہزاروں کیسز کی التوا ختم کر دی گئی، جس سے عدالتی امور میں پیش رفت ہوئی۔

بقیہ 29

فائدہ اٹھانے اور معاشرے میں زیادہ موثر انداز میں اپنا کردار ادا کرنے کے قابل بنانے کے لیے ناگزیر ہے۔ انہوں نے تعلیمی رکاوٹوں کو دور کرنے کے لیے غیر رسمی تعلیم، بالغوں کی خواندگی اور ہنرمندی کے فروغ کو مضبوط بنانے کی اہمیت پر زور دیا۔ قائم مقام صدر نے کہا کہ تیزی سے بدلتے ہوئے تکنیکی ماحول کے پیش نظر بنیادی خواندگی کے ساتھ ڈیجیٹل صلاحیتوں اور عملی مہارتوں پر بھی زیادہ توجہ دینے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے پسماندہ اور دور دراز علاقوں پر خصوصی توجہ دینے پر زور دیا تاکہ تعلیم اور سیکھنے کے مواقع تک رسائی کو وسیع کیا جا سکے۔ انہوں نے خواندگی اور تعلیم کے فروغ میں اساتذہ، والدین، ماہرین تعلیم اور کمیونٹی ورکرز کے اہم کردار کو بھی اجاگر کیا اور کہا کہ آنے والی نسلوں کی تشکیل میں ان کی خدمات مسلسل تعاون اور اعتراف کی مستحق ہیں۔ سید یوسف رضا گیلانی نے وفاقی و صوبائی حکومتوں، تعلیمی اداروں، نجی شعبے اور سول سوسائٹی پر زور دیا کہ وہ ملک بھر میں سیکھنے اور علم کے فروغ کے لیے اجتماعی کوششیں کریں۔

بقیہ 30

والد اور والدہ نے معافی نامہ جمع کراتے ہوئے اسے معاف کر دیا۔ والدین کے بیان کی بنیاد پر عدالت نے ملزمہ کی درخواست ضمانت منظور کر لی۔ عدالت نے 50 ہزار روپے کے مچلکوں کے عوض ملزمہ کی ضمانت منظور کی۔ پولیس کے مطابق قتل کا واقعہ 30 اگست کو لدھیوالا وڑائچ میں پیش آیا تھا، دونوں بہنیں سوشل میڈیا پر ویڈیوز بناتی تھیں۔ پولیس کے مطابق دونوں بہنوں کے درمیان سوشل میڈیا اکاؤنٹ اور رقم کے لین دین پر جھگڑا ہوا تھا جس کے بعد چھوٹی بہن کے قتل کا واقعہ پیش آیا۔

بقیہ 31

دوران حنا ربانی کھر نے کہا کہ بحرین سمیت مختلف مشرق وسطیٰ کے ممالک سے پاکستانی کارکنوں کو نکالے جانے کی اطلاعات سامنے آ رہی ہیں۔ چیئرپرسن کمیٹی نے کہا کہ مسالک اور فرقوں کی بنیاد پر پاکستانیوں کو نکالے جانے کی بھی اطلاعات ہیں، جو انتہائی تشویش ناک معاملہ ہے، اگر متعلقہ سفارت خانے اس معاملے پر ان کیمرہ بریفنگ دینا چاہتے ہیں تو کمیٹی کو آگاہ کیا جائے۔ حنا ربانی کھر نے کمیٹی کو فراہم کی جانے والی نامکمل بریفنگ پر بھی برہمی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ پارلیمنٹ اور پارلیمانی کمیٹیوں کو سنجیدگی سے لیا جانا چاہیے۔ انہوں نے سیکرٹری خارجہ کی عدم موجودگی کے معاملے پر بھی اعتراض اٹھاتے ہوئے کہا کہ اگر سیکرٹری خارجہ نے وزیراعظم ہاؤس جانا تھا تو اس بارے میں پہلے آگاہ کیا جانا چاہیے تھا اچانک یہ بتانا کہ سیکرٹری اجلاس میں نہیں آ رہیں، کوئی مناسب طریقہ کار نہیں۔ دوسری جانب وزارت خارجہ کے حکام نے کمیٹی کو بتایا کہ مشرق وسطیٰ سے پاکستانی کارکنوں کو نکالے جانے کا معاملہ انتہائی حساس نوعیت کا ہے۔ اجلاس میں متعلقہ ممالک کے سفیروں نے بھی کمیٹی کو بریفنگ دی۔ وزارت خارجہ حکام کی درخواست پر حساس معاملات پر تفصیلی بریفنگ کے لیے قومی اسمبلی کی خارجہ امور کمیٹی کے اجلاس کو ان کیمرہ کر دیا گیا۔

بقیہ 32

سے چشمہ نمودار ہوا، پانی کے پریشر کو کم کرنے کے لیے سڑک کے ساتھ ڈرینج لائن کی صفائی اور گہری کھدائی جاری ہے۔ سردار زمری نے کہا کہ صرف زیرو پوائنٹ ہی نہیں بلکہ مانیومنٹ والی پہاڑی کے نیچے سے بھی چشمے نکل آئے جبکہ منسٹر انکلیو کے ساتھ واقع پہاڑی سے بھی بارشوں کے بعد زیر زمین پانی کے چشمے نمودار ہو گئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اسلام آباد میں زیر زمین پانی کی سطح میں بہتری خوش آئند ہے کیونکہ شہریوں کو پانی کی قلت کا سامنا تھا اور مئی، جون میں اسلام آباد میں زیر زمین پانی کی سطح کم ہونے کی رپورٹس سامنے آئی تھیں۔

بقیہ 33

ہوئے کیا۔ امیر پنجاب وسطی جاوید قصوری اور سیکرٹری اطلاعات شکیل احمد ترابی بھی اس موقع پر موجود تھے۔ حافظ نعیم الرحمن نے کہا کہ موجود حکومت نے لیوی بھتہ کی مد میں اب تک چار ہزار ارب کا ڈاکہ غریب اور عام آدمی جیب پر ڈالا ہے، دوسری جانب ٹیکس اہداف کے حصول کے لیے ایف بی آر میں سالانہ اربوں کی کرپشن ہو رہی ہے، چار سال میں ایف بی آر نے ٹیکس نیٹ میں شامل افراد سے پانچ ہزار ارب کا ٹیکس وصول نہیں کیا، حکمران اپنی نااہلی کا بوجھ عوام پر ڈال رہے ہیں، ان کی اپنی عیاشیاں جاری ہیں، افسر شاہی کنالوں پر مشتمل گھروں میں سرکاری گاڑیوں اور نوکروں چاکروں کی بے پناہ سہولیات سے لطف اٹھا رہے ہیں، وسائل پر جاگیرداروں، وڈیروں اور خاندانوں پر مشتمل سیاسی پارٹیوں قابض ہیں جنہیں مقتدرہ نے قوم پر مسلط کیا ہے۔ جماعت اسلامی کے دھرنوں سے عوام میں شعور بیدار ہو رہا ہے، دھرنوں میں شریک جماعت اسلامی کے کارکنان اور عام لوگوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں، نوجوان تحریک کا حصہ بنیں، ہماری جدوجہد ملک کے غریب عوام کے لیے ہے۔ امیر جماعت اسلامی کا کہنا تھا کہ جماعت اسلامی کی ٹیم اسلام آباد میں موجود ہے، آج حکومت سے مذاکرات ہوں گے، بامعنی بات چیت کے لیے حکومت پیشہ وار اور ذمہ دار لوگوں کو بھیجے، ٹال مٹول سے کام لیا گیا تو حکومت کو مزید احتجاج کا سامنا کرنا پڑے گا، حکمران دھرنوں سے تنگ ہیں اور کہا جاتا ہے کہ راستے کھول دیں، انہوں نے خود عوام کے سارے راستے بند کر دیے ہیں، صرف ججز کو دستیاب سہولیات ہی دیکھ لیں، یہ خود ریاستی وسائل کا بے دریغ استعمال کر رہے ہیں اور عوام کو لوٹ رہے ہیں۔ حافظ نعیم الرحمن نے کہا کہ پنجاب میں سب سے زیادہ غربت ہے، مریم نواز نے گیارہ ہزار سکولوں کو فروخت کر دیا ہے، مزید پچیس ہزار برائے فروخت ہیں، پنجاب میں نویں کے امتحان میں سرکاری سکولوں سے ساٹھ فیصد بچے فیل ہو گئے ہیں صحت کے شعبہ کا برا حال ہے۔ پیپلز پارٹی سندھ پر گزشتہ چالیس برس سے قابض ہے، کراچی کے میئر کی سیٹ پر اس نے اسٹیبلشمنٹ کی مدد سے قبضہ کیا ہے، صوبہ میں کرپشن عام ہے، عوام قبضہ گروپوں سے تنگ آ چکے ہیں۔

بقیہ 34

حاجی لیموں گوٹھ، گلشن اقبال بلاک 3 سے ہے۔ درخواست میں کہا گیا کہ لیاری ایکسپریس وے سے متصل قائد اعظم کالونی اور عظیم گوٹھ کے مکینوں پر کروڑوں روپے کے بجلی کے واجبات واجب الادا ہیں، تاہم کے الیکٹرک کے عملے نے مبینہ طور پر نادہندہ علاقوں کے مکینوں کو بھی حاجی لیموں گوٹھ کے پی ایم ٹی سے بجلی کے کنکشن فراہم کیے۔ درخواست گزار کے مطابق نادہندگان کی جانب سے بجلی کے غیر قانونی کنکشن استعمال کیے جانے کے باعث حاجی لیموں گوٹھ کی کیٹیگری تبدیل کر دی گئی، جو کے الیکٹرک ڈسٹری بیوشن رولز 2005 اور نیپرا کے قوانین کی خلاف ورزی ہے۔ درخواست میں عدالت سے استدعا کی گئی کہ نیپرا ایکٹ کی دفعہ 40(2) کے تحت کے الیکٹرک پر سخت اور روزانہ کی بنیاد پر جرمانہ عائد کیا جائے، جبکہ کمپنی کو بلاجواز، امتیازی اور غیر قانونی لوڈشیڈنگ سے فوری طور پر روکا جائے۔ درخواست گزار نے مزید موقف اختیار کیا کہ کے الیکٹرک حکام عدالتی اور ریگولیٹری احکامات پر عمل درآمد سے بھی انکاری ہیں۔ دوسری جانب کے الیکٹرک کے وکیل نے درخواست کی مخالفت کرتے ہوئے موقف اختیار کیا کہ نیپرا پہلے ہی درخواست گزار کے حق میں حکم امتناع جاری کر چکی ہے، اس لیے موجودہ درخواست قابل سماعت نہیں۔ فریقین کے دلائل مکمل ہونے پر سندھ ہائیکورٹ نے درخواست پر فیصلہ محفوظ کر لیا۔

بقیہ 35

منعقد ہوا جس کی صدارت کمشنر راولپنڈی نے کی۔ ڈائریکٹر ایڈمنسٹریشن آر ڈی اے نوشین اسرار نے مجوزہ انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ اور اس کے طریق کار کے حوالے سے پریزنٹیشن دی۔ انہوں نے اجلاس کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ مجوزہ نظام کے تحت آر ڈی اے کے دائرہ اختیار میں آنے والے علاقوں میں انفورسمنٹ آپریشنز کو مربوط، موثر اور نتیجہ خیز بنایا جائے گا۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ آر ڈی اے کی چار اہم آپریشنل ڈائریکٹوریٹس، یعنی ٹاؤن پلاننگ، بلڈنگ کنٹرول، اسٹیٹ مینجمنٹ اور لینڈ ڈویلپمنٹ کے افسران و اہلکار انفورسمنٹ کی سرگرمیوں میں حصہ لیں گے۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ تجاوزات، غیر قانونی تعمیرات، زیر تعمیر غیر قانونی عمارات اور آر ڈی اے کے دائرہ اختیار میں قائم غیر قانونی و غیر منظور شدہ ہاؤسنگ سکیموں کے خلاف کارروائیوں کے دوران ضرورت کے مطابق پنجاب پولیس راولپنڈی اور پیرا فورس سے معاونت حاصل کی جائے گی۔

بقیہ 36

ہے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ پیکا ایکٹ اس ملک کا سیاہ قانون ہے اور آزادیٔ صحافت پر پابندی کسی صورت قابل قبول نہیں۔ انہوں نے کہا کہ صحافیوں کو اپنے فرائض کی ادائیگی کے لیے مکمل آزادی اور تحفظ ملنا چاہیے جبکہ انسانی حقوق کا تحفظ ریاست کی بنیادی ذمہ داری ہے۔ اسلم غوری نے کہا کہ حکومت کو اپنے اوپر ہونے والی تنقید برداشت کرنے کا حوصلہ پیدا کرنا ہوگا اور اختلاف رائے کو دبانے کے بجائے جمہوری رویوں کو فروغ دینا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ صحافیوں نے جمہوریت، آئین اور آزادیٔ اظہار کے لیے ہمیشہ اہم کردار ادا کیا ہے، اس لیے صحافیوں کو ہراساں کرنا جمہوری معاشرے کے لیے تشویشناک عمل ہے۔ انہوں نے کہا کہ جے یو آئی مشکل کی ہر گھڑی میں صحافی برادری کے شانہ بشانہ کھڑی ہے اور بلال غوری کو فوری طور پر رہا کیا جائے۔

بقیہ 37

مزید قید کی سزا بھگتنا ہوگی۔ پراسیکیوٹر عبدالحنان کے مطابق ملزمان میں نور خان، نذر محمد، عبدالحکیم، ندیم احمد اور دیگر شامل ہیں۔ انسداد منشیات فورس نے ستمبر 2023 میں مبارک ولیج، کیماڑی کے قریب کارروائی کرتے ہوئے 9 ملزمان کو گرفتار کیا تھا۔ پراسیکیوٹر کے مطابق گرفتار ملزمان کے قبضے سے 525 کلوگرام میتھ ایمفیٹامائن اور 48 کلوگرام ہیروئن برآمد ہوئی تھی۔ دوران سماعت وکیل صفائی نے موقف اختیار کیا کہ ملزمان غریب ماہی گیر ہیں اور انہیں جھوٹے مقدمے میں پھنسایا گیا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ ملزمان کو اے این ایف نے نہیں بلکہ میری ٹائم سیکیورٹی ایجنسی نے گرفتار کیا تھا جبکہ مقدمے میں کوئی کشتی بھی قبضے میں نہیں لی گئی۔ عدالت نے دفاع کی جانب سے پیش کیے گئے موقف کو مسترد کرتے ہوئے 9 ملزمان کو مجرم قرار دے دیا اور انہیں عمر قید کی سزا سنا دی۔

بقیہ 38

کیا گیا ہے، بھارت کے نام نہاد سرکاری نقشوں اور یکطرفہ خودمختاری کے دعووں کی کوئی حیثیت نہیں۔ پاکستان نے عالمی برادری سے بھارتی اقدامات کا نوٹس لینے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ بھارت مقبوضہ جموں و کشمیر میں انسانی حقوق کی خلاف ورزیاں فوری بند کرے۔ ترجمان دفتر خارجہ کا کہنا تھا کہ بھارت کشمیری عوام کے حق خودارادیت کے حصول کے لیے اپنے وعدے پورے کرے، کشمیری عوام کا حق خودارادیت متعلقہ اقوام متحدہ سلامتی کونسل کی قراردادوں کے مطابق ہے۔

بقیہ 39

فضاؤں میں جرات، شجاعت اور بہادری کی لازوال داستانیں رقم کیں، قوم اپنے ان بہادر سپوتوں کی قربانیوں کو ہمیشہ یاد رکھے گی۔ انہوں نے کہا کہ یوم فضائیہ کے موقع پر پاکستان ایئرفورس کے شہداء اور غازیوں کو خراج عقیدت پیش کرتے ہیں اور شاہینوں کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو سلام پیش کرتے ہیں۔ مریم نواز شریف کا کہنا تھا کہ گزشتہ برس مئی میں پاک فضائیہ نے دشمن کے 8 جدید ترین جنگی طیارے گرا کر سبز ہلالی پرچم کو سربلند کیا، پاک فضائیہ کے شاہینوں نے اپنی پیشہ ورانہ مہارت، جرات اور عزم سے ایک بار پھر قوم کا سر فخر سے بلند کیا۔ وزیراعلیٰ نے شہداء کے درجات کی بلندی اور ان کے اہل خانہ کیلئے خصوصی دعا کرتے ہوئے کہا کہ وطن کے دفاع کیلئے جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے بہادر سپوت قوم کے ہیرو ہیں اور ان کی قربانیاں ہمیشہ ہمارے دلوں میں زندہ رہیں گی۔

ہارون آباد میں عظیم الشان محفل میلاد مصطفیٰ ﷺ کا انعقاد

سیرت طیبہ ﷺ، عشقِ رسول ﷺ اور نبی کریم ﷺ کی تعلیمات پر خصوصی خطاب



ہارون آباد (ندیم ظفر) المدینہ کلاتھ ہاؤس کے اونر چوہدری ظہیر احمد کی رہائش گاہ، تحصیل بازار میں عظیم الشان محفل میلاد مصطفیٰ ﷺ کا انعقاد کیا گیا۔ محفل کا اہتمام فروغِ حمد و نعت ہارون آباد کے زیرِ اہتمام کیا گیا، جس میں شہر بھر سے عاشقانِ رسول ﷺ، تاجروں، معززین اور مختلف تنظیموں کے نمائندگان نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ محفل کا آغاز تلاوت کلامِ پاک سے ہوا، جس کی سعادت قاری محب النبی نے حاصل کی، جبکہ نقابت کے فرائض مرزا ادریس نے انجام دیے۔ محفل میں معروف نعت خواں حضرات مبشر اصغر حسینی، ماسٹر امیر خان، کاشف نثار، عدنان یونس، ظہیر اکرم اور زبید رسول نے بارگاہِ رسالت مآب ﷺ میں ہدیۂ نعت پیش کیا۔ نعتیہ کلام کے دوران شرکائے محفل نے عقیدت و محبت کا اظہار کرتے ہوئے درود و سلام کی صدائیں بلند کیں۔ محفل سے خصوصی خطاب حضرت علامہ پیر سید مستنصر حسین حجازی نے فرمایا۔

لاہور لاہور پریس کلب اور نیشنل ویمن جرنلسٹس فورم کے زیر اہتمام محفلِ میلاد کا انعقاد


محفلِ میلاد کی منتظم اعلیٰ صدر (نجف) فرزانہ چوہدری اور رابعہ عظمت ممبر گورننگ باڈی لاہور پریس کلب تھیں



لاہور (واجد علی تونسوی) گورننگ باڈی لاہور پریس کلب اور نیشنل ویمن جرنلسٹس فورم کے زیر اہتمام لاہور پریس کلب میں محفلِ میلاد النبی کا انعقاد ہوا جس میں صحافی خواتین اور صحافیوں کے اہل خانہ نے بھرپور شرکت کی۔ محفلِ میلاد النبی کے منتظمین اعلیٰ صدر نجف فرزانہ چوہدری، رابعہ عظمت ممبر گورننگ باڈی لاہور پریس کلب، جنرل سیکرٹری درخشندہ علمدار اور انفارمیشن سیکرٹری نجف نبیلہ اکبر نے انتظامات کیے۔ مہمانانِ خصوصی آمنہ مجتبیٰ (بیگم مجتبیٰ شجاع الرحمن وزیر خزانہ پنجاب) آسیہ سائل خان ڈائریکٹر و بانی Lama and designer collection اور ویمن انٹرپینورشپ سمیڈا ڈائریکٹر ممبر اور سی ای او شازو فارماسیوٹیکل کمپنی، سنبل مالک رکن پنجاب اسمبلی، مہک زبیر (بیگم چیئرمین عوامی متحدہ موومنٹ پاکستان زبیر احمد انصاری)، صدر لاہور لیڈیز کلب عنبرین فاروق (صاحبزادی میاں معراج دین سابق صوبائی وزیر ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن)، سابق رکن پنجاب اسمبلی فرزانہ بٹ نے خصوصی شرکت کی۔ محفلِ میلاد میں نظامت کے فرائض سینئر صحافی ازکی مقصود اور سابق رکن پنجاب اسمبلی و ایڈیٹر سائبان میگزین کنول نسیم نے ادا کیے۔

صوبہ ہزارہ کا مقدمہ قلم کے محاذ پر مضبوط ہو رہا ہے، نعیم اشرف نے آواز کو قومی سطح تک پہنچایا: شبیر حسین کاظمی

مسلسل تحریروں اور موثر ابلاغ نے ہزارہ کے مقدمے کو قومی سطح پر اجاگر کیا، چیئرمین ہزارہ رابطہ کونسل



کراچی (اسٹاف رپورٹر) ہزارہ رابطہ کونسل کے چیئرمین سید شبیر حسین کاظمی نے کہا ہے کہ ترجمان صوبہ ہزارہ تحریک نعیم اشرف کی مسلسل اور مدلل قلمی جدوجہد نے صوبہ ہزارہ کے مطالبے کو نئی تقویت دی ہے، ان کی تحریروں نے ہزارہ کے عوام کی آواز کو قومی سطح پر موثر انداز میں اجاگر کیا ہے۔ سید شبیر حسین کاظمی نے کہا کہ نعیم اشرف نے محض ترجمان کی حیثیت سے نہیں بلکہ ایک قلم کار اور فکری محاذ کے سپاہی کے طور پر صوبہ ہزارہ کے مقدمے کو اجاگر کیا۔ ان کی تحریروں میں ہزارہ کے عوام کے انتظامی، سیاسی اور معاشی حقوق کو جس انداز میں پیش کیا گیا، اس سے تحریک کے بیانیے کو مضبوط بنانے میں مدد ملی۔ انہوں نے کہا کہ تحریکیں صرف سڑکوں پر نہیں بلکہ قلم، دلیل اور شعور کے محاذ پر بھی لڑی جاتی ہیں۔ صوبہ ہزارہ کا مقدمہ بھی اسی فکری اور جمہوری جدوجہد کا حصہ ہے۔ نعیم اشرف نے اپنے قلم کے ذریعے اس مقدمے کو مسلسل 25 سال سے زندہ رکھا اور عوامی و قومی حلقوں تک پہنچایا۔ چیئرمین ہزارہ رابطہ کونسل نے کہا کہ صوبہ ہزارہ کسی فرد یا جماعت کا نہیں بلکہ ہزارہ کے عوام کے آئینی و انتظامی حقوق کا مطالبہ ہے، جس کے حصول کے لیے اتحاد، سیاسی بصیرت، دلیل اور مستقل مزاجی کے ساتھ جدوجہد جاری رکھی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ صوبہ ہزارہ کی تحریک میں قلم کاروں، دانشوروں اور صحافیوں کا کردار انتہائی اہم ہے

کراچی میں 6 ستمبر کے حوالے سے تاریخ ساز تقریب

ڈاکٹر ذاکر حسین عادل کی خصوصی شرکت، مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والی شخصیات کی شرکت



کراچی (پ۔ر/ 6 ستمبر 2026) پاکستان کے تاریخی دن 6 ستمبر کے حوالے سے ڈیفنڈر آف مارخور آرگنائزیشن (DMO) ادارہ رجسٹرڈ کے زیر اہتمام نارتھ کراچی ہال میں تاریخ ساز تقریب منعقد ہوئی۔ اس موقع پر اقوام متحدہ والینٹرز چیپٹر کے فروغ کے حامل پاکستان کی مایہ ناز عالمی شہرت حاصل کردہ شخصیت انٹرنیشنل والینٹرز ایسوسی ایشن (IVA) کے ایگزیکٹو ممبر ورلڈ اور سینئر پیٹرن ایشیا محترم ڈاکٹر ذاکر حسین کا شاندار استقبال کیا گیا، اجرک اور ہار پہنائے گئے، پھولوں کی پتیاں نچھاور کی گئیں۔ محترم ڈاکٹر ذاکر حسین عادل کے ہمراہ سید سعد عقیل، سید صہیب احمد، محمد مشارب شیخ اور دیگر بھی موجود تھے۔ بعد ازاں محترم ڈاکٹر ذاکر حسین عادل کی زیر سرپرستی اور انکی صدارت میں باضابطہ تقریب کا آغاز کیا گیا مہمان خصوصی (DMO) کے چیئرمین اور تقریب کے منتظم اعلیٰ محسن الحق تھے۔

ملک پر مسلط طبقہ غربت ختم کرنے کی بجائے غریب کو ختم کرنے پر تلا ہوا ہے

روزانہ کی بنیاد پر پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے سے مہنگائی کا سیلاب آئے گا



میلسی (محمد مختار سوگی) تحصیل میلسی کے مختلف علاقوں کے رہائشی افراد نے حکومت کی جانب سے روزانہ کی بنیاد پر پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کیئے جا رہے اضافے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا کہ قوم پہلے ہی مہنگائی کی چکی میں پس رہی ہے۔ پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں حالیہ روزانہ کی بنیاد پر کیئے جا رہے اضافے سے مہنگائی کا ایک نیا سیلاب آئے گا، حکومت نے پیٹرولیم مصنوعات و اشیاء ضروریہ میں اضافہ کر کے عوام پر مہنگائی کا ڈرون حملہ کیا، حکمران مہنگائی میں کمی، زرمبادلہ ذخائر میں اضافہ اور سٹاک ایکسچینج میں بہتری کے دعوے کرتے نہیں تھکتے دوسری جانب عام آدمی کی زندگی عذاب بنی ہوئی ہے، حکومت فی الفور پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں، بجلی بلوں، وادویات کی قیمتوں میں کیا گیا خود ساختہ اضافہ واپس لے۔ ملک پر مسلط طبقہ غربت ختم کرنے کی بجائے غریب کو ختم کرنے پر تلا ہوا ہے۔

چار سال سے تھانے اور کورٹ کے چکر، اسپیشل چائلڈ مبشر علی انصاف سے محروم


مبشر علی کی ٹانگ کی تین ہڈیاں ٹوٹنے کے باوجود ملزم عمر کی گرفتاری نہ ہوسکی، والدین کی وزیر اعلیٰ سندھ اور پولیس حکام سے فوری انصاف کی اپیل



رپورٹ کراچی حالت تکلیف میں گزشتہ چار سال سے تھانے و کورٹ کے چکر مبشر علی کو بلا اجازت لے کر جانے والا ملزم عمر پولیس کو شناخت کروائے جانے پر بھی آزاد ذرائع کا کہنا ہے کہ FIR,712/2022 تھانہ بلال کالونی اسپیشل چائلڈ سید مبشر علی پر ہونے والے ظلم کی داستان، مبشر علی کی ہڈیاں توڑ کر انجان غیر علاقائی لوگوں کے رحم و کرم پر زخمی حالت میں چھوڑ کر ہسپتال سے فرار ہو گیا جبکہ مبشر علی نہ اپنا نام بتا سکتا تھا اور نہ ہی عمر کے جرم کی حقیقت بتا سکتا تھا کہتے ہیں کہ اللہ کی لاٹھی بے آواز ہوتی ہے کچھ ہی گھنٹوں میں غیبی مدد سے زخمی مبشر اپنے والدین کو مل گیا مبشر علی کا فوری طور پر سول ٹراما سینٹر میں علاج کرایا گیا ٹانگ کی تین ہڈیاں ٹوٹنے کے باعث ٹانگ میں سسٹم ڈالا گیا جس کی وجہ سے سال بھر مبشر زیر علاج رہا دوسری جانب ہسپتال میں لگے کیمرے کی مدد سے عمر کی شناخت ومکاری سامنے آگئی ملزم عمر نے اپنے آپ کو بچانے کے لیے ایکسیڈنٹ کے بعد زخمی حالت میں اٹھانے والے مددگاروں کے نام پر ایف آئی آر درج کرائی اور خود کو گوہ بنوا لیا مبشر کی ٹانگ توڑنے کا الزام مددگار گلیشیر عرف شاہ جی پر رکھ دیا جس پر چار سال بعد بھی ابھی تک مبشر علی کو انصاف نہیں مل سکا

چیئرمین بلاول بھٹو کی سربراہی میں کراچی کو مزید آگے لے کر جائینگے، کرم اللہ وقاصی

شاہراہِ بھٹو، عظیم پورہ فلائی اوور، کریم آباد انڈرپاس، کورنگی کازوے سمیت اہم منصوبوں سے شہریوں کو ریلیف ملا



کراچی (پ ر) ترجمان میئر کراچی اور کراچی میٹروپولیٹن کارپوریشن میں پیپلز پارٹی کے پارلیمانی لیڈر کرم اللہ وقاصی نے کہا ہے کہ چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری کی رہنمائی، وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ کی قیادت اور میئر کراچی بیرسٹر مرتضیٰ وہاب کی عملی کاوشوں پر مشتمل ٹرائیکا کراچی کی ترقی، خوشحالی اور بنیادی مسائل کے حل کا ضامن ہے، پیپلز پارٹی نے کراچی کے حوالے سے محض دعوؤں اور سیاسی نعروں کے بجائے عملی منصوبوں، انفراسٹرکچر کی بہتری اور شہریوں کو براہ راست ریلیف دینے کی سیاست کو فروغ دیا ہے۔ ترجمان میئر کراچی کرم اللہ وقاصی نے کہا کہ آج کراچی میں جو ترقیاتی سرگرمیاں نمایاں طور پر نظر آ رہی ہیں، وہ اس امر کا ثبوت ہیں کہ پیپلز پارٹی کی قیادت کراچی کو ملک کا مضبوط معاشی، تجارتی اور شہری مرکز بنانے کے لیے سنجیدہ اور مسلسل اقدامات کر رہی ہے۔ بیرسٹر مرتضیٰ وہاب کی قیادت میں کراچی میں انفراسٹرکچر، سڑکوں، پلوں، انڈر پاسز، ٹریفک مینجمنٹ، صحت اور شہری سہولیات کے شعبوں میں متعدد اہم منصوبے مکمل یا تکمیل کے مراحل میں ہیں۔

نگاہ ولی کی تاثیر سے تقدیر بدل جاتی ہے، ہزاروں کی تقدیر بدلتی دیکھی

آستانہ عالیہ پر ہر وقت نور کی بہاریں، جمعۃ المبارک کو محفل نعت وذکر اہل بیت اور لنگر حسینی کا وسیع انتظام

بہاولنگر (حامد علی انصاری) نگاہ ولی کی تاثیر سے تقدیر بدل جاتی ہے نگاہ ولی میں وہ تاثیر دیکھی بدلتی ہزاروں کی تقدیر دیکھی میڈیا سے گفتگو کرتے حامد علی انصاری نے کہا سرزمین بہاول نگر کے سلسلہ فیضویہ سیدیہ کے چشموں چراغ حاجی سید پیر محمد گلریز سعید فیضوی آستانہ عالیہ سید پیر حاجی محمد سعید فیضوی الچشتی القادری الحسنی الحسینی رحمت اللہ علیہ اپ کے آستانہ عالیہ پر ہر وقت نور کی بہاریں لگی رہتی ہیں جمعۃ المبارک کے دن بعد از نماز جمعہ آستانہ عالیہ پر محفل نعت۔ وذکر اہل بیت کی محافل باقاعدگی سے منائی جاتی ہے

معروف سوشل میڈیا ایکٹوسٹ ثنا امین اے وی این نیوز کا حصہ بن گئیں

ثنا امین کو کاروباری ترقی، کارپوریٹ کمیونیکیشن، ڈیجیٹل میڈیا، مارکیٹنگ اور پبلک ریلیشنز کے شعبوں میں وسیع تجربہ حاصل ہے



اسلام آباد: معروف سوشل میڈیا ایکٹوسٹ، بزنس کنسلٹنٹ اور متحرک ڈیجیٹل میڈیا شخصیت ثنا امین نے اے وی این نیوز (AVN News) میں بطور ڈائریکٹر نیوز/اینکر اپنی ذمہ داریاں سنبھال لی ہیں۔ اے وی این نیوز کی انتظامیہ نے ثنا امین کی ادارے میں شمولیت کا خیر مقدم کرتے ہوئے امید ظاہر کی ہے کہ وہ اپنی صلاحیتوں، پیشہ ورانہ تجربے، موثر ابلاغ اور متحرک اندازِ صحافت کے ذریعے ادارے کو مزید مضبوط بنانے میں اہم کردار ادا کریں گی۔ ثنا امین کو کاروباری ترقی، کارپوریٹ کمیونیکیشن، ڈیجیٹل میڈیا، مارکیٹنگ اور پبلک ریلیشنز کے شعبوں میں وسیع تجربہ حاصل ہے۔ مختلف کاروباری اور سماجی پلیٹ فارمز سے ان کی وابستگی کے باعث انہیں موثر کمیونیکیشن، عوامی رابطہ کاری اور ڈیجیٹل میڈیا کے شعبے میں بھی نمایاں تجربہ حاصل ہے۔ اے وی این نیوز میں ان کی شمولیت سے نیوز کوریج، اینکرنگ، ڈیجیٹل جرنلزم اور سوشل میڈیا کنٹینٹ کے شعبوں میں مزید بہتری اور وسعت کی توقع کی جا رہی ہے۔ ثنا امین نے اس موقع پر کہا کہ وہ اے وی این نیوز کے پلیٹ فارم سے ذمہ دار، متوازن اور عوامی مفاد پر مبنی صحافت کو فروغ دینے کے لیے اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لائیں گی اور موجودہ ڈیجیٹل دور کے تقاضوں کے مطابق نیوز اور میڈیا کوریج کو مزید موثر بنانے میں اپنا کردار ادا کریں گی۔

ختم نبوت کی قرارداد منظور ہونے کی یاد میں جامعہ محمدیہ رضویہ گلبرگ میں فتح مبین کانفرنس

مقررین نے پاکستان کے نظام عدل کی ناکامی اور قادیانیوں کی مبینہ سازشوں پر تشویش کا اظہار



لاہور (خصوصی نمائندہ) جمعیت علماء پاکستان کے زیر اہتمام جامعہ محمدیہ رضویہ گلبرگ میں قومی اسمبلی سے ختم نبوت کی قرارداد منظور ہونے کی یاد میں "فتح مبین کانفرنس" منعقد ہوئی کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے مقررین نے کہا کہ وطن عزیز کی مشکلات دین سے غفلت اور رسول اکرم ﷺ کے نظام سے دوری کا نتیجہ ہیں۔ پاکستان کا نظام عدل بُری طرح ناکام ہو چکا ہے قادیانی بڑے بڑے عہدوں پر فائز ہو کر اُمت مسلمہ اور پاکستان کے خلاف منظم سازشیں کر رہے ہیں کچھ نام نہاد دانشور اور قائدین اس وطن کے متفقہ آئین کو تبدیل کر کے قادیانیوں کو تحفظ دینے کا ناپاک اور شرمناک خواب دیکھ رہے ہیں۔ رہنماؤں نے کہا کہ پاکستان کے اندرونی و بیرونی دشمن پوری طرح سے متحرک ہیں دن 7 ستمبر کو جہاں قادیانی اُمت کو غیر مسلم قرار دیا گیا وہاں 65ء میں پاکستانی شاہینوں نے دشمن کے خلاف لازوال کردار ادا کرتے ہوئے اپنے سے کئی گناہ دشمن کو شکست فاش سے دوچار کیا۔

نیپرا نے کے الیکٹرک کو غیر اعلانیہ لوڈ شیڈنگ سے روک دیا

بل ادا کرنے والے صارفین کی بجلی چوری یا نادہندگی کی وجہ سے بند نہ کرنے کا حکم، ایک ماہ میں جامع عمل درآمد رپورٹ طلب



اسلام آباد: نیپرا نے کے الیکٹرک غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ سے روک دیا۔ نیپرا نے حکم نامہ عمل درآمد کے لیے سی ای او کے الیکٹرک کو ارسال کر دیا اور ایک ماہ کے اندر کے الیکٹرک سے جامع عمل درآمد رپورٹ طلب کر لی۔ نیپرا نے اپنے حکم میں کہا کسی فیڈر پر چوری یا نادہندگی کی وجہ سے بل ادا کرنے والے صارفین کی بجلی بند نہیں کی جا سکتی۔

ابراہیم حیدری میں کے الیکٹرک کے خلاف خواتین اور علاقہ مکینوں کا دوسرے روز بھی احتجاج


طویل لوڈشیڈنگ اور بھاری بھرکم بجلی کے بلوں کے خلاف دھرنا، بجلی کی بندش ختم اور غریب ماہی گیروں کو ریلیف دینے کا مطالبہ



کراچی (رپورٹ نظیر احمد سندیلو) ابراہیم حیدری میں کے الیکٹرک کے خلاف دوسرے روز بھی خواتین اور علاقہ مکینوں کا احتجاج مظاہرین نے طویل لوڈشیڈنگ اور بھاری بھرکم بجلی کے بلوں کے خلاف دھرنا دیا اور شدید نعرے بازی کی۔ احتجاج کے باعث آنے جانے والی ٹریفک کو بھی مشکلات کا سامنا ٹریفک کی روانی متاثر۔ مظاہرین سے خطاب کرتے ہوئے نسیمہ گبول نے کہا کہ ابراہیم حیدری کے عوام کے ساتھ اگر اسی طرح زیادتی جاری رہی تو وہ کے الیکٹرک کے مین دفتر کے سامنے جا کر دھرنا دینے پر مجبور ہوں گے۔ انہوں نے کے الیکٹرک سے مطالبہ کیا کہ ابراہیم حیدری کے عوام کے ساتھ مبینہ زیادتیاں فوری بند کی جائیں۔

حاجی غلام محمد خان کو وزیر اعلیٰ سندھ کا مشیر بنانے کا مطالبہ


محمد سلیم خیمسانی نے حاجی غلام محمد خان کی اسپورٹس کے لیے لازوال خدمات، دیانت داری اور اصول پسندی کو خراج تحسین پیش کیا



کراچی (نمائندہ خصوصی) سندھ فٹبال ویلفیئر ایسوسیشن کے چیئرمین کراچی کی معروف سیاسی وسماجی شخصیت محمد سلیم خیمسانی نے کہا کہ حاجی غلام محمد خان کی اسپورٹ کی خدمت لازوال ہیں ان کو وزیر اعلی سندھ کا مشیر بنایا جائے اور ان کو اسپورٹ کی گران قدر خدمات پر خراج تحسین پیش کرتا ہوں انہوں نے اپنی زندگی کا تمام تر فوکس اسپورٹ کی خدمت کے لیے وقف کی ہوئی ہے اس بات نے کوئی شک نہیں کہ وہ ایک بے حد ایماندار اور اصول پسند انسان ہیں ان کی دیانت داری کا سب سے بڑا ثبوت یہ ہے کہ ان کے انس میں کوئی بھی کام زیر التوا اپینڈنگ نہیں رہتا کوئی بھی شخص ان کی شفافیت اور پاک دامن پر انگلی نہیں اٹھا سکتا اور ان کے اعلی اخلاق معیار کا منہ بولتا ثبوت ہے ان کی خدمات کا ایک اور بڑا ثبوت کراچی کی تاریخ میں پہلی مرتبہ پریڈ ہوئی سب سے پہلے کمشنر کراچی میں میراتھن ریس حاجی غلام محمد خان کے مشورے اور کاوش سے ہوئی کراچی کے بڑے اسپورٹ پروگرام اور ان کا متحرک کردار رہا ان کی ایسی کاوشوں اور محنت بھی بدولت کافی سپورٹ میدان اباد ہوئے حاجی غلام محمد جس سے فرض شنا پاک دست اور انسان دوشخصیت انتظامیہ کا حقیقی سرمایہ ہے اور ان کی خدمت بلاشبہ قابل ہے تقلید ہے

سحر فاؤنڈیشن کی وحدتِ سندھ مہم، سہیل وڑائچ سے عبدالصمد گاڈت کی ملاقات


سہیل وڑائچ نے سندھ کی وحدت وحفاظت کے جذبے کو قابلِ قدر قرار دیا، سحر فاؤنڈیشن کی سماجی، طبی اور تعلیمی خدمات کو سراہا



کراچی (اسٹاف رپورٹر) سحر فاؤنڈیشن ٹرسٹ کے وائس چیئرمین عبدالصمد گاڈت نے ملک کے نامور مصنف کالم نگار۔ اینکر دانشور سہیل وڑائچ سے ملاقات کی اور انہیں وحدتِ سندھ کی حمایت میں کالم کے ساتھ ساتھ مذاکروں سیمینار اور ٹی وی کے ٹاک شو میں دلائل و براہین سے قانونی آئینی اور جمہوری انداز میں زمینی حقائق کو پیش کرنے اور سحر فاؤنڈیشن کی وحدت سندھ مہم میں خیر مقدمی پیغام دینے پر شکریہ ادا کیا وفد سے گفتگو کرتے ہوئے سہیل وڑائچ نے کہا کہ سندھ کے عوام اپنی دھرتی کو ماں کا درجہ دیتے ہیں اور اسکی نگہداشت اور وحدت وحفاظت کے لیے مرمٹنے کا جذبہ قابل قدر ہیں انہوں نے کہا سندھ دھرتی کے باسیوں کو اپنی تہذیب و تمدن وثقافت و تاریخ سے شعوری طور پر گہری وابستگی قابل دید ہے انہوں نے کہا کہ سحر فاؤنڈیشن کے عہدیداران ورضا کاروں کی طالب علمی کے زمانے سے اور عملی زندگی میں آنے کے بعد بھی سماجی فلاحی طبی اور تعلیمی شعبے میں مخلصانہ اور بے لوث انداز میں خدمات انجام دے رہے ہیں وہ سماجی انقلاب کی نوید ہے

منچن آباد میں مبینہ پولیس مقابلہ، اویس کمہار زخمی حالت میں

زخمی ملزم سے مبینہ اسلحہ برآمد، ڈکیتی اور رابری کی وارداتوں میں ممکنہ کردار کی چھان بین جاری



منچن آباد (تحصیل رپورٹر) منچن آباد: کرائم کنٹرول ڈیپارٹمنٹ (CCD) سرکل منچن آباد کی ٹیم کارات گئے مبینہ طور پر ڈاکوؤں کے ساتھ پولیس مقابلہ ہوا، جس کے نتیجے میں اویس کمہار نامی ایک ڈاکو زخمی حالت میں گرفتار کر لیا گیا۔ ذرائع کے مطابق CCD سرکل منچن آباد کی ٹیم معمول کی کارروائی کے دوران مشتبہ افراد کی گرفتاری کے لیے موجود تھی کہ اس دوران مبینہ ڈاکوؤں سے پولیس کا آمنا سامنا ہو گیا۔ دونوں جانب سے فائرنگ کا تبادلہ ہوا، جس کے نتیجے میں اویس کمہار نامی مبینہ ڈاکو زخمی ہو گیا۔ پولیس نے زخمی ملزم کو گرفتار کر کے طبی امداد کے لیے ہسپتال منتقل کر دیا، جبکہ اس کے قبضے سے مبینہ طور پر اسلحہ بھی برآمد کر لیا گیا۔ پولیس کی جانب سے برآمد ہونے والے اسلحے اور دیگر شواہد کو تحویل میں لے کر مزید تفتیش شروع کر دی گئی ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ گرفتار زخمی ملزم اویس کمہار مبینہ طور پر تحصیل منچن آباد میں ڈکیتی، رابری اور دیگر سنگین وارداتوں میں ملوث رہا ہے، جبکہ پولیس مختلف مقدمات میں اس کے ممکنہ کردار کی بھی چھان بین کر رہی ہے۔ پولیس ذرائع کے مطابق گرفتار ملزم سے مزید تفتیش جاری ہے اور اس کے دیگر ساتھیوں، سابقہ وارداتوں اور ممکنہ جرائم پیشہ نیٹ ورک کے حوالے سے بھی معلومات حاصل کی جا رہی ہیں۔ پولیس کا کہنا ہے کہ علاقے میں جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیاں جاری رہیں گی اور شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کے لیے موثر اقدامات کیے جا رہے ہیں۔

پہلا ڈومیسٹک اوپن والی بال ٹورنامنٹ چک نمبر 14/11 ایل کی ٹیم نے جیت لیا

فائنل میں بھگیلہ کلب 107/7 آر کو شکست، پنجاب بھر سے 8 ٹیموں نے شرکت کی

چیچہ وطنی (ملک شاہویز شاہد) پہلا ڈومیسٹک اوپن والی بال ٹورنامنٹ چک نمبر 14/11 ایل کی ٹیم نے سخت مقابلے کے بعد جیت لیا ٹورنامنٹ چک نمبر 34/12 ایل میں منعقد ہوا جس میں پنجاب بھر سے 8 ٹیموں نے شرکت کی 14/11 ایل کی ٹیم نے پہلے راؤنڈ میں تمام میچز جیت کر سیمی فائنل میں سخت مقابلے کے بعد فائنل کے لیے کوالیفائی کرتے ہوئے فائنل میں بھگیلہ کلب 107/7 آر کو شکست دی 14/11 ایل ٹیم کی جانب سے شانی طلحہ تبسم بب حسن کھچی فاروق فاروقی

سیالکوٹ میں بزم دوستان ادب کے زیر اہتمام عظیم الشان نعتیہ مشاعرہ

اقبال احمد ساجد کی صدارت، شعراء وشاعرات نے حضور پاک ﷺ کی بارگاہ میں گلہائے عقیدت نچھاور کیے، لنگر مصطفوی تقسیم کیا گیا



رہورٹ: سید زاہد بخاری ربیع الاول حضور پاک کی ولادت باسعادت کا مہینہ ہے جس میں اہل ایمان حضور پاک کی یاد میں خصوصی محافل کا انعقاد کرتے ہیں۔ روحانی محافل کے انعقاد سے فرزندان توحید کا نہ صرف ایمان تازہ ہوتا ہے بلکہ قلمکاروں کے ذوق سخن کو بھی مہمیز ملتی ہے حسب روایت" بزم دوستان ادب سیالکوٹ" نے بروز سوموار مورخہ 7 ستمبر 2026ء کو گورنمنٹ جناح اسلامیہ گریجویٹ کالج میں ایک عظیم الشان نعتیہ مشاعرہ کا اہتمام کیا۔ جس کی صدارت بزرگ شاعر اور معروف نعت گو اقبال احمد ساجد نے کی جبکہ مہمانان خصوصی میں اعجاز حسین اعزائی، مقبول احمد شاکر اور اختر چیمہ شامل تھے۔ تقریب کے میزبان سید زاہد بخاری، عبدالرزاق خاکی، زبیر خیالی اور تجمل حسین تجمل تھے۔ نظامت کے فرائض پروفیسر سید ضمیر حیدر نقوی نے بطریق احسن انجام دیے۔

کرم داد قریشی میں پاک انٹرنیشنل میڈیا الائنس کی شاندار حلف برداری تقریب

حاجی عبدالقیوم جٹ کھوکھر ضلعی چیئرمین اور علمدار حسین لودھرا چیئرمین ڈویژن ڈی جی خان مقرر



مظفرگڑھ (رپورٹ: رانا رضوان احمد) کرم داد قریشی میں انمول پریس کلب کے زیر اہتمام پاک انٹرنیشنل میڈیا الائنس (رجسٹرڈ) کی شاندار اور پروقار حلف برداری تقریب منعقد ہوئی، جس میں صحافی برادری، سیاسی وسماجی شخصیات، معززین علاقہ اور میڈیا سے وابستہ نمائندگان نے بھرپور شرکت کی۔ تقریب میں صحافیوں کے حقوق کے تحفظ، صحافتی اتحاد کے فروغ، عوامی مسائل کو اجاگر کرنے اور مثبت و ذمہ دارانہ صحافت کے ذریعے معاشرے میں بہتری لانے کے عزم کا اظہار کیا گیا۔ تقریب میں مولانا سید عبدالمعبود آزاد شاہ، امیدوار ایم پی اے ملک راشد ندیم کھلنگ اور میڈیا ہاؤس شریف چھجڑہ کے معززاراکین سمیت بانی شیخ محمد طاہر چھجڑہ، ڈاکٹر محمد ابراہیم چھجڑہ، ملک صفدر عباس چندر، رانا شمشاد علی اور دیگر صحافیوں و معززین نے شرکت کی۔ تقریب کے اہم مرحلے میں سید حفیظ سبزواری نے پاک انٹرنیشنل میڈیا الائنس کے نو منتخب عہدیداران سے حلف لیا۔

سنی ایونیو میں پانی کی انتہائی ناقص فراہمی، مکینوں کا فوری نوٹس لینے کا مطالبہ

بعض اوقات ماہ میں صرف ایک مرتبہ پانی کی فراہمی، آلودہ پانی اور مہنگے واٹر ٹینکرز سے شہری پریشان




کراچی (اسٹاف رپورٹ) کراچی کے معروف جرنلسٹ جاوید صدیقی نے کہا ہے کہ سنی ایونیو کے مکینوں نے وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ، وزیر بلدیات سید ناصر حسین شاہ، میئر کراچی بیرسٹر مرتضیٰ وہاب اور چیئرمین یوسی نارتھ ناظم آباد عاطف خان سے فوری نوٹس لینے کی اپیل کی ہے۔ سنی ایونیو، سیکٹر B-14، شادمان ٹاؤن نمبر 2 کے مکینوں نے پانی کی انتہائی ناقص فراہمی پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ علاقے کو ہفتے میں کم از کم دو دن باقاعدہ اور صاف پانی فراہم کیا جائے۔ مکینوں کے مطابق تقریباً 18 سال قبل ناگن چورنگی تا انڈہ موڑ کے علاقے میں واقع سنی ایونیو کو روزانہ کی بنیاد پر پانی فراہم کیا جاتا تھا، تاہم گزشتہ 18، 19 برسوں کے دوران صورتحال بتدریج خراب ہوتی گئی اور اب بعض اوقات ماہ میں صرف ایک مرتبہ پانی کی فراہمی تک محدود ہو چکی ہے۔ مکینوں کا کہنا ہے کہ کئی مرتبہ فراہم کیا جانے والا پانی گدلا اور سیوریج کے پانی سے آلودہ ہوتا ہے

کراچی میں 6 ستمبر کے حوالے سے ڈیفنڈر آف مارخور آرگنائزیشن کی تاریخ ساز تقریب

ڈاکٹر ذاکر حسین عادل کی خصوصی شرکت، ڈی ایم او کے عہدیداران، اساتذہ، طلبہ وطالبات اور مختلف مکاتبِ فکر کی شخصیات کی بھرپور شرکت





کراچی (وحید منظر) پاکستان کے تاریخی دن 6 ستمبر کے حوالے سے ڈیفنڈر آف مارخور آرگنائزیشن (DMO) رجسٹرڈ کے زیر اہتمام نارتھ کراچی پال میں تاریخ ساز تقریب منعقد ہوئی۔ اس موقع پر اقوام متحدہ والینٹرز چیپٹر کے فروغ میں اہم کردار ادا کرنے والی پاکستان کی مایہ ناز اور عالمی شہرت یافتہ شخصیت، انٹرنیشنل والینٹرز ایسوسی ایشن (IVA) کے ایگزیکٹو ممبر ورلڈ اور سینئر پیٹرن ایشیا محترم ڈاکٹر ذاکر حسین عادل کا شاندار استقبال کیا گیا۔ انہیں اجرک اور ہار پہنائے گئے جبکہ پھولوں کی پتیاں نچھاور کی گئیں۔ محترم ڈاکٹر ذاکر حسین عادل کے ہمراہ سید سعد عقیل، سید صہیب احمد، محمد مشارب شیخ اور دیگر بھی موجود تھے۔ بعد ازاں محترم ڈاکٹر ذاکر حسین عادل کی زیر سرپرستی اور صدارت میں باضابطہ تقریب کا آغاز کیا گیا۔ تقریب کے مہمان خصوصی ڈی ایم او کے چیئرمین اور منتظم اعلیٰ محسن الحق تھے۔ تقریب میں ڈی ایم او سے وابستہ کراچی اور بدین کے عہدیداران، اسکولوں کے اساتذہ، طلبہ و طالبات، ان کے والدین اور مختلف مکاتبِ فکر سے تعلق رکھنے والی شخصیات نے شرکت کی۔ اس موقع پر تاثرات پیش کرتے ہوئے مہمان خصوصی محسن الحق، ڈی ایم او کے عہدیداران اور دیگر مہمانان نے کہا کہ آج کی تقریب میں محترم ڈاکٹر ذاکر حسین عادل کی آمد ہم سب کے لیے ایک بین الاقوامی اعزاز ہے۔ انہوں نے اقوام متحدہ کے والینٹرز چیپٹر، پیس کلچر چیپٹر اور ہیومن رائٹس چیپٹر کے ایکٹ اور آرٹیکلز کے فروغ کے لیے جس منفرد اور موثر انداز سے کام کیا اور کر رہے ہیں، اس کی پذیرائی پاکستان سمیت ایشیا اور پوری دنیا میں ہو رہی ہے اور ایک عرصے سے اس کا اعتراف بھی کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس سے نہ صرف پاکستان کا وقار بلند ہوا ہے بلکہ انسانیت کی فلاح و بقا اور سماجی و معاشی شعبوں سے وابستہ اداروں اور شخصیات کو ملکی و عالمی سطح پر ممکنہ استفادے کے مواقع اور اپنے کام کو آگے بڑھانے کا شعور بھی حاصل ہوا ہے۔

چوک اعظم میں پانچویں سالانہ آل پارٹیز تحفظ ختم نبوت ریلی کا انعقاد

ضلع بھر سے عاشقانِ ختم نبوت کی بڑی تعداد میں شرکت، عقیدہ ختم نبوت کے تحفظ اور امت مسلمہ کے اتحاد کے لیے خصوصی دعا



چوک اعظم (نمائندہ خصوصی) عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت چوک اعظم کے زیر اہتمام پانچویں سالانہ آل پارٹیز تحفظ ختم نبوت ریلی انتہائی جوش و خروش اور مذہبی جذبے کے ساتھ منعقد ہوئی، جس میں ضلع بھر کے مختلف علاقوں سے آنے والے عاشقانِ ختم نبوت کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ شہر میں داخل ہونے والے قافلوں اور مرکزی ریلی کے باعث چوک اعظم کی فضا ایمان افروز نعروں سے گونجتی رہی۔ ریلی کی تیاریوں کے سلسلے میں ضلع بھر کے مختلف مقامات پر استقبالیہ و آگاہی کیمپ قائم کیے گئے، جہاں دن بھر ختم نبوت کا لٹریچر تقسیم کیا جاتا رہا جبکہ ختم نبوت کے ترانوں اور نعروں سے ماحول میں مذہبی جوش و جذبہ نمایاں رہا۔ ہیرا اڈا، بھاگل، چوک اعظم سٹی، موسیٰ مائنز، کوٹ مراد، نیازی آباد، کوٹ ربانی، رفیق آباد، صابر آباد، کھبی نہر، اعوان آباد اور گولا اڈا سمیت متعدد مقامات پر قائم کیمپ خصوصی توجہ کا مرکز رہے۔ ملتان روڈ، فیصل آباد روڈ، فتح پور روڈ اور لیہ روڈ سمیت ضلع کے مختلف اہم راستوں سے بڑے بڑے قافلے ریلیوں کی شکل میں چوک اعظم پہنچے اور مرکزی جلوس میں شامل ہوتے گئے۔ شرکاء کی جانب سے ختم نبوت زندہ باد اور تاج و تخت ختم نبوت زندہ باد کے ایمان افروز نعروں سے فضا گونجتی رہی۔

اسکیم 33 کراچی میں یوم دفاعِ پاکستان کے سلسلے میں شاندار تقریب

شہداء کو خراجِ عقیدت، ملکی سلامتی واستحکام کے لیے پاک فوج میں شمولیت کی ترغیب، وطن کی سلامتی وترقی کے لیے دعائیں



کراچی (پ ر) 6 ستمبر کے تاریخی اور باوقار دن کی مناسبت سے روک کو آپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی اسکیم 33 کراچی کے زیر اہتمام یوم دفاعِ پاکستان کے سلسلے میں ایک نہایت شاندار، پروقار اور رنگا رنگ تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ تقریب میں علاقے کی جلیل القدر سماجی، سیاسی، صحافتی اور میڈیا کی نامور شخصیات کے ساتھ ساتھ مسلح افواج کے اعلیٰ افسران اور شہریوں کی کثیر تعداد نے جوش و جذبے کے ساتھ شرکت کی۔ تقریب سے اپنے جذباتی اور فکر انگیز خطاب میں علاقے کے چیئرمین لالا رحیم نے یوم دفاع کی تاریخ اور قومی یکجہتی پر تفصیلی روشنی ڈالی۔ میجر وسیم صدیقی نے 1965ء کی معرکہ آرائی میں وطنِ عزیز کی خاطر جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے جری شہداء کو دربارِ شجاعت میں خراجِ عقیدت وتحسین پیش کیا

جیل کوارٹرز خود ساختہ محلہ کمیٹی کی غنڈا گردی معزز روحانی شخصیت سائیں اقبال صابر شاہ ان کی فیملی اور مریدین کو جان کا شدید خطرہ

خود ساختہ محلہ کمیٹی کے شرپسند عناصر کا صرف اور صرف آستانہ فیضان افضل کی ساکھ اور پیر اقبال صابر شاہ کو نقصان پہنچانا ہے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) جیل کوارٹرز جمشید روڈ نمبر تین کے علاقے میں آستانہ فیضان افضل 1996 سے قائم ہے یہ ایک روحانی سلسلہ ہے جو حضرت سلطان حق باہو رحمۃ اللہ علیہ کے دربار سے منسلک اس کے بانی لجپال سائیں اقبال صابر شاہ عرصہ 30 سال سے اس آستانے میں ہر جمعے ذکر اللہ اور ذکر رسول ﷺ کی محفل منعقد کراتے ہیں اور بعد دعا لنگر عام ہوتا ہے اور آخر میں شہدا افواج، شہدائے رینجرز، پولیس اور محب وطن ایجنسیوں کے شہداؤں علاقے کی عوام اور وطن کی سربلندی کے لیے خصوصی دعا کروائی جاتی ہے اور یہ محفل فیس بک پر لائف دکھائی جاتی ہے میڈیا نمائندگان سے گفتگو کرتے ہوئے راؤ خالد، مقصود سلطانی، سید عزیر سلطانی، انیس بلوچ سلطانی و دیگر نے کہا کہ ہمارے پیرو مرشد سائیں اقبال صابر شاہ، علاقے کی معزز اور روحانی شخصیت ہیں سینکڑوں لوگ ان کے دست بیعت ہیں، ملک اور ملک کے باہر کئی مرید ہیں، کئی لوگوں نے ان کے ہاتھ پر دائرہ اسلام میں داخل بھی ہوئے ہیں عرصہ ایک سال پہلے اسی علاقے کے کچھ شر پسند لڑکوں نے خود ساختہ محلہ کمیٹی بنائی جس کا مقصد صرف اور صرف آستانہ فیضان افضل، کی ساکھ اور روحانی شخصیت سائیں اقبال صابر شاہ کو نقصان پہنچانا ہے اور آستانے سے منسلک ہر شخص کو نقصان پہنچانا ہے، آٹھ اگست 2025 کو ان افراد نے آستانے کی کچھ املاک کو نقصان پہنچایا، اور خود ساختہ انکروچمنٹ کا کام کیا توڑ پھوڑ کی جس کو محلے کے امن وامان کو برقرار رکھنے کی وجہ سے درگزر کر دیا گیا

قانون کی حکمرانی اور عدلیہ کی آزادی کے عنوان سے سندھ ہائی کورٹ بار کا اہم کنونشن

ملک بھر سے سینئر وکلاء، ججز اور سول سوسائٹی کے نمائندوں کی شرکت، قانون کی بالادستی اور آئین کے تحفظ پر زور



کراچی (نمائندہ خصوصی (سندھ ہائی کورٹ بار ایسوسی ایشن (SHCBA) کے زیر اہتمام آج ایک انتہائی اہم اور باوقار کنونشن کا انعقاد کیا گیا جس کا عنوان قانون کی حکمرانی اور عدلیہ کی آزادی" (Convention on Rule of Law and Independence of Judiciary) تھا۔ اس تاریخی کنونشن میں ملک بھر سے سینئر وکلاء، ججز اور سول سوسائٹی کے نمائندوں نے شرکت کی۔ اس تقریب کی خاص بات اہم شخصیات کی شرکت تھی، جن میں: جناب سہیل آفریدی، وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا جناب سید سیف الدین، چیئرمین ایس ایس یو فاؤنڈیشن جناب شعیب صدیقی، رہنما SBRL شامل تھے۔ تقریب میں ملک میں قانون کی بالادستی، آئین کے تحفظ اور عدلیہ کی آزادی کو درپیش چیلنجز پر تفصیلی گفتگو کی گئی۔ مقررین نے زور دیا کہ ایک جمہوری اور مستحکم پاکستان کے لیے قانون کا یکساں اطلاق اور غیر جانبدار عدلیہ کا ہونا ناگزیر ہے۔ وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی نے اس موقع پر وکلاء برادری کے کردار کو سراہا اور عدلیہ کی آزادی کے لیے اپنی حکومت کے عزم کا اعادہ کیا۔

27 ستمبر کو عوام نفرت کی سیاست کو مسترد کر دیں گے، ملک ظہیر اقبال

بہاولپور کی دھرتی محبت، بھائی چارے اور رواداری کی دھرتی ہے، 17 ارب روپے کا میگا پراجیکٹ بہاولپور لایا جا رہا ہے



بہاولپور (بیورو رپورٹ) پیپلز پارٹی سیکرٹریٹ میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے مسلم لیگ (ن) کے رہنما ملک ظہیر اقبال چنڑ نے کہا ہے کہ بہاولپور کی دھرتی محبت، بھائی چارے اور رواداری کی دھرتی ہے، یہاں نفرت پھیلانے والوں کو عوام نے ہمیشہ مسترد کیا ہے اور 27 ستمبر کو بھی عوام نفرت کی سیاست کو مسترد کر دیں گے۔ ملک ظہیر اقبال چنڑ نے کہا کہ وہ پاکستان پیپلز پارٹی کی قیادت کے شکر گزار ہیں جنہوں نے ضمنی الیکشن میں ملک منیر اقبال چنڑ کی حمایت کا اعلان کیا۔ انہوں نے کہا کہ اس سے قبل بھی انتخابات ہوتے رہے ہیں لیکن کبھی ایسا ماحول پیدا نہیں ہوا، جیسا آج پیدا کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ بہاولپور کے عوام بخوبی جانتے ہیں کہ شہر کے پرامن اور محبت بھرے ماحول کو کون خراب کرنے کی کوشش کر رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ چوہدری طارق بشیر چیمہ ہمارے بڑے ہیں اور ہم ان کی عزت کرتے ہیں، تاہم جس انداز میں بہاولپور کی محبت، احترام اور روایات کو پامال کیا گیا، وہ قابلِ افسوس ہے۔

گورنمنٹ فاطمہ جناح ایسوسی ایٹ کالج برائے خواتین چک 103 ون ایل میں یوم دفاع کی پروقار تقریب

طالبات نے ملی نغموں، تقاریر اور شمعیں روشن کر کے شہداء کو خراجِ تحسین پیش کیا



رپورٹ (شفیق احمد مغل) رحیم یار خان گورنمنٹ فاطمہ جناح ایسوسی ایٹ کالج برائے خواتین چک 103 ون ایل میں 6 ستمبر یوم دفاع پاکستان کے حوالے سے پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا، جس کے مہمانِ خصوصی اسسٹنٹ کمشنر خان پور محمد افضل سکھیرا تھے۔ تقریب میں کالج کی پرنسپل محترمہ عظمیٰ ناز، اساتذہ اور طالبات نے شرکت کی۔ اس موقع پر پرنسپل محترمہ عظمیٰ ناز نے مہمانِ خصوصی کو کالج کے تعلیمی و انتظامی امور، طالبات کی تعلیمی کارکردگی اور یوم دفاع کی مناسبت سے منعقدہ سرگرمیوں کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے مقررین نے 6 ستمبر 1965ء کی جنگ میں پاک افواج کی بہادری، قربانیوں اور قومی یکجہتی کو خراج تحسین پیش کیا اور کہا کہ شہداء و غازیوں کی لازوال قربانیاں قوم کے لیے مشعلِ راہ ہیں۔ طالبات نے ملی نغموں، تقاریر اور دیگر پروگرامز کے ذریعے وطن سے محبت اور قومی جذبے کا اظہار کیا، جبکہ شہداء کی عظیم قربانیوں کو خراج تحسین پیش کرنے کے لیے شمعیں بھی روشن کی گئیں۔ تقریب کے اختتام پر ملکی سلامتی، استحکام اور ترقی کے لیے خصوصی دعا کی گئی۔

حیسکو رضوی سب ڈویژن کا گرینڈ آپریشن، درجنوں غیر قانونی کنڈا کنکشن منقطع

لطیف آباد نمبر 12، بچ نمبر 11 اور ملحقہ علاقوں میں کارروائی، غیر قانونی تاریں ضبط



حیدرآباد (بیورو رپورٹ فیصل خان) حیسکو رضوی سب ڈویژن کا گرینڈ آپریشن، درجنوں غیر قانونی کنڈا کنکشن منقطع، تاریں ضبط ایس ای سرکل ون عقیل نور میمن کی سربراہی میں بجلی چوری کے خلاف کارروائیوں کا سلسلہ جاری ایکسین لطیف آباد ون وحید بریڑو کی سرپرستی میں ایس ڈی او رضوی سب ڈویژن اسماعیل بھٹی کی نگرانی میں لطیف آباد نمبر 12، بچ نمبر 11 اور ملحقہ علاقوں میں گرینڈ آپریشن کیا گیا کارروائی میں لائن سپرنٹنڈنٹ ڈاہر ملک، لائن فیلڈ اسٹاف اور ڈی ایس یو (DSU) ٹیم نے بھرپور حصہ لیا ٹیم نے مختلف مقامات پر بجلی کے پولز، ٹرانسفارمرز اور مین لائنوں کا تفصیلی معائنہ بھی کیا تاکہ مستقبل میں کسی بھی غیر قانونی کنکشن کی بروقت نشاندہی کر کے بجلی چوری کی موثر روک تھام کو یقینی بنایا جا سکے بجلی چوری کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں جاری رہیں گی اور قومی خزانے کو نقصان پہنچانے والے عناصر کے ساتھ کسی قسم کی رعایت نہیں برتی جائے گی عوام سے بھی اپیل کی گئی ہے کہ بجلی چوری کی حوصلہ شکنی کریں اور کسی بھی غیر قانونی کنکشن یا کنڈا سسٹم کی اطلاع فوری طور پر حیسکو کو دیں تاکہ شفاف، محفوظ اور بہتر بجلی کی فراہمی کو یقینی بنایا جا سکے

پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے سے عوام کی زندگی اجیرن، محمد خالد

گزشتہ 3 ماہ میں پیٹرول ڈیزل کی قیمتوں میں 100 سے 150 روپے فی لیٹر اضافہ، قیمتیں کم کرنے کا مطالبہ



حیدرآباد (بیورو رپورٹ فیصل خان) حکومت نے روزانہ پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ کر کے عوام کی زندگی اجیرن کر دی بجلی کی قیمتوں اور پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کی شدید مذمت۔ محمد خالد قادر بصیرت کی بات یہ ہے کہ جن ممالک میں جنگ ہے وہاں پٹرول سستا ہے پاکستان میں جو تیل نکلتا ہے۔ سعودی عرب سے کم نرخوں پر ملتا ہے۔ اس کا کیا مہنگائی بیروزگاری اور امن وامان کی صورتحال نے عوام کا جینا دوبھر کر دیا ہے۔ مہنگائی کا طوفان امڈ آیا ہے۔ مگر حکمران اپنا اقتدار بچانے اور اپوزیشن اقتدار حاصل کرنے کی جدوجہد میں مصروف ہے۔ ان خیالات کا اظہار پاکستان سنی تحریک کے سینئر مرکزی نائب صدر محمد خالد قادری نے لطیف آباد 11-12 پکا قلعہ اور سرفراز کالونی کے دورے کے موقع پر معززین اور عوام سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر رئیس احمد شیخ، حافظ محمد اسماعیل، محمد حارث خان، نعمان مغل، محمد کامران عطاری و دیگر معززین بھی موجود تھے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت نے روزانہ پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ کر کے عوام کی زندگی اجیرن کر دی ہے۔ آئے دن بجلی، گیس اور پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کی شدید مذمت کرتے ہیں۔

ایف آئی اے سکھر زون کی کارروائی، 4 کروڑ 42 لاکھ کے لون فراڈ میں 3 مفرور گرفتار

شکارپور برانچ میں 130 مبینہ جعلی قرضہ کیسز، بینک کو 20.44 ملین روپے کا نقصان



حیدرآباد (بیورو رپورٹ فیصل خان) ایف آئی اے سکھر زون کی بڑی کارروائی، 4 کروڑ 42 لاکھ روپے کے مائیکروفنانس بینک لون فراڈ کیس میں 3 مفرور ملزمان گرفتار ایف آئی اے سکھر زون کی جانب سے مالی فراڈ اور بینکنگ سیکٹر میں مبینہ بے ضابطگیوں کے خلاف کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے، ایف آئی اے کمپوزٹ سرکل لاڑکانہ نے بالان مائیکروفنانس بینک لمیٹڈ کی شکارپور برانچ میں تقریباً 4 کروڑ 42 لاکھ روپے کے مبینہ لون فراڈ کے مقدمے میں مطلوب تین مفرور ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ ایف آئی اے حکام کے مطابق گرفتار ملزمان میں عبدالرحمان، محمد مزمل اور فیصل نبی شامل ہیں، جنہیں 7 ستمبر 2026 کو کارروائی کرتے ہوئے گرفتار کیا گیا۔ گرفتار ملزمان مذکورہ مالی فراڈ کیس میں ایف آئی اے کو مطلوب تھے اور گرفتاری سے قبل مفرور قرار دیے گئے تھے حکام کے مطابق کیس کی تحقیقات کے دوران یہ بات سامنے آئی کہ بالان مائیکروفنانس بینک لمیٹڈ کی شکارپور برانچ میں مبینہ طور پر 130 قرضہ کیسز ایسے کاروباری پروفائلز کی بنیاد پر پراسیس کیے

عقیدۂ ختمِ نبوت مسلمانوں کے بنیادی عقائد میں شامل ہے۔ خضر معاذ

تحفظِ ختمِ نبوت کے تاریخی دن کی مناسبت سے میرپورخاص یوتھ اینڈ سٹیزن فورم کی خصوصی نشست



میرپورخاص (رپورٹ/محمد اسماعیل خلجی) میرپورخاص یوتھ اینڈ سٹیزن فورم کی جانب سے تحفظِ ختمِ نبوت کے تاریخی دن 7 ستمبر کی مناسبت سے ایک خصوصی نشست کا اہتمام کیا گیا۔ جس میں فورم کے اراکین نے بھرپور شرکت کی۔ خصوصی نشست سے خطاب کرتے ہوئے میرپورخاص یوتھ اینڈ سٹیزن فورم کے خضر معاذ، معیز احمد، سلیمان شیخ، اسامہ شیخ، ناصر اقبال، ذویب فاروقی اور دیگر اراکین نے کہا کہ عقیدۂ ختمِ نبوت مسلمانوں کے بنیادی عقائد میں شامل ہے اور ہر مسلمان کے ایمان کا لازمی حصہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ اللہ تعالیٰ کے آخری نبی اور رسول ہیں اور عقیدۂ ختمِ نبوت کا تحفظ ہر مسلمان کی دینی و ملی ذمہ داری ہے۔ اراکین نے کہا کہ 7 ستمبر 1974ء پاکستان کی تاریخ کا ایک اہم اور تاریخی دن ہے، جب پاکستان کی پارلیمنٹ نے آئینی طور پر احمدی جماعت کو غیر مسلم اقلیت قرار دیا۔ اس تاریخی آئینی اقدام کے وقت وزیر اعظم شہید ذوالفقار علی بھٹو کا اہم کردار تھا۔ فورم کے اراکین نے شہید ذوالفقار علی بھٹو کو خراجِ عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ تحفظِ ختمِ نبوت کے حوالے سے 7 ستمبر کا تاریخی آئینی فیصلہ پاکستان کی تاریخ میں ہمیشہ ایک اہم سنگِ میل کے طور پر یاد رکھا جائے گا۔ مقررین نے مزید کہا کہ نوجوان نسل کو عقیدۂ ختمِ نبوت، سیرتِ طیبہ ﷺ اور اسلامی اقدار سے روشناس کرانے کے ساتھ ساتھ آئین و قانون کی پاسداری، اتحاد، رواداری اور پُرامن معاشرے کے فروغ کے لیے اپنا مثبت کردار ادا کرنا چاہیے۔ خصوصی نشست کے اختتام پر ملک و قوم کی سلامتی، ترقی، خوشحالی اور امتِ مسلمہ کے اتحاد کے لیے خصوصی دعا بھی کی گئی۔